س :۔ معیشت کی بحالی تیز کرنے کے لیے پاکستان بزنس کونسل کب بنائی گئی ؟

ج :۔ ۲۸جون

س :۔ سعیدالزمان صدیقی نے سپریم کورٹ کے نئے چیف جسٹس کا حلف کب اٹھایا؟

ج :۔ یکم جولائی

س :۔ نواز شریف کلنٹن سے مذاکرات کے لیے امریکہ کب روانہ ہوئے ؟

ج :۔ ۳جولائی

س :۔ نواز شریف اور کلنٹن کے درمیان کارگل سے فوجوں کی واپسی کا معاہدہ کب ہوا؟

ج :۔ ۴جولائی

س:- کھیوڑہ سالٹ پراجیکٹ نے نمک کی پیداوار کا سالانہ ریکارڈ کیا قائم کیا؟

ج:- ۲لاکھ ۱۷ہزار ٹن نمک ۹۹-۱۹۹۸ء میں۔

س:- گوجرانوالہ میں ایک ہی گھر کے ۸ افراد کب ذبح ہوئے؟

ج:- ۱۰جولائی ۱۹۹۹ء میں۔

س:- بینکوں کی انعامی سکیموں پر کب پابندی لگائی گئی؟

ج:- ۱۰جولائی۔

س:- نئی تجارتی پالیسی کے تحت برآمدی صنعتوں کے لیے ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں میں چھوٹ کا اعلان کب ہوا؟

ج:- ۱۴جولائی۔

س:- پیپلز آرمی بنانے اور تعلیمی اداروں میں فوجی تربیت دینے کا اعلان کب ہوا؟

ج:- ۱۹جولائی۔

س:- پاکستان میں چوکیداری نظام بحال کرنے کا فیصلہ کب ہوا؟

ج:- ۲۳جولائی۔

س:- جماعت اسلامی نے کارگل کشمیر مارچ کب کیا؟

ج:- ۲۵جولائی۔

س:- تعمیر وطن پروگرام کے لیے کتنی رقم رکھی گئی؟

ج:- ۱۹ارب۔

س:- آئین میں ۱۶ویں ترمیم کر کے کوٹہ سسٹم میں ۲۰ سال کی توسیع کب ہوئی؟

ج:- ۲۷جولائی۔

س:- لندن کلب پاکستان کے قرضے ری شیڈول کرنے پر کب رضامند ہوئی؟

ج:- ۲۹جولائی۔

س:- معروف ادیب مرزا ادیب نے کب انتقال کیا؟

ج:- ۳۱جولائی۔

س:- نامور گلوکار اخلاق احمد کا لندن میں کب انتقال ہوا؟

ج:- ۱۴اگست۔

س:- شکاری ٹینک "الخالد" کی چین کے تعاون سے پیداوار کب شروع ہوئی؟

س:- ۱۸اگست۔

س:- بھارت نے پاکستانی بحریہ کا طیارہ کب مار گرایا؟

ج :۔ ۱۰ اگست

س :۔ پاکستان میں سورج گرہن کب لگا؟

ج :۔ ۱۱ اگست

نواز شریف نے ایشیاء کے سب سے بڑے رہائشی منصوبہ کا افتتاح کب کیا؟

۱۲ اگست

س :۔ کیپٹن کرنل شیر خان شہید اور حوالدار لالک جان شہید کو نشان حیدر کب دیا گیا؟

ج :۔ ۱۴ اگست

س :۔ ذوالفقار کھوسہ پنجاب کے افضل آغا بلوچستان کے اور میاں گل اورنگ زیب سرحد کے گورنر کب بنائے گئے؟

ج :۔ ۱۷ اگست

س :۔ پاکستان نے نیوٹران بم کی صلاحیت حاصل کرنے کا اعلان کب کیا؟

ج :۔ ۱۸ اگست

س :۔ پاکستان نے ایٹمی اسلحہ کی تیاری جاری رکھنے کا اعلان کب کیا؟

ج :۔ ۲۵ اگست

س :۔ ہسپتالوں بینکوں اور تعلیمی اداروں پر تین ارب روپے کے نئے ٹیکس کب لگائے گئے؟

ج :۔ ۲۶ اگست

س :۔ تجارت کے لیے اسلامی بینک نے اضافہ کا اعلان کب کیا؟

ج :۔ ۲۶ اگست

س :۔ پاکستان نے بھارت سے طیارے کی تباہی پر ۶ کروڑ ڈالر ہرجانہ کا مطالبہ کب کیا؟

ج :۔ ۳۰ اگست

س :۔ ڈش انٹینا اور وی۔ سی۔ آر پر لائسنس فیس کب ختم کی گئی؟

ج :۔ ۳۱ اگست

س :۔ ڈبل سواری پر پابندی کب ختم ہوئی؟

ج :۔ ۳۱ اگست

س :۔ تاجروں کی رضامندی سے ٹیکسوں کا نیا نظام لانے کا اعلان کب ہوا؟

ج :۔ ۲ ستمبر

س :۔ ۷۸ ایمار صنعتی یونٹ کب بحال کیے گئے؟

ج :۔ ۳ ستمبر

س :۔ جنرل سیلز ٹیکس کے خلاف تحریک چلانے کا اعلان کب کیا؟

ج :۔ ۴ ستمبر

س :۔ فرانس نے اگوسٹا آبدوز پاکستان کے حوالے کب کی؟

ج :۔ ۶ ستمبر

س :۔ اپوزیشن نے حکومت کے خلاف تحریک چلانے کا اعلان کب کیا؟

ج :۔ ۷ ستمبر

س :۔ پرچون پر جنرل سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس ختم کرنے کا اعلان کب ہوا؟

ج :۔ ۸ ستمبر

س :۔ ریٹائرڈ جنرل چشتی نے ریٹائرڈ فوجیوں کی سیاسی تنظیم "تحریک تعمیر پاکستان" کب قائم کی؟

ج :۔ ۱۳ ستمبر

س :۔ متحدہ اپوزیشن کی گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس کب بنی؟

ج :۔ ۱۴ ستمبر

س :۔ متحدہ اپوزیشن نے ۹ نکاتی متفقہ ایجنڈا کب جاری کیا؟

ج :۔ ۱۹ ستمبر

س :۔ پاک بحریہ کے اٹلانٹک طیارے کی تباہی پر پاکستان نے بھارت کے خلاف عالمی عدالت انصاف میں مقدمہ کب دائر کیا؟

ج :۔ ۲۱ ستمبر

س :۔ امریکی صدر نے پاکستان اور بھارت کے خلاف ۳۰ اکتوبر تک پابندیاں کب اٹھائیں؟

ج :۔ ۲۲ ستمبر

س :۔ گندم کی امدادی قیمت میں فی چالیس کلوگرام اضافہ کب ہوا؟

ج :۔ ۲۲ ستمبر

س :۔ موجودہ پرائز بانڈ ختم کرنے کا اعلان کب ہوا؟

ج :۔ ۲۳ ستمبر

س :۔ جنرل پرویز مشرف کو جائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کے چیئرمین کے حیثیت سے ۱۶ اکتوبر ۲۰۰۱ء تک توسیع کب دی گئی؟

ج :۔ ۲۹ ستمبر

س :۔ چینی میزائلوں سے لیس جنگی جہاز پی۔این۔ایس شجاعت بحریہ کے حوالے کب کیا گیا؟

ج :۔ ۳۰ ستمبر

س :۔ بزرگ شہریوں کے لیے رعایات کا اعلان کب ہوا؟

ج :۔ یکم اکتوبر

س :۔ پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل فصیح بخاری قبل از وقت کب ریٹائر ہوئے ان کی جگہ نیا سربراہ کسے بنایا گیا؟

ج :۔ ۱۲ اکتوبر۔پاک بحریہ کے نئے سربراہ ایڈمرل عبدالعزیز مرزا مقرر ہوئے

س :۔ شمالی علاقوں کی کونسل کو قانون ساز ادارہ بنانے کا اعلان کب ہوا؟

ج :۔ ۱۳ اکتوبر

س :۔ جموں و کشمیر لبریشن فرنٹ کو کنٹرول لائن پار کرنے سے کب روکا گیا؟

ج :۔ ۱۴ اکتوبر

س :۔ آٹھویں سیف گیمز میں پاکستان کتنے نمبر پر رہا؟

ج :۔ چوتھے پاکستان نے ۱۱ سونے ۳۶ چاندی اور ۶۲ کانسی کے تمغے جیتے

س :۔ نواز حکومت کو برطرف کر کے آرمی چیف جنرل پرویز مشرف نے کنٹرول کب سنبھالا؟

ج :۔ ۱۲ اکتوبر

س :۔ ملک بھر میں ہنگامی حالات کا اعلان کر کے آئین کب معطل کیا گیا؟

ج :۔ ۱۳ اکتوبر۔جنرل پرویز مشرف نے چیف ایگزیکٹو کا عہدہ سنبھال لیا

س :۔ نواز شریف اور بے نظیر سمیت ۱۵۰۰ اہم شخصیات کے تمام اکاؤنٹس کب منجمد کیے گئے؟

ج :۔ ۱۵ اکتوبر

س :۔ نادہندگان کے خلاف اپریشن کب شروع ہوا؟

ج :۔ ۱۶ اکتوبر

س : جنرل پرویز مشرف نے نیشنل سیکورٹی کونسل اور تھنک ٹینک کے قیام کا اعلان کب کیا؟

ج :۔ ۱۷ اکتوبر

س :۔ چیف ایگزیکٹو جنرل پرویز مشرف نے کیا سات نکاتی ایجنڈا پیش کیا؟

ج :۔ (۱) قومی اعتماد اور مورال کی از سر نو تعمیر (۲) وفاق کو مضبوط بنانا اور صوبوں کے مابین رابطے کو فروغ دینا اور قومی یکجہتی کی بحالی (۳) معیشت کی بحالی کے لیے فوری اقدام کرنا تاکہ سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو سکے (۴) قانون کی حاکمیت کو یقینی بنانا اور فوری انصاف کی ترسیل (۵) قومی اداروں سے سیاست کا خاتمہ (۶) اقتدار کی بنیادی سطح تک منتقلی تاکہ ملکی معاملات میں عوام کی شرکت کو یقینی بنایا جائے (۷) فوری اور غیر جانبدار احتساب

س :۔ جنرل پرویز مشرف نے ٹیکس چوروں اور قرضہ خوروں کو کتنی مدت دی ؟

ج :۔ ۴ ہفتے

س :۔ دولت مشترکہ نے پاکستان کی رکنیت کب معطل کی ؟

ج :۔ ۱۸ اکتوبر

س :۔ تھنک ٹینک کی مشاورت لینے والا پاکستان کتنا ملک بن گیا ؟

ج :۔ ۶۹ واں

س :۔ صوبوں کے گورنر کب تبدیل کیے گئے ؟

ج :۔ ۲۱ اکتوبر ریٹائرڈ لیفٹننٹ جنرل محمد صفدر پنجاب۔ ریٹائرڈ ائر مارشل عظیم داؤد پوتا سندھ۔ ریٹائرڈ جنرل محمد شفیق سرحد اور ریٹائرڈ جسٹس امیر الملک مینگل بلوچستان کے بنائے گئے

س :۔ نیشنل سیکورٹی کونسل کب قائم ہوئی اور اس کے رکن کون تھے ؟

ج :۔ ۲۵ اکتوبر شریف الدین پیرزادہ سینئر مشیر۔ شوکت عزیز وزیر خزانہ، عبدالستار وزیر خارجہ۔ ڈاکٹر محمد یعقوب۔ ڈاکٹر عطیہ عنائت۔ امتیاز صاحبزادہ اور عزیز اے منشی اٹارنی جنرل پاکستان۔ ڈاکٹر صفدر محمود وفاقی سیکریٹری مذہبی امور

س :۔ گورنروں کو وزیر اعلیٰ کے اختیارات کب دیئے گئے ؟

ج :۔ ۲۹ اکتوبر

س :۔ قومی محاسبہ بیورو کب بنایا گیا ؟

ج :۔ یکم نومبر

س :۔ مزید ۶ وفاقی وزیر کب بنائے گئے ؟

ج :۔ ۴ نومبر : زبیدہ جلال (تعلیم سائنس اور ٹیکنالوجی) لیفٹننٹ جنرل معین حیدر (داخلہ)۔ عمر اصغر خاں (بلدیات و دیہی ترقی)۔ عبدالرزاق داؤد (تجارت و صنعت) ڈاکٹر عبدالمالک کانسی (محنت افرادی قوت اور صحت)۔ ڈاکٹر شفقت جاموٹ (خوراک)۔ عباس سرفراز (امور کشمیر)۔ عثمان امین الدین (پٹرولیم)

س :۔ ۲۱۱ارب کے قرضوں میں کتنے وصول ہوئے؟

ج :۔ ۹۰ کروڑ

س :۔ سول اور ملٹری اشتراکِ عمل کا فیصلہ کب ہوا؟

ج :۔ ۱۰نومبر

س :۔ نواز شریف کے خلاف ہائی جیکنگ اقدام قتل اور دہشت گردی کا مقدمہ کب دائر ہوا؟

ج :۔ ۱۰نومبر

س :۔ اسلام آباد میں ریموٹ کنٹرول راکٹوں سے دھماکے کب ہوئے؟

ج :۔ ۱۲نومبر

س :۔ نواز حکومت کی برطرفی سپریم کورٹ میں کب چیلنج کی گئی؟

ج :۔ ۱۵نومبر

س :۔ نادہندگی اور بدعنوانی کے الزامات کے تحت کتنے افراد گرفتار ہوئے؟

ج :۔ ۱۰۵

س :۔ امریکہ نے پاکستان کے ۹۲ کروڑ ڈالرز کے قرضوں کی ری شیڈولنگ کب کی؟

ج :۔ ۲۶نومبر

س :۔ ۱۶احتساب عدالتوں کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج :۔ ۲۷نومبر

س :۔ لاہور میں ۱۰۰بچوں کے قتل کا انکشاف کب ہوا؟

ج :۔ ۲دسمبر

س :۔ بجلی کے بلوں پر ۱۵فیصد سیلز ٹیکس کب لگایا گیا؟

ج :۔ ۳دسمبر

س :۔ لندن کلب سے قرضوں کی ری شیڈولنگ کب ہوئی؟

ج :۔ ۸دسمبر

س :۔ دفاعی بجٹ میں ۷ارب روپے کی کمی کب کی گئی؟

ج :۔ ۱۵دسمبر

س :۔ فارن ایکسچینج اور کرنسی بیئررز سرٹیفکیٹس کی فروخت پر پابندی کب لگی؟

ج :۔ ۱۶دسمبر

س :۔ پنجاب کے سابق وزیراعلیٰ سردار محمد عارف نکئی کو ۲۱سال کے لیے کب نااہل قرار

دیا گیا؟

ج :۔ ۱۸دسمبر

س :۔ زکوٰۃ الاؤنس میں ۶۰ فیصد اضافہ اور سیکرٹریٹ الاؤنس ختم کرنے کا فیصلہ کب ہوا؟

ج :۔ ۲۲دسمبر

س :۔ سپریم کورٹ نے سود اور سودی کاروبار حرام کا فیصلہ کب دیا؟

ج :۔ ۲۳دسمبر

س :۔ ۱۰۰ بچوں کے قاتل جاوید اقبال نے گرفتاری کب دی؟

ج :۔ ۳۰دسمبر

۲۰۰۰ء

س :۔ بھارتی طیارہ کے یرغمالی کب رہا ہوئے؟

ج :۔ یکم جنوری ۲۰۰۰ء

س :۔ جنرل پرویز مشرف نے یہ کب کہا اگر سلامتی خطرے میں پڑی تو ایٹم بم چلا دینگے؟

ج :۔ ۵جنوری

س :۔ بینکوں کے نظام کو اسلامی ڈھانچے میں ڈھالنے کی کیا مدت مقرر ہوئی؟

ج :۔ جون ۲۰۰۰ء

س :۔ یتیم پوتا کو دادا کی جائیداد میں حصہ بنانے اور خفیہ نکاح پر دو گنا سزا کا فیصلہ وفاقی شرعی عدالت نے کب دیا؟

ج :۔ ۶جنوری

س :۔ اقوام متحدہ نے پاکستان کے کس سائنس دان کو سال کا بہترین سائنس دان قرار دیا؟

ج :۔ عطاء الرحمٰن

س :۔ عید کے دنوں میں پاکستان کرکٹ ٹیم نے کن ٹیموں کو شکست دی؟

ج :۔ آسٹریلیا اور بھارت

س :۔ ۲۰۰۰ء کا پہلا آرڈی نینس کیا آیا؟

ج :۔ تیل اور گیس کی تنصیبات کو نقصان پہنچانے پر سزا

س :۔ سمگلنگ کے خلاف ملک گیر آپریشن کا اعلان کب ہوا؟

ج :۔ ۱۴جنوری

س :۔ شادی کھانوں پر پابندی کی خلاف ورزی کرنے پر کیا سزا مقرر ہوئی؟

ج :۔ قید اور ۵ لاکھ روپے جرمانہ

س :۔ بیگم وقار النساء نون کا کب انتقال ہوا؟

ج :۔ ۱۷جنوری

س :۔ جنرل پرویز مشرف چین کے دورے پر کب روانہ ہوئے؟

ج :۔ ۱۷جنوری

س :۔ پنجاب کابینہ نے آبیانہ میں ۱۰ فیصد اضافہ کب کیا؟

ج :۔ ۱۸جنوری

س :۔ چین اور بیلجیم نے پاکستان کے قرضے ری شیڈول کب کیے؟

ج :۔ ۱۸جنوری

س :۔ مالیاتی نظام کو شرعی بنانے کے لیے ۱۱ رکنی بااختیار کمیشن آئی۔اے۔ حنفی سابق گورنر اسٹیٹ بینک کی صدارت میں کب قائم ہوا؟

ج :۔ ۲۴جنوری

س :۔ پی۔سی۔او کے تحت ۸۹ ججوں نے نیا حلف کب اٹھایا؟

ج :۔ ۲۷جنوری

س :۔ کتنے ججوں نے حلف اٹھانے سے انکار کر دیا؟

ج :۔ چیف جسٹس سعید الزمان سمیت ۶۰ ججوں نے

س :۔ سپریم کورٹ کے نئے چیف جسٹس کون آئے؟

ج :۔ ارشاد حسن

س :۔ سٹی کورٹس مسجد کے اندر دھماکہ سے ۱۵ افراد کب جاں بحق ہوئے؟

ج :۔ ۲۹جنوری

س :۔ نیشنل کمانڈ اتھارٹی کن مقاصد کے لئے قائم کی گئی؟

ج :۔ ایٹمی پالیسی کی تشکیل۔ اسلحہ کی تنصیب کمانڈ اور کنٹرول کی ذمہ دار ہو گی۔ کونسل دو کمیٹیوں پر مشتمل ہو گی۔ ایمپلائمنٹ کنٹرول کمیٹی اور ڈویلپمنٹ کنٹرول کمیٹی ایمپلائمنٹ کنٹرول کمیٹی میں خارجہ۔ دفاع اور داخلہ امور کے وزراء کے علاوہ چیئرمین جائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی اور فوج کے سربراہ شامل ہونگے۔

س :۔ سورج مکھی کے زیر کاشت رقبہ میں کتنا اضافہ ہوا؟

ج :۔ تین گنا

س :۔ آسٹریلیا نے سہ ملکی ٹورنامنٹ کب جیتا؟

ج :۔ ۴ فروری

س :۔ حتف ا کے جدید ڈیزائن کی کامیاب کب ہوئی؟

ج :۔ ۷ فروری کو۔ یہ میزائل ۱۰۰ کلومیٹر تک ہدف کو تباہ کر سکتا ہے

س :۔ ماہر اقبالیات' پروفیسر منور مرزا کا انتقال کب ہوا؟

ج :۔ ۷ فروری

س :۔ سرکاری استعمال کے لئے ملکی اور غیر ملکی گاڑیاں خریدنے پر پابندی کب لگی؟

ج :۔ ۹ فروری

س :۔ مواصلات اور ہاؤسنگ کے دو وفاقی سیکریٹریوں کے توہین عدالت کرنے پر وارنٹ گرفتاری کب جاری ہوئے؟

ج :۔ ۱۱ فروری

س :۔ ہتھیار لے کر چلنے اور نئے اسلحہ لائسنس پر پابندی کب لگی؟

ج :۔ ۱۵ فروری

س :۔ کتنی مالیت کے منصوبے بدعنوانی اور بدانتظامی کی نذر ہوئے؟

ج :۔ ۲۳۰ ارب

س :۔ نیشنل ڈیٹابیس رجسٹریشن اتھارٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج :۔ ۱۶ فروری

س :۔ بھارت نے تین پاکستانی سفارت کار کب نکالے؟

ج :۔ ۱۸ فروری

س :۔ ریلوے کیلئے کتنی مالیت کے پیکج کی فوری منظوری ہوئی؟

ج :۔ ۱۳ ارب ۷ اکروڑ

س :۔ برطانیہ آئرلینڈ۔ فن لینڈ نے ۸۳ لاکھ ڈالر قرضوں کی ریشیڈولنگ کب کی؟

ج :۔ ۱۲ فروری

س :۔ کراچی سٹاک مارکیٹ انڈیکس نے ۳ سال بعد ۲۰۰۰ کی حد کب پار کی؟

ج :۔ ۲۱ فروری

س :۔ ازلان شاہ ہاکی ٹورنامنٹ کے فائنل میں پاکستان نے جنوبی کوریا کو صفر کے مقابلہ میں ایک گول سے کب شکست دی ؟

ج :۔ ۲۶ فروری

س :۔ پاکستانی کھلاڑی خالد محمود نے انٹر نیشنل جمناسٹک چیمپئن شپ میں تیسری پوزیشن کب حاصل کی ؟

ج :۔ ۲۹ فروری

س :۔ یورپ میں پاکستانی ٹی وی نشریات کا دورانیہ چوبیس گھنٹے کب سے ہوا ؟

ج :۔ ۲۹ فروری

س :۔ حکومت نے حقوق نسواں کے لئے مستقل کمیشن قائم کرنے کا اعلان کب کیا؟

ج :۔ ۸ مارچ

س :۔ لوک فنکار پٹھانے خاں نے کب انتقال کیا ؟

ج :۔ ۹ مارچ

س :۔ نواز شریف کے وکیل اقبال رعد کا قتل کب ہوا ؟

ج :۔ ۱۰ مارچ

س :۔ اسکواش کے عالمی چیمپئن جہانگیر کے اعزاز میں تقریب میں ۹ سابق اولمپک چیمپئن کی دستخط شدہ ٹرافی کتنے میں نیلام ہوئی ؟

ج :۔ ۳۵ لاکھ اس رقم سے جہانگیر خاں ٹرسٹ قائم کیا جائے گا جس میں ۶ سے ۱۱ سال کی عمر کے کھلاڑیوں کو تربیت اور سکالر شپ دیئے جائیں گے۔

س :۔ ٹرافی پر کونسے کھلاڑیوں کے دستخط ہیں ؟

ج :۔ ہاشم خاں ۔ اعظم خاں ۔ روشن خاں ۔ کرس ڈٹمار ۔ راس نارمن ۔ قمر الزمان ۔ رحمت خاں اور جہانگیر خاں

س :۔ نواز شریف کے وکیل اقبال رعد کے قتل پر وکلاء نے ملک گیر ہڑتال کب کی ؟

ج :۔ ۱۳ مارچ

س :۔ جماعت اسلامی نے سی۔ٹی۔بی۔ٹی پر ریفرنڈم کیلئے کتنے بیلٹ پیپر تقسیم کیے ؟

ج :۔ ایک کروڑ

س :۔ تحریک پاکستان کے رہنما ذکی الدین پال نے کب انتقال کیا ؟

ج :۔ ۱۴ مارچ

س :۔ پاکستان نے ملائشیا کو ۲۔۵ سے ہرا کر سڈنی اولمپکس کے لیے کب کوالیفائی کیا؟
ج :۔ ۱۴ مارچ
س :۔ سیاسی جلسے جلوسوں اور ہڑتالوں پر پابندی کب لگی؟
ج :۔ ۱۵ مارچ
س :۔ سو بچوں کے قاتل جاوید اقبال کو ایڈیشنل سیشن جج اللہ بخش رانجھا نے کیا سزا سنائی؟
ج :۔ سو بار سزائے موت۔ سات سو سال قید۔ مینار پاکستان پر سو ٹکڑے کر کے تیزاب میں ڈالنے کا حکم۔
س :۔ ممتاز مزاح نگار شفیق الرحمٰن نے کب انتقال کیا؟
ج :۔ ۱۹ مارچ
س :۔ تیل کی قیمتوں میں اضافہ کب ہوا؟
ج :۔ ۲۰ مارچ
س :۔ بھارتی خواتین کا ۳۹ رکنی امن وفد کب لاہور آیا؟
ج :۔ ۲۵ مارچ
س :۔ امریکی صدر کلنٹن نے پاکستان کا کب دورہ کیا اور ٹی وی ریڈیو پر پاکستانیوں سے خطاب کیا؟
ج :۔ ۲۵ مارچ
س :۔ پنجاب کواپریٹو بینک کے ۳۳ نادہندگان کب گرفتار ہوئے؟
ج :۔ یکم اپریل
س :۔ برآمدات کیلئے پاکستان نے چین کو زمینی راستہ استعمال کرنے کی پیشکش کب کی؟
ج :۔ یکم اپریل
س :۔ پاک بحریہ کے طیارہ کے ہرجانہ کی عالمی عدالت انصاف نے سماعت کب شروع کی؟
ج :۔ ۳ اپریل
س :۔ ۴۲ لٹیروں کی لسٹ انٹرپول کے حوالہ کب کی گئی؟
ج :۔ ۳ اپریل
س :۔ سابق وزیراعلیٰ پنجاب منظور وٹو کو کیا سزا سنائی گئی؟
ج :۔ عمر بھر نااہل ۵ سال ۸ ماہ قید اور ۵۰ لاکھ روپے جرمانہ
س :۔ طیارہ سازش کیس میں سابق وزیراعظم نواز شریف کو عدالت نے کیا سزا سنائی؟

ج :۔ ۲بار عمر قید۔ ساری جائیداد ضبط۔ شہباز شریف اور باقی ملزم بری

س :۔ پاکستان کتنا مقروض ہے ؟

ج :۔ ۳۹ ارب ڈالر جس میں سالانہ ۴.۵ فیصد اضافہ ہو رہا ہے

س :۔ پنجاب نے اپنے حصہ کا پانی سندھ کو کب دیا؟

ج :۔ ۱۱ اپریل

س :۔ نصرت بھٹو کے خلاف آمدنی سے زائد جائیداد کا ریفرنس کب آیا؟

ج :۔ ۱۱ اپریل

س :۔ ناروے نے پاکستان کے ذمہ ایک کروڑ ۱۶ لاکھ ۳۰ ہزار ڈالر کے قرضے کب ری شیڈول کیے ؟

ج :۔ ۱۳ اپریل

س :۔ لاہور سے ایران کے لئے بس سروس کب شروع ہوئی ؟

ج :۔ ۱۳ اپریل

س :۔ پیرس کلب کے رکن ممالک نے پاکستان کے قرضے کب ری شیڈول کیے ؟

ج :۔ ۱۴ اپریل

س :۔ گندم پر حکومت نے سبڈی کب ختم کی ؟

ج :۔ ۲۰ اپریل

س :۔ ۲۲ اپریل کو انسانی حقوق کے اعلان کردہ پیج کے اہم نکات کیا تھے ؟

ج :۔ (۱) توہین عدالت کیس ڈپٹی کمشنر درج کرائے گا۔

(۲) قیدی بیڑیوں سے آزاد

(۳) جیلوں میں اصلاحات

(۴) خواتین کمیشن کے قیام کا اعلان

(۵) خواتین کو وراثت کا حق

(۶) خلع آسان بنانے پر غور

س :۔ یکم مئی سے انٹرنیٹ سروس ۵۴ فیصد سستی کرنے کا اعلان کب ہوا؟

ج :۔ ۲۲ اپریل

س :۔ پاکستان نے کتنی مالیت کا اسلحہ فروخت کیا؟

ج :۔ ۲۰ ملین ڈالر

س :۔ لاہور ہائی کورٹ نے ۱۹۸۵ء سے اب تک قرضہ معاف کرانیوالوں کی فہرست

کب طلب کی؟

ج:۔ ۲۷ اپریل

س:۔ کوئٹہ میں باڑہ مارکیٹ آپریشن کے خلاف مکمل ہڑتال کب ہوئی؟

ج:۔ ۲۸ اپریل

س:۔ لٹیروں کے بیرون ملک اکاؤنٹس کا سراغ لگانے کے لئے سوئس ٹیم پاکستان کب پہنچی؟

ج:۔ ۲۸ اپریل

س:۔ حکومت نے یکم جنوری ۱۹۸۶ء سے ۲۹ فروری ۲۰۰۰ء تک قرضے معاف کرنے والوں کی ۳ کلو سے زائد وزنی فہرست لاہور ہائی کورٹ میں کب پیش کی؟

ج:۔ ۲۰ مئی

س:۔ کتنے افراد نے قرضے معاف کروائے؟

ج:۔ ۷۲ ہزار ۳ سو

س:۔ قحط سالی سے متاثرہ علاقوں کے لئے سندھ حکومت نے کتنی امداد منظور کی؟

ج:۔ ۱۰ کروڑ روپے

سیاسی ادارے

س:۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان میں کونسا سیاسی نظام رائج ہے؟

ج:۔ وفاقی پارلیمانی

س:۔ پاکستان کی اکائیاں کونسی ہیں؟

ج:۔ صوبہ پنجاب۔ سرحد۔ سندھ۔ بلوچستان اور وفاقی زیر انتظام علاقے

س:۔ پاکستان کے سیاسی نظام کی تشکیل میں کونسے ادارے اہم ہیں؟

ج:۔ چیف الیکشن کمشنر۔ ایوان بالا۔ (سینٹ)۔ ایوانِ زیریں (قومی اسمبلی) صوبائی اسمبلی۔ بلدیاتی ادارے۔ سیاسی پارٹیاں

س:۔ تخلیق پاکستان کے وقت کونسا آئین نافذ تھا؟

ج:۔ آئین ہند مجریہ ۱۹۳۵ء

س:۔ پاکستان کی پہلی آئین ساز اسمبلی کا قیام کس قانون کے تحت عمل میں لایا گیا؟

ج:۔ قانون آزادی ہند ۱۹۴۷ء

س:۔ قانون ہند کے تحت کونسا طریق انتخاب رائج تھا؟

ج :۔ جداگانہ طریق انتخاب

س :۔ ۱۹۵۶ء کے آئین میں کیا سقم تھا؟

ج :۔ طریق انتخابات اور ذمہ دار ادارے کا عدم تعین

س :۔ بنیادی جمہوریتوں کا قانون کب بنایا گیا؟

ج :۔ ۱۹۵۹ء

س :۔ صدارتی الیکشن کمیشن آرڈر کب نافذ ہوا؟

ج :۔ ۱۹۶۰ء

س :۔ فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں کے خلاف تحریک نے کب زور پکڑا؟

ج :۔ ۱۹۶۹ء

س :۔ ایوب خان نے جنرل یحییٰ کو اقتدار کب سپرد کیا؟

ج :۔ ۲۵ مارچ ۱۹۶۹ء

س :۔ یحییٰ خاں نے کس بنیاد پر انتخابات کرانے کا اعلان کیا؟

ج :۔ بالغ رائے دہی

س :۔ ۱۹۷۰ء کے انتخابات کس حکم کے تحت ہوئے؟

ج :۔ مارشل لا ضابطہ نمبر ۶۰ مجریہ ۲۲ دسمبر ۱۹۶۹ء

س :۔ کس ادارے نے انتخابات کروائے؟

ج :۔ الیکشن کمیشن

س :۔ الیکشن کمیشن کے سربراہ کا کیا نام تھا؟

ج :۔ جسٹس عبدالستار

چیف الیکشن کمشنر

س :۔ چیف الیکشن کمشنر کا باقاعدہ ادارہ کس آئین میں قائم کیا گیا؟

ج :۔ ۱۹۷۳ء

س :۔ چیف الیکشن کمشنر کا دائرہ کار کیا ہے؟

ج :۔ ملک بھر میں قومی۔ صوبائی اسمبلیوں اور بلدیاتی اداروں کے انتخابات کے انعقاد کا ذمہ دار

س :۔ آئین کی کس دفعہ کے تحت اس ادارہ کی تشکیل ہوئی؟

ج :۔ آئین کی دفعہ ۲۱۸

س :۔ چیف الیکشن کمشنر کا تقرر کون کرے گا؟

ج :۔ صدر پاکستان سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کے مشورہ سے

س :۔ الیکشن کمیشن کے مزید کتنے ارکان ہیں؟

ج :۔ چیف الیکشن کمشنر کے علاوہ ہائی کورٹ کے دو جج معاونت کے لیے

س :۔ الیکشن کمشنر کے فرائض۔ تنظیم اور طریقہ ہائے انتخابات کے متعلق قواعد کی تفصیل کہاں ہے؟

ج :۔ آئین کے آرٹیکل ۲۱۹ میں

ایوان بالا (سینٹ)

س :۔ دو ایوانی مقننہ کس آئین میں تشکیل دی گئی؟

ج :۔ آئین ۱۹۷۳ء

س :۔ ایوان بالا کا کیا نام ہے؟

ج :۔ سینٹ

س :۔ سینٹ میں نشستوں کی تقسیم کسطرح ہے؟

ج :۔ برابری کی بنیاد پر ہر صوبہ کے لیے چودہ ۔پانچ ٹیکنو کریٹ۔ تین وفاقی دارالخلافہ اسلام آباد اور آٹھ نشستیں وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقوں کے لیے

س :۔ سینٹ کے اراکین کی تعداد کتنی ہے؟

ج :۔ ۸۷

س :۔ سینٹ کے رکن کی مدت کتنی ہے؟

ج :۔ چھ سال

س :۔ سینٹ کے انتخابات میں ووٹ کون ڈالتا ہے؟

ج :۔ اراکین صوبائی اسمبلی

ایوانِ زیریں (قومی اسمبلی)

س :۔ قومی اسمبلی کے اراکین کی تعداد کتنی ہے؟

ج :۔ ۲۱۷

س :۔ مسلمانوں کے لیے مخصوص نشستیں کتنی ہیں؟

ج :۔ ۲۰۷

س :۔ قومی اسمبلی میں نشستیں کس بنیاد پر ہیں ؟

ج :۔ صوبوں کی آبادی کی بنیاد پر

س :۔ قومی اسمبلی میں نشستوں کی صوبہ وار تقسیم کیا ہے ؟

ج :۔

وفاقی دارالخلافہ	۱
وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقہ	۸
پنجاب	۱۱۵
سندھ	۴۶
سرحد	۲۶
بلوچستان	۱۱
غیر مسلم (اقلیتیں)	۱۰
عورتوں کے لیے مخصوص	۲۰

س :۔ غیر مسلم نشستوں کی تقسیم کس طرح ہے ؟

ج :۔

عیسائی	۴
ہندومت	۴
سکھ بدھ دیگر	۱
قادیانی و لاہوری مرزائی	۱

س :۔ قومی اسمبلی کی مدت کیا ہے ؟

ج :۔ ۵ سال

قومی اسمبلی ۱۹۹۷ء

س :۔ موجودہ قومی اسمبلی میں مسلم لیگ کے پاس کتنی نشستیں ہیں ؟

ج :۔ ۱۳۷۔ پنجاب سے ۱۰۷۔ سرحد سے ۱۵ سندھ سے ۹ بلوچستان اور وفاقی ۱

س :۔ پیپلز پارٹی کے پاس کتنی نشستیں ہیں ؟

ج :۔ ۱۹۔ سندھ سے ۱۸ اور بلوچستان سے ۱

س :۔ پیپلز پارٹی شہید بھٹو گروپ کے پاس کتنی نشستیں ہیں ؟

ج :۔ سندھ سے ۱

س :۔ متحدہ قومی موومنٹ (الطاف) کے پاس کتنی نشستیں ہیں ؟

ج :۔ سندھ سے ۱۸

س :۔ نیشنل پیپلز پارٹی کے پاس کتنی نشستیں ہیں ؟

ج :۔ سندھ سے ۱

س :۔ جمہوری وطن پارٹی کے پاس کتنی نشستیں ہیں ؟

ج :۔ بلوچستان سے ۲

س :۔ عوامی نیشنل پارٹی کے پاس کتنی نشستیں ہیں ؟

ج :۔ سرحد سے ۱۰

س :۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے پاس کتنی نشستیں ہیں؟

ج :۔ بلوچستان سے ۳

س :۔ جمیعت العلمائے اسلام (فضل الرحمٰن گروپ) کے پاس کتنی نشستیں ہیں ؟

ج :۔ بلوچستان سے ۲

س :۔ قومی اسمبلی میں آزاد امیدوار کتنے ہیں ؟

ج :۔ ۱۹

صوبائی اسمبلی

س :۔ پاکستان میں کتنی صوبائی اسمبلیاں ہیں ؟

ج :۔ ۴

س :۔ صوبائی اسمبلی کا دائرہ کار کیا ہے ؟

ج :۔ صوبائی انتظام چلانے کے لیے قانون سازی

س :۔ صوبائی انتظامی ڈھانچے کا سربراہ کون ہے ؟

ج :۔ گورنر

س :۔ صوبے کے انتظام کا ذمہ دار کون ہے ؟

ج :۔ وزیر اعلیٰ

س :۔ وزیر اعلیٰ کا انتخاب کون کرتا ہے ؟

ج :۔ صوبائی اسمبلی

س :۔ پنجاب اسمبلی کے اراکین کی تعداد کتنی ہے ؟

ج :۔ ۲۴۸

س :۔ پنجاب اسمبلی میں نشستوں کی تقسیم کسطرح ہے ؟

ج :۔ مسلمان ۲۴۰

عیسائی	۵
ہندو	۱
بدھ سکھ پارسی دیگر	۱
قادیانی و مرزائی	۱
کل	۲۴۸

س :۔ سندھ اسمبلی میں نشستوں کی تقسیم کسطرح ہے؟

ج :۔

مسلمان	۱۰۰
عیسائی	۲
ہندو	۵
بدھ سکھ پارسی دیگر	۱
قادیانی و مرزائی	۱
کل	۱۰۹

س :۔ بلوچستان اسمبلی میں نشستوں کی تقسیم کسطرح ہے؟

ج :۔

مسلمان	۴۰
عیسائی	۱
ہندو	۱
بدھ سکھ پارسی دیگر	۱
کل	۴۳

س :۔ سرحد اسمبلی میں نشستوں کی تقسیم کسطرح ہے؟

ج :۔

مسلمان	۸۰
عیسائی	۱
بدھ سکھ پارسی دیگر	۱
قادیانی و مرزائی	۱
کل	۸۳

بلدیاتی ادارے

س :۔ بلدیاتی ادارے کے قیام کا کیا مقصد ہے؟

ج :۔ مقامی قیادت حکومت کے ترقیاتی کاموں کو بہتر طور پر پایہ تکمیل تک پہنچا سکے

س :۔ بلدیاتی اداروں کو کس سطح پر منظم کیا گیا ہے ؟

ج :۔ ضلعوں میں ضلع کونسل ۔ بڑے شہروں میں میٹروپولیٹن کارپوریشن ۔ قصبات میں ٹاؤن کمیٹیاں اور یونین کونسلیں

س :۔ بلدیاتی اداروں میں اراکین کی تعداد کس اصول پر ہے ؟

ج :۔ آبادی کی شرح پر

س :۔ پاکستان میں بلدیاتی اداروں کی تعداد کتنی ہے ؟

ج :۔

یونین کونسلیں	۴۵۶۵
ڈسٹرکٹ کونسل	۱۱۹
ٹاؤن کمیٹی	۳۰۱
میونسپل کمیٹی	۱۵۶
میٹروپولیٹن کارپوریشن	۲
میونسپل کارپوریشن	۱۵
کنٹونمنٹ بورڈ	۴۰

لوکل کونسل کونسلرز ۷۹۱۵۷ (شہری) ۷۰۳۲۰ دیہی

سیاسی جماعتیں

س :۔ پاکستان میں کتنی منظم سیاسی جماعتیں ہیں ؟

ج :۔ تقریباً ۷۴

س :۔ سیاسی جماعتوں کی تفصیل کیا ہے ؟

ج :۔

جماعت کا نام	بانی سربراہ	موجود قائد
آل پاکستان جموں و کشمیر مسلم کانفرنس	سردار عبدالقیوم	سردار سکندر حیات
عوامی نیشنل پارٹی	اجمل خٹک	اجمل خٹک
عوامی قیادت پارٹی	جنرل (ر) اسلم بیگ	جنرل (ر) اسلم بیگ
عوامی تحریک انقلاب پاکستان		
عوامی جمہوری پارٹی		
عوامی تحریک فلاح پاکستان		
بلوچستان نیشنل الائنس	نواب محمد اکبر بگٹی	نواب محمد اکبر بگٹی
بلوچستان نیشنل موومنٹ		

بلوچ اتحاد پارٹی		
دیہات اتحاد پارٹی		
غریب اتحاد پارٹی		
حزب جہاد	مرتضیٰ پویا	مرتضیٰ پویا
ہزارہ قومی محاذ		
حق پرست گروپ		
اسلامی جمہوری محاذ		
اسلامک پبلک پارٹی		
جمعیت العلمائے اسلام (ف)	مولانا مفتی محمود	مولانا فضل الرحمٰن
جمعیت العلمائے اسلام (سمیع الحق گروپ)	مولانا سمیع الحق	مولانا سمیع الحق
جمعیت العلمائے پاکستان	شاہ احمد نورانی	نورانی
جمعیت العلمائے پاکستان (نیازی)	مولانا عبدالستار نیازی	مولانا عبدالستار نیازی
جماعت اسلامی	مولانا ابوالاعلیٰ مودودی	قاضی حسین احمد
جمہوری وطن پارٹی	نواب محمد اکبر بگٹی	نواب محمد اکبر بگٹی
متحدہ قومی (موومنٹ)	الطاف حسین	الطاف حسین
مہاجر قومی موومنٹ (حقیقی)	آفاق احمد	آفاق احمد
مزدور کسان پارٹی (اے بی گروپ)	افضل بنگش	افضل بنگش
مزدور کسان پارٹی (فتح یاب گروپ)	فتح یاب	فتح یاب
مزدور کسان پارٹی ورکرز گروپ	میجر (ر) اسحاق	میجر (ر) اسحاق
متحدہ دینی محاذ		
نیشنل پیپلز پارٹی (جتوئی گروپ)	غلام مصطفےٰ جتوئی	غلام مصطفے جتوئی
نیشنل پیپلز پارٹی (ورکرز گروپ)		
پختونخواہ ملی عوامی پارٹی	عبدالصمد چکزئی	عبدالصمد اچکزئی
پختونخواہ قومی پارٹی		
پاکستان ڈیموکریٹک پارٹی	نوابزادہ نصراللہ خاں	نوابزادہ نصراللہ خاں
پاکستان عوامی اتحاد		
پاکستان لیبر پارٹی		
پاکستان اتحاد تحریک		

پاکستان تحریک استقلال	ایئر مارشل اصغر خاں	ایئر مارشل اصغر خاں
پاکستان خاکسار پارٹی	علامہ عنائت اللہ مشرقی	
پاکستان مسلم لیگ (نواز گروپ)	میاں محمد نواز شریف	میاں محمد نواز شریف
پاکستان مسلم لیگ (جونیجو گروپ)	محمد خاں جونیجو	فدا محمد خاں
پاکستان مسلم لیگ (چٹھہ گروپ)	حامد ناصر چٹھہ	حامد ناصر چٹھہ
پاکستان مسلم لیگ (پگاڑا گروپ)	پیر پگاڑا	پیر پگاڑا
پاکستان مسلم لیگ (قیوم گروپ)	خان عبدالقیوم	خان عبدالقیوم
پاکستان مسلم لیگ (قاسم گروپ)	ملک محمد قاسم	کبیر واسطی
پاکستان نیشنل لیگ		
پاکستان نیشنل پارٹی	بی بز نجو	بی بز نجو
پاکستان پیپلز پارٹی	ذوالفقار علی بھٹو	بے نظیر بھٹو
پاکستان پیپلز پارٹی (شہید بھٹو گروپ)	مرتضٰی بھٹو	غنوی بھٹو
پاکستان سرائیکی پارٹی		
پنجابی پختون اتحاد	ملک میر ہزار خاں	
پنجاب نیشنل پارٹی		
تحریک انصاف	عمران خان	عمران خان
تحریک اتحاد	حمید گل	حمید گل
تحریک انقلاب		
تحریک نفاذ فقہ جعفریہ	علامہ عارف حسینی	علامہ ساجد نقوی
پاکستان عوامی تحریک	علامہ طاہر القادری	علامہ طاہر القادری
سپاہ صحابہ پاکستان	مولانا حق نواز جھنگوی	مولانا اعظم طارق
قومی اسلامی پارٹی		
ملت پارٹی پاکستان	سردار فاروق احمد لغاری	سردار فاروق احمد لغاری
تعمیر پاکستان پارٹی	=====	=====
سوشل جسٹس فرنٹ	=====	=====
قومی اسلامی پارٹی	=====	=====
وطن پارٹی	=====	=====

اقلیتی پارٹیاں

=====	=====	
آل پاکستان مسیحی پارٹی	=====	=====
مسیحی عوامی پارٹی	=====	=====
منیارٹی انقلابی تحریک	=====	=====
پاکستان اقلیتی رابطہ پارٹی	=====	=====
پاکستان مسیحی پارٹی	=====	=====
پاکستان کرسچین فرنٹ	=====	=====

سیاسی انتخابات

س :۔ پاکستان میں کتنی بار عام انتخابات ہو چکے ہیں ؟

ج :۔ ۱۱

س :۔ پاکستان میں پہلی بار کس نوعیت کے اور کب انتخابات ہوئے ؟

ج :۔ بلدیاتی انتخابات ۱۹۵۹ء بنیادی جمہوریتوں کے تحت ہوئے

س :۔ پاکستان میں دوسری بار کس نوعیت کے اور کب انتخابات ہوئے ؟

ج :۔ صدارتی انتخابات فروری ۱۹۶۰ء میں

س :۔ پاکستان میں دوسری بار صدارتی انتخابات کب ہوئے ؟

ج :۔ جنوری ۱۹۶۵ء

س :۔ پاکستان میں پہلی بار بالغ رائے دہی کی بنیاد پر مارشل لاء آرڈر کے تحت قومی وصوبائی اسمبلی کے انتخابات کب ہوئے ؟

ج :۔ دسمبر ۱۹۷۰ء

س :۔ پاکستان میں ۱۹۷۳ء کے آئین کی بنیاد پر پہلی بار انتخابات کب ہوئے ؟

ج :۔ مارچ ۱۹۷۷ء

س :۔ پاکستان میں مارشل لاء آرڈر کے تحت پہلی بار صدارتی ریفرنڈم کب ہوا؟

ج :۔ دسمبر ۱۹۸۴ء

س :۔ پاکستان میں پہلی بار مارشل آرڈر کے تحت غیر جماعتی انتخابات کب ہوئے ؟

ج :۔ ۲۵ فروری ۱۹۸۵ء

س :۔ ۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت دوسرے جماعتی انتخابات کب ہوئے ؟

ج :۔ نومبر ۱۹۸۸ء

س :۔ ۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت تیسری بار عام انتخابات کب ہوئے ؟

ج :۔ ۲۴ اکتوبر ۱۹۹۰ء

س :۔ ۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت چوتھی بار عام انتخابات کب ہوئے ؟

ج :۔ اکتوبر ۱۹۹۳ء

س :۔ ۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت پانچویں بار عام انتخابات کب ہوئے ؟

ج :۔ فروری ۱۹۹۷ء

نظام حکومت

س :۔ پاکستان کے نظم ونسق کی بنیاد کس پر ہے ؟

ج :۔ آئینی بنیادوں پر

س :۔ وفاق کی سالمیت اور نظم ونسق کے کونسے عہدے اور ادارے ذمہ دار ہیں ؟

ج :۔ صدر مملکت۔وزیر اعظم۔وفاقی کابینہ۔ایوان بالا (سینٹ) ایوان زیریں (قومی اسمبلی)

س :۔ وفاقی حکومت کے پاس انتظامی طور پر کونسے علاقے ہیں ؟

ج :۔(۱) اسلام آباد وفاقی دارالحکومت

(۲) قبائلی علاقے

باجوڑا ایجنسی۔مہمند ایجنسی۔خیبرایجنسی۔کرم ایجنسی۔شمالی وجنوبی وزیرستان کوہاٹ اور ملحقہ علاقے۔درہ آدم خیل۔بنوں۔ڈیرہ۔اسماعیل کے اضلاع سے ملحقہ علاقے

(۳) کشمیر سے ملحقہ شمالی علاقہ جات

گلگت۔سکردو۔ہنزہ

(۴) آزاد کشمیر

س :۔ قبائلی علاقوں کا انتظام کیسے چلتا ہے ؟

ج :۔ مقامی صوبے کے گورنر اور پولیٹکل ایجنٹ کی وساطت سے براہ راست صدر مملکت کی زیر نگرانی

س :۔ آزاد کشمیر کے نظم ونسق کا کون ذمہ دار ہے ؟

ج :۔ منتخب حکومت جو صدر مملکت کی وساطت سے حکومت پاکستان کے ساتھ مالیاتی ودفاعی معاملات میں مددگار ومعاون ہے

س :۔ مملکت پاکستان کو کتنے صوبوں میں تقسیم کیا گیا ہے ؟

ج : ۴

س :۔ صوبوں کے نظم ونسق کا کون ذمہ دار ہے ؟

ج :۔ گورنر۔ وزیر اعلی اور صوبائی اسمبلی

س :۔ اضلاع اور ڈویژنوں کا منتظم کون ہے ؟

ج :۔ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر

س :۔ اب تک بننے والے پنجاب کے گورنروں کے کیا نام ہیں ؟

ج :۔ سر فرانسس موڈی۔ سردار عبدالرب نشتر۔ اسماعیل ابراہیم چندریگر۔

میاں امین الدین۔ حبیب ابراہیم رحمت اللہ۔ مشتاق احمد گورمانی۔ اختر حسین۔ ملک امیر محمد خاں۔ جنرل محمد موسیٰ۔ یوسف ہارون۔ ائیر مارشل نور خاں۔ لیفٹننٹ جنرل عتیق الرحمٰن۔ ملک غلام مصطفےٰ کھر۔ نواب صادق حسین قریشی۔ ملک غلام مصطفےٰ کھر۔ محمد عباس خاں عباسی۔ جسٹس اسلم ریاض۔ لیفٹننٹ جنرل سوار خاں۔

جنرل ریٹائرڈ محمد اقبال۔ لیفٹننٹ جنرل غلام جیلانی۔ مخدوم سجاد حسین قریشی۔ لیفٹننٹ جنرل ٹکا خاں۔ میاں محمد اظہر۔ الطاف حسین۔ طارق رحیم۔ شاہد حامد۔ ذوالفقار کھوسہ لیفٹننٹ جنرل (ریٹائرڈ) محمد صفدر

س :۔ صوبہ سندھ میں اب تک کونسے گورنر آئے ہیں ؟

ج :۔ شیخ غلام حسین۔ شیخ دین محمد۔ میاں امین الدین۔ جی۔ بی۔ کانسٹائن۔

ابراہیم رحمت اللہ۔ افتخار حسین ممدوٹ۔ لیفٹننٹ جنرل رحمان گل۔ ممتاز علی بھٹو۔ میر رسول بخش تالپور۔ بیگم رعنا لیاقت علی۔ نواب دلاور خاں۔ جسٹس شیخ عبدالقادر۔ لیفٹننٹ جنرل ارباب جہانزیب۔ لیفٹننٹ جنرل ایس۔ ایم۔ عباسی۔ اشرف تابانی۔ قدیر الدین کمال اظفر۔ محمود ہارون۔ حکیم محمد سعید۔ معین الدین حیدر۔ ممنوں حسین ریٹائرڈ ائیر مارشل عظیم داود پوتا۔ محمد میاں سومرو (تاحال)

س :۔ صوبہ سرحد میں اب تک کونسے گورنر آئے ہیں ؟

ج :۔ جارج کنگھم۔ ہاکس۔ محمد خورشید۔ اسماعیل ابراہیم چندریگر۔

خواجہ شہاب الدین۔ قربان علی خاں۔ لیفٹننٹ جنرل کے ایم اظہر۔ حیات محمد خاں شیرپاؤ سکندر خاں خلیل۔ جسٹس عبدالحکیم خاں۔ لیفٹننٹ جنرل فضل حق۔

نوابزادہ عبدالغفور خاں ہوتی۔ فدا محمد خاں۔ گلستان خاں جنجوعہ۔ میجر جنرل (ر) خورشید علی خاں۔ لیفٹننٹ جنرل (ر) عارف بنگش۔ ریٹائرڈ جنرل محمد شفیق (تاحال)

س :۔ صوبہ بلوچستان میں اب تک کونسے گورنر آئے ہیں ؟

ج :۔ لیفٹننٹ جنرل ریاض حسین۔ غوث بخش رئیسانی۔ غوث بخش بزنجو۔ نواب محمد اکبر خاں بگٹی۔ میر احمد یار خاں۔ جسٹس خدا بخش مری۔ لیفٹننٹ جنرل رحیم الدین سردار ایف ایس۔ لودھی ۔ کے کے آفریدی۔ جنرل (ریٹائرڈ) محمد موسیٰ۔ میاں گل اورنگزیب۔ لیفٹننٹ جنرل (ر) عمران اللہ۔ جسٹس (ر) امیر الملک مینگل (تاحال)

عدالتیں

س :۔ ۱۸۶۶ء میں پنجاب میں کس کورٹ کا قیام عمل میں آیا؟

ج :۔ چیف کورٹ

س :۔ قیام پاکستان کے بعد ہائی کورٹ کے پہلے جج کون تھے؟

ج :۔ اے آر کارنیلیس

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کی عمارت کب تعمیر ہوئی؟

ج :۔ ۱۸۸۹ء

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کی عمارت کا نقشہ ڈیزائن کس نے بنایا؟

ج :۔ بروسگٹن

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کی موجودہ عمارت میں عدالتی کارروائی کا آغاز کب ہوا؟

ج :۔ ۱۹۱۹ء

س :۔ قیام پاکستان کے وقت لاہور ہائی کورٹ کے چودہ ججوں میں سے کتنے بھارت چلے گئے؟

ج :۔ ۸

س :۔ ۲۳ فروری ۱۹۴۸ء کو پاکستان کی کس عدالت کے قیام کا اعلان کیا گیا؟

ج :۔ فیڈرل کورٹ

س :۔ فیڈرل کورٹ کا نام سپریم کورٹ کب رکھا گیا؟

ج :۔ ۲۳ مارچ ۱۹۵۶ء۔

س :۔ سپریم کورٹ اور صوبوں میں ہائی کورٹ آئین کی کون سی دفعہ کے تحت ہیں؟

ج :۔ آئین ۱۹۷۳ء کی دفعہ ۱۷۵ (۳)۔

س :۔ آئین کے مطابق عدلیہ کو انتظامیہ سے علیحدہ کرنے کی مدت کتنی تھی؟

ج :۔ ۳ سال

س :۔ پانچویں ترمیم ۱۹۷۶ء کے تحت اس مدت میں کتنا اضافہ کیا گیا؟

ج :۔ پانچ سال

س :۔ پانچ سال مکمل ہونے کے بعد ایک اور آئینی ترمیم کے ذریعہ اس مدت میں کتنا اضافہ کیا گیا؟

ج :۔ چودہ سال

س:۔ چودہ سال کی مدت کب مکمل ہوئی؟

ج:۔ ۱۴ اگست ۱۹۸۷ء۔

س:۔ چودہ سال مکمل ہونے پر کس نے سندھ ہائی کورٹ میں عدلیہ کو انتظامیہ سے الگ کرنے کے لئے رٹ دائر کی؟

ج:۔ سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر شرف زیدی ایڈووکیٹ مرحوم۔

س:۔ مقدمہ کا فیصلہ کب ہوا؟

ج:۔ ۲۴ اپریل ۱۹۸۹ء فیصلہ کے مطابق انتظامیہ سے عدلیہ کی علیحدگی اور آزادی کے انتظامات کی ذمہ داری حکومت کی ہے۔

س:۔ اس فیصلے کے خلاف حکومت سندھ کی اپیل کو سپریم کورٹ نے کب خارج کیا؟

ج:۔ ۳۱ مارچ ۱۹۹۳ء البتہ حکومت کو ضروری انتظام کرنے کے لئے وقت دیا۔

س:۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ پر اثر انداز ہونے والا اہم مقدمہ کون سا ہے؟

ج:۔ مولوی تمیز الدین کی طرف سے ۷ نومبر ۱۹۵۴ء کو سندھ چیف کورٹ میں دائر ہونے والی رٹ جس میں گورنر جنرل کے دستور ساز اسمبلی توڑنے کے اقدام کو چیلنج کیا گیا۔

س:۔ سندھ چیف کورٹ نے کیا فیصلہ دیا؟

ج:۔ کورٹ نے کیس کا فیصلہ اسمبلی کے حق میں دیا اور گورنر جنرل کے اقدامات کو غیر قانونی قرار دیا۔

س:۔ فیصلہ کے خلاف کی گئی فیڈرل کورٹ میں اپیل کا کیا فیصلہ ہوا؟

ج:۔ فیڈرل کورٹ نے حکومت کے حق میں فیصلہ دیا۔ فیڈرل کورٹ میں پانچ جج تھے چیف جسٹس منیر اور تین ججوں نے حکومت کے حق میں فیصلہ دیا تاہم جسٹس کارنیلیس نے فیصلہ سے اختلاف کیا۔

س:۔ پاکستان کی عدلیہ کا دوسرا اہم فیصلہ کون سا ہے؟

ج:۔ دوسرا مقدمہ مملکت بنام دوسو ہے جس میں ۱۹۵۸ء کے مارشل لاء کو چیلنج کیا گیا تھا اس مقدمہ میں مارشل لاء کی قانونی حیثیت کا جائزہ لیا گیا اور نظریہ ضرورت پر انحصار کرتے ہوئے مارشل لاء ۱۹۵۸ء کو قانونی حیثیت دے دی گئی۔

س:۔ دوسرے مقدمہ کا فیصلہ کن ججوں نے کیا؟

ج:۔ چیف جسٹس محمد منیر۔ جسٹس اے آر کارنیلیس جسٹس امیر الدین اور جسٹس

شہاب الدین۔

س :۔ حکومت نے جماعت اسلامی پر پابندی کب لگائی ؟

ج :۔ جنوری ۱۹۶۴ء

س :۔ جماعت اسلامی نے حکومتی فیصلہ کو کس عدالت میں چیلنج کیا ؟

ج :۔ بیک وقت مغربی اور مشرقی پاکستان ہائی کورٹ میں۔

س :۔ جماعت اسلامی کے مقدمہ کا کیا فیصلہ ہوا ؟

ج :۔ مشرقی پاکستان ہائی کورٹ نے درخواست منظور کر لی جبکہ مغربی پاکستان نے درخواست مسترد کر دی۔

س :۔ سپریم کورٹ میں دلچسپ مقدمہ کا کیا فیصلہ ہوا ؟

ج :۔ سپریم کورٹ نے حکومت کے اقدام کو ناجائز اور غیر قانونی قرار دیا۔

س :۔ عدلیہ کا چوتھا اہم مقدمہ کون سا تھا ؟

ج :۔ " عاصمہ جیلانی بنام حکومت" عاصمہ جیلانی نے اپنے والد ملک غلام جیلانی اور الطاف گوہر کی نظر بندی کو چیلنج کیا تھا۔

س :۔ سپریم کورٹ نے عاصمہ جیلانی کیس میں کیا فیصلہ دیا ؟

ج :۔ یحییٰ خاں کے مارشل لاء کو غیر قانونی اور یحییٰ خاں کو غاصب قرار دیا۔

س :۔ پانچواں اہم سیاسی مقدمہ کون سا تھا ؟

ج :۔ ضیاء الحق کے مارشل لاء کو بیگم نصرت بھٹو نے چیلنج کیا تھا۔ سپریم کورٹ کے فل بنچ نے ۱۰ نومبر ۱۹۷۷ء کو نظریہ ضرورت کے تحت مارشل لاء کو جائز قرار دیا۔

س :۔ محمد خاں جونیجو کی کابینہ کی برطرفی کے خلاف سپریم کورٹ میں رٹ کس نے کی ؟

ج :۔ حاجی سیف اللہ

س :۔ سپریم کورٹ نے کیا فیصلہ دیا ؟

ج :۔ سپریم کورٹ کے ۱۲ ججوں نے حکومت کے اقدام کو غیر قانونی قرار دیا تاہم انتخابات کی تاریخ مقرر ہونے کی وجہ سے اسمبلیاں بحال نہ کیں۔

س :۔ ۱۶ اگست ۱۹۹۰ء کو بے نظیر حکومت کی برطرفی کو کس نے چیلنج کیا ؟

ج :۔ خواجہ طارق رحیم نے لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا۔ لاہور ہائی کورٹ نے اقدام کو جائز قرار دیا اور سپریم کورٹ نے بھی فیصلہ برقرار رکھا تاہم ایک جج سجاد علی شاہ نے فیصلہ

سے اختلاف کرتے ہوئے برطرفی کو غیر آئینی قرار دیا۔

س :۔ نواز شریف حکومت کی برطرفی کے خلاف رٹ کا کیا فیصلہ ہوا؟

ج :۔ ۲۶ مئی ۱۹۹۳ء کو سپریم کورٹ کے گیارہ رکنی بنچ نے نواز شریف حکومت کو بحال کر دیا۔

س :۔ صدر مملکت فاروق لغاری نے بے نظیر بھٹو کی حکومت کو دوسری بار کب برطرف کیا؟

ج :۔ ۶ نومبر ۱۹۹۶ء

س :۔ سپریم کورٹ نے برطرفی کے خلاف رٹ پر کیا فیصلہ دیا؟

ج :۔ سپریم کورٹ نے حکومتی فیصلہ کو درست قرار دیا تاہم جسٹس ضیاء محمود مرزا نے اختلافی نوٹ لکھا۔

س :۔ سپریم کورٹ فیڈرل کورٹ کا پہلا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس میاں عبدالرشید

س :۔ سپریم کورٹ کا دوسرا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس محمد منیر

س :۔ سپریم کورٹ کا تیسرا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس محمد صلاح الدین

س :۔ سپریم کورٹ کا چوتھا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس اے آر کارنیلیئس

س :۔ سپریم کورٹ کا پانچواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس ایس اے رحمان

س :۔ سپریم کورٹ کا چھٹا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس فضل اکبر

س :۔ ۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت سپریم کورٹ کا پہلا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ حمود الرحمٰن۔

س :۔ سپریم کورٹ کا آٹھواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ یعقوب علی خاں۔

س :۔ سپریم کورٹ کا نواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ انوار الحق۔

س :۔ سپریم کورٹ کا دسواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ محمد حلیم۔

س :۔ سپریم کورٹ کا گیارہواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ محمد افضل ظلہ۔

س :۔ سپریم کورٹ کا بارہواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ ڈاکٹر نسیم حسن شاہ۔

س :۔ سپریم کورٹ کا تیرہواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ سید سجاد علی شاہ۔

س :۔ سپریم کورٹ کا چودہواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ اجمل میاں۔

س :۔ سپریم کورٹ کا پندرہواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ سعید الزمان صدیقی۔

س :۔ سپریم کورٹ کا سولہواں اور موجودہ چیف جسٹس کون ہے؟

ج :۔ چیف جسٹس ارشاد حسن۔

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا پہلا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس عبدالرشید۔

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا دوسرا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس محمد منیر۔

س :۔ مغربی پاکستان ہائی کورٹ کا پہلا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس ملک رستم کیانی۔

س :۔ ۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت پنجاب ہائی کورٹ کا پہلا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس سردار محمد اقبال۔

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا دوسرا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس اسلم ریاض حسین (۱۹۷۶۔۷۸ء)

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا تیسرا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس مولوی مشتاق حسین (۱۹۸۰ـ۱۹۷۸ء)

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا چوتھا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس شمیم حسین قادری (۸۲ـ۱۹۸۰ء)

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا پانچواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال (۸۶ـ۱۹۸۲ء)

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا چھٹا چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس غلام مجدد مرزا (۸۸ـ۱۹۸۶ء)

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا ساتواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس عبدالشکور السلام (۸۹ـ۱۹۸۸ء)

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا آٹھواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس رفیق تارڑ (۹۱ـ۱۹۸۹ء)

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا نواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس میاں محبوب احمد (۹۵ـ۱۹۹۱ء)

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا دسواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس خلیل الرحمان خان (۹۶ـ۱۹۹۵ء)

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا گیارہواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس شیخ اعجاز نثار (۹۷ـ۱۹۹۶ء)

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا بارہواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس شیخ ریاض احمد (۹۷ـ۱۹۹۷ء)

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا تیرہواں چیف جسٹس کون تھا؟

ج :۔ جسٹس راشد عزیز خاں (۲۰۰۰ـ۱۹۹۷ء)

س :۔ لاہور ہائی کورٹ کا موجودہ چیف جسٹس کون ہے؟

ج :۔ جسٹس اللہ نواز

س :۔ پیشگی سیلز ٹیکس وصول کرنے کا حکم لاہور ہائی کورٹ نے غیر قانونی کب قرار دیا؟

ج :۔ ۲۹ فروری ۲۰۰۰ء

س :۔ عدلیہ میں وسیع پیمانے پر کیا تبدیلیاں کی گئیں؟

ج :۔ جسٹس اللہ نواز لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس بنا دیئے گئے۔ جسٹس راشد عزیز۔ ناظم حسین صدیقی جسٹس افتخار چوہدری۔ قاضی فاروق احمد۔ بھگوان داس سپریم کورٹ کے جج بنا دیئے گئے۔ جسٹس جاوید اقبال بلوچستان ہائی کورٹ اور جسٹس دیدار حسین شاہ سندھ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس بنا دیئے گئے

س :۔ لاہور ہائی کورٹ نے محبت کی شادی کو قرآن وسنت کے منافی نہ ہونے کا فیصلہ کب دیا؟

ج :۔ جسٹس راجہ محمد صابر نے ۳ مارچ کو

س :۔ ۲۵ اپریل کو عدلیہ میں کیا تبدیلیاں ہوئیں ؟

ج :۔ سندھ سرحد اور بلوچستان کے چیف جسٹس تبدیل کر دیئے گئے پشاور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس میاں محمد اجمل سندھ کے دیدار شاہ بلوچستان کے جاوید اقبال سندھ ہائی کورٹ کے حامد علی مرزا اور عبدالحمید ڈوگر کو سپریم کورٹ بھجوا دیا گیا جسٹس سعید کو سندھ سردار رضا خان کو پشاور اور راجہ فیاض کو بلوچستان کا چیف جسٹس بنا دیا گیا

س :۔ سپریم کورٹ کے بارہ رکنی فل بنچ نے فوجی اقدام کے خلاف آئینی درخواستوں کو کب مسترد کیا؟

ج :۔ ۱۲ مئی ۲۰۰۰ء

س :۔ سپریم کورٹ کے بارہ رکنی بنچ میں کون سے جج شامل تھے ؟

ج :۔ چیف جسٹس ارشاد حسن خاں۔ جسٹس محمد بشیر جہانگیری۔ جسٹس شیخ اعجاز نثار جسٹس منیر اے شیخ۔ جسٹس راشد عزیز خاں۔ جسٹس ناظم حسین صدیقی۔ جسٹس افتخار چوہدری۔ جسٹس قاضی محمد فاروق۔ جسٹس رانا بھگوان داس

س :۔ سپریم کورٹ نے فوجی حکومت کو احتساب اور الیکشن کے لئے کتنا وقت دیا؟

ج :۔ اکتوبر ۲۰۰۲ء تک تین سال

س :۔ سپریم کورٹ نے چیف ایگزیکٹو کو کیا اختیارات دیئے ؟

ج :۔ آئین میں ترمیم کا حق۔ پی سی او۔ ایمرجنسی مالیاتی اور انتظامی اقدامات جائز قرار دیئے گئے

س :۔ سپریم کورٹ نے آئین کی کون سی شقوں میں ترمیم کی اجازت نہیں دی ؟

ج :۔ آئین کے بنیادی ڈھانچہ۔ وفاقی وپارلیمانی طرز حکومت اور آئین کی اسلامی حیثیت

س :۔ سپریم کورٹ نے نواز شریف اور ارکان اسمبلی کے بارے میں کیا فیصلہ دیا؟
ج :۔ نواز شریف کی آئینی اور اخلاقی حیثیت ختم ہو چکی تھی اراکین پارلیمنٹ بد عنوان تھے

تعلیم

س :۔ تقسیم ہند کے وقت پاکستان میں کل کتنے تعلیمی ادارے تھے؟
ج :۔ ۴۶ کالج۔ایک میڈیکل کالج۔دو یونیورسٹیاں۔
س :۔ پاکستان کی قدیم یونیورسٹی پنجاب یونیورسٹی کب باقاعدہ یونیورسٹی بنی ؟
ج :۔ ۱۴ اکتوبر ۱۸۸۲ء
س :۔ لاہور میں پہلا انگریزی سکول کب کھولا گیا؟
ج :۔ ۱۹ دسمبر ۱۸۶۹ء
س :۔ ایچی سن کالج لاہور کب قائم ہوا؟
ج :۔ ۱۸۸۶ء
س :۔ سینٹ جوزف کالج کراچی کا قیام کب عمل میں آیا؟
ج :۔ ۱۸۶۲ء
س :۔ سندھ مدرسۃ الاسلام کب قائم ہوا؟
ج :۔ ۱۸۸۵ء
س :۔ پنجاب کے مڈل سکولوں میں زرعی تعلیم کی سکیم کب رائج کی گئی؟
ج :۔ ۱۹۱۹ء
س :۔ پاکستان کے کس شہر کو کالجوں کا شہر کہا جاتا ہے؟
ج :۔ لاہور
س :۔ پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس ۱۹۴۷ء میں تعلیم کا کیا ہدف مقرر ہوا؟

ج :۔ پرائمری تعلیم مفت اور جبری اس مقصد کے لئے خصوصی جبری ٹیکس۔

س :۔ ۱۹۵۱ء میں منعقدہ تعلیمی کانفرنس میں حصول تعلیم کا کیا ہدف مقرر ہوا؟

ج :۔ ۱۹۶۷ء تک پرائمری تعلیم عام اور ۶ سے ۱۱ سال تک کا کوئی بچہ نہیں ہوگا جسے پرائمری تعلیم نہ دی گئی ہو۔

س :۔ صدر ایوب نے پہلا تعلیمی کمیشن کب مقرر کیا؟

ج :۔ ۱۹۵۹ء

س :۔ تعلیمی کمیشن نے تعلیم کا کیا ہدف مقرر کیا؟

ج :۔ پندرہ سال میں ۱۹۷۴ء تک عام پرائمری تعلیم۔ پرائمری تعلیم کے لئے خاتون اساتذہ کی تربیت اور اسلامیات کی تعلیم لازمی۔

س :۔ دینیات کی تعلم کب لازمی قرار دی گئی؟

ج :۔ اپریل ۱۹۶۱ء

س :۔ ہائی سکولوں میں قومی ترانہ پڑھنا کب لازم قرار دیا گیا؟

ج :۔ ۹ جون ۱۹۵۷ء

س :۔ یحییٰ خان نے ایئر مارشل نور خاں کی سربراہی میں تعلیمی کمیشن کب مقرر کیا؟

ج :۔ ۱۹۷۰ء

س :۔ ۱۹۷۲ء میں ذوالفقار علی بھٹو کی تعلیمی پالیسی کے اہم نکات کیا تھے؟

ج :۔ ۱۹۷۹ء تک لڑکوں اور ۱۹۸۴ء تک لڑکیوں کے لئے مفت پرائمری تعلیم کا انتظام دیہی علاقوں کو ترجیح اور نصابی درسی کتابوں پر مکمل نظر ثانی۔

س :۔ ۱۹۷۹ء میں جنرل ضیاء الحق کی تعلیمی پالیسی میں تعلیم کا کیا ہدف مقرر ہوا؟

ج :۔ ۱۹۸۷ء تک لڑکوں اور ۱۹۹۲ء تک لڑکیوں کی پرائمری تعلیم مسجد اور محلہ سکولوں کا قیام۔

س :۔ ۱۹۹۲ء میں نواز شریف حکومت نے تعلیم کا کیا ہدف مقرر کیا؟

ج :۔ ۲۰۰۲ء تک شرح خواندگی ۷۰ فی صد دیہی علاقوں میں معیار تعلیم شہری علاقوں کے مساوی۔ کمپیوٹر کی تربیت تعلیم کے ذریعے اسلامی معاشرتی۔ سیاسی۔ معاشی اور اخلاقی نظام نافذ کرنے کی کوششیں۔

س :۔ بنگلہ دیش۔ برازیل۔ چین۔ مصر۔ انڈیا۔ انڈونیشیا۔ میکسیکو۔ نائجیریا اور پاکستان کے

وزرائے تعلیم کی کانفرنس کب ہوئی؟

ج :۔ ستمبر ۱۹۹۷ء میں اسلام آباد۔

س :۔ ۱۹۵۱۔۵۲ء کے بجٹ میں تعلیم کے لئے کتنی رقم رکھی گئی؟

ج :۔ ۲ کروڑ ۵۰ لاکھ

س :۔ ۱۹۵۲۔۵۳ء کے بجٹ میں تعلیم کے لئے کتنی رقم رکھی گئی؟

ج :۔ ۳ کروڑ ۱۰ لاکھ

س :۔ ۱۹۵۵۔۵۶ء کے بجٹ میں تعلیم کے لئے کتنی رقم رکھی گئی؟

ج :۔ ۳ کروڑ ۷۶ لاکھ

س :۔ ۱۹۵۶۔۵۷ء میں تعلیم کے لئے کتنی رقم رکھی گئی؟

ج :۔ ۳ کروڑ ۸۵ لاکھ

س :۔ ۱۹۵۷۔۵۸ء بجٹ میں تعلیم کیلئے کتنی رقم رکھی گئی؟

ج :۔ ۳ کروڑ ۹۰ لاکھ

س :۔ ۱۹۵۸۔۵۹ء میں تعلیم کے لئے کتنی رقم رکھی گئی؟

ج :۔ ۴ کروڑ ۱۲ لاکھ

س :۔ ۱۹۶۸۔۶۹ء میں تعلیم کے لئے کتنی رقم رکھی گئی؟

ج :۔ ۱۷ کروڑ ۵۴ لاکھ

س :۔ ۱۹۷۱۔۷۲ء میں تعلیم کے لئے کتنی رقم رکھی گئی؟

ج :۔ ۱۸ کروڑ

س :۔ ۱۹۷۲۔۷۳ء میں تعلیم کے لئے کتنی رقم رکھی گئی؟

ج :۔ ۱۷ کروڑ

س :۔ ۱۹۷۷۔۷۸ء میں تعلیم کے لئے کتنی رقم تھی؟

ج :۔ ۳۵ کروڑ

س :۔ ۱۹۷۸۔۷۹ء بجٹ میں تعلیم کے لئے کتنی رقم تھی؟

ج :۔ ۴۴ کروڑ

س :۔ ۱۹۸۷۔۸۸ء کے بجٹ میں تعلیم کے لئے کتنی رقم تھی؟

ج :۔ ۷۷ کروڑ

س :۔ ۹۰-۱۹۸۹ء میں تعلیم کے لئے کتنی رقم تھی ؟

ج :۔ ۸۳ کروڑ

س :۔ ۹۳-۱۹۹۲ء کے بجٹ میں تعلیم کے لئے کتنی رقم تھی ؟

ج :۔ ۸۷ کروڑ

س :۔ ۹۷-۱۹۹۶ء میں تعلیم کے لئے کتنی رقم رکھی گئی ؟

ج :۔ ۹۰ کروڑ ۸۶ لاکھ

س :۔ ۹۸-۱۹۹۷ء کے بجٹ میں تعلیم کے لئے کتنی رقم تھی ؟

ج :۔ ۹۱ کروڑ ۴۳ لاکھ

س :۔ ۱۹۵۱ء میں شرح خواندگی میں اضافہ کی شرح کیا تھی ؟

ج :۔ ۱۶.۴ فی صد

س :۔ ۱۹۶۱ء میں شرح خواندگی میں اضافہ کی شرح کیا تھی ؟

ج :۔ ۱۶.۷

س :۔ ۱۹۷۲ء میں شرخ خواندگی میں اضافہ کی شرح کیا تھی ؟

ج :۔ ۱۲.۷

س :۔ ۱۹۸۱ء میں شرخ خواندگی میں اضافہ کی شرح کیا تھی ؟

ج :۔ ۲۶.۲ فی صد۔ دیہی ۱۷.۳ فی صد۔ شہری ۴۷.۱ فی صد۔ مرد ۳۵.۱ فی صد عورتیں ۱۶ فی صد۔

س :۔ ۱۹۴۸ء میں سکول کتنے تھے ؟

ج :۔ پرائمری ۸۴۱۳ مڈل اور ہائی سکول ۲۵۹۸ فنی سکول ۴۰۔

س :۔ اس وقت کتنے تعلیمی ادارے ہیں ؟

ج :۔ پرائمری ۱,۶۳,۷۴۶۔ مڈل اور ہائی سکول ۱,۸۰,۵۲۶۔ سیکنڈری ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ ۴۹۸۔ پیشہ ورانہ کالج ۲۶۵

س :۔ نئی تعلیمی پالیسی (۱۹۹۸ء تا ۲۰۰۰ء) کے مطابق کتنے نئے تعلیمی ادارے بنائے جائینگے ؟

ج :۔ ۴۵ ہزار پرائمری سکول۔ ۲۰ ہزار نئے مسجد سکول۔ ۵۷ ہزار نان فارمل سکول۔ ۱۹ ہزار نئے سیکنڈری سکول۔ ۲۰۵ نئے سیکنڈری ادارے۔ ۴۵ ہزار پرائمری سکول کی

ڈل میں تبدیلی اور ایک لاکھ اساتذہ کی بھرتی۔ میٹرک ٹیکنیکل کا آغاز۔ تین سالہ بی اے۔ بی ایس سی آنرز کا اجراء۔

س:۔ تعلیمی پالیسی کے اہم نکات کیا ہیں؟

ج:۔ چھ سے بارہ سال کے بچوں کے لئے تعلیم دیہی زندگی میں تعلیم نسواں کے لئے مواقع بامقصد تعلیم کا فروغ۔ فارغ ہونے والے طلبہ کے لئے مناسب روزگار شفاف امتحانی نظام فنی اور سائنسی تعلیم کا فروغ ہر ضلع اور تحصیل میں ماڈل سکول کا قیام۔

س:۔ ۹۸۔۱۹۹۷ء میں کل کتنے ہزار طلبہ وطالبات زیر تعلیم تھے؟

ج:۔ ۴۴۶۰۹۴ ہزار طلبہ اور ۴۹۴۹۲ ہزار طالبات۔

س:۔ ۹۸۔۱۹۹۷ء میں اساتذہ کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔ ۴۸۶۷۶ ہزار مرد اساتذہ اور ۱۰۲۷۰ ہزار خواتین اساتذہ۔

س:۔ ۹۸۔۱۹۹۷ء میں کتنے تعلیمی ادارے تھے؟

ج:۔ ۱ لاکھ ۸۶ ہزار ۸۱ مردانہ اور ۶۱ ہزار ۵ سو ۳۹ زنانہ تعلیمی ادارے

س:۔ ۹۸۔۱۹۹۷ء میں کتنے نئے پرائمری سکول کھولے گئے؟

ج:۔ ۱۵۱۴

س:۔ ۹۸۔۱۹۹۷ء میں کتنے سکولوں کی مرمت کی گئی؟

ج:۔ ۱۷۱۸

س:۔ ۹۸۔۱۹۹۷ء میں کتنے مسجد مکتب سکول کھولے گئے؟

ج:۔ ۷۲۸

س:۔ ۹۸۔۱۹۹۷ء میں کتنے سکولوں کا درجہ بڑھایا گیا؟

ج:۔ ۱۰۸۶ پرائمری۔ ۱۸۵ مڈل ۱۳۱ ہائی سکول اور ۳۱ نئے ہائی سکولوں کا اجراء ہوا۔

س:۔ ۹۸۔۱۹۹۷ء میں تعلیم پر کتنا خرچ ہوا؟

ج:۔ قومی دولت کا ۲.۲ فی صد جو کہ ۶۴ بلین تھا۔

س:۔ نئی تعلیمی پالیسی کے مطابق قومی آمدنی کا کتنے فی صد تعلیم پر خرچ ہوگا؟

ج:۔ ۴ فی صد

س:۔ نئی تعلیمی پالیسی کے مطابق کتنے لٹریسی سنٹر قائم کیے جائیں گے؟

ج:۔ ۱۰ ہزار

س :۔ تعلیمی پالیسی کے مطابق کتنے بچوں کو ۲۰۰۲-۰۳ تک پرائمری تعلیم میں شامل کیا جائے گا؟

ج :۔ ۹۰ فی صد جو ۲۰۱۰ء تک ۱۰۵ فی صد ہو جائے گا۔

س :۔ پرائمری تعلیم پروگرام کے تحت چاروں صوبوں میں کتنے کیمونٹی ماڈل سکول قائم کیئے گئے؟

ج :۔ ۸۰۰ سکول ۱۷۶۲.۹۵ ملین روپیہ کے خرچ سے دوسرے فیز میں ۲۷۳۶.۲ ملین روپے کے خرچ سے ۹۳۵ کیمونٹی ماڈل سکول کھلے۔

س :۔ ایشیاڈویلپمنٹ بینک نے ٹیکنیکل تعلیمی پروگرام کے لیئے کتنی امداد دی ہے؟

ج :۔ ۷۸.۰۵۱ ملین ڈالر ٹیکنیکل ایجوکیشن پراجیکٹ کی تکمیل کے لئے بقیہ ۲۳ فی صد رقم حکومت پاکستان فراہم کرے گی۔

س :۔ سیکنڈری سطح پر سائنس اور ٹیکنالوجی کی تعلیم کو بہتر بنانے کے لئے کتنا خرچ کیا گیا؟

ج :۔ ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے تعاون سے ۱۰۵ ملین ڈالر۔

س :۔ اعلیٰ تعلیم کے لیئے کتنی یونیورسٹیاں ہیں؟

ج :۔ ۳۷

س :۔ زرعی تعلیم کے لیئے کتنی جامعات اور کالج ہیں؟

ج :۔ ۴ زرعی یونیورسٹیاں اور ۵ زرعی کالج جن میں ۶۳۴۵۰ طالب علم ہیں۔

س :۔ انجینئرنگ کی تعلیم کے لیئے کتنی جامعات ہیں؟

ج :۔ ۸ جامعات اور ۲ کالج جن میں ۱۸۷۹۸ طلبہ زیر تعلیم ہیں۔

س :۔ صحت میڈیکل کی تعلیم کے لیئے کتنے ادارے ہیں؟

ج :۔ ۵ جامعات اور ۳۴ کالج ہیں ۲۸۰۶۰ طلبہ زیر تعلیم ہیں۔

س :۔ کامرس کی تعلیم کے لیئے کتنے ادارے ہیں؟

ج :۔ ایک جامعہ اور ۱۳۰ کالج اور طلبہ کی تعداد ۷۶۰۰۰ ہے۔

س :۔ قانون کی تعلیم کے لیئے کتنے ادارے ہیں؟

ج :۔ ایک جامعہ اور ۱۵ کالج جن میں ۲۵۳۸۰ طلبہ ہیں۔

س :۔ ۲۰۱۰ تک کتنے اعلیٰ تعلیم کے ادارے بنائے جائیں گے؟

ج :۔ ۲۱ جامعات ۱۰۰ نئے ڈگری کالج اور پیشہ ورانہ تعلیم کے ۵۰ نئے ادارے۔

س :۔ پنجاب میں کون کون سی یونیورسٹی ہے ؟

ج :۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور۔ یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور۔ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد۔

س :۔ سندھ میں کون کون سی یونیورسٹی ہے ؟

ج :۔ سندھ یونیورسٹی جام شورو۔ کراچی یونیورسٹی کراچی ۔ مہران یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی جامشورو۔ زرعی یونیورسٹی ٹنڈوجام۔ این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کراچی۔

س :۔ صوبہ سرحد میں کون کون سی یونیورسٹی ہے ؟

ج :۔ پشاور یونیورسٹی پشاور۔ این ڈبلیو ایف پی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی پشاور۔ این ڈبلیو ایف پی زرعی یونیورسٹی پشاور۔ گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان۔

س :۔ صوبہ بلوچستان میں کون کون سی یونیورسٹی ہے ؟

ج :۔ بلوچستان یونیورسٹی کوئٹہ۔

س :۔ اسلام آباد میں کون کون سی یونیورسٹی ہے ؟

ج :۔ انٹرنیشنل یونیورسٹی۔ قائداعظم یونیورسٹی۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی۔

س :۔ آزاد کشمیر میں کون سی یونیورسٹی ہے ؟

ج :۔ آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی مظفر آباد۔

س :۔ پاکستان کی سب سے بڑی یونیورسٹی کونسی ہے۔

ج :۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور۔

س :۔ کراچی یونیورسٹی کا قیام کب عمل میں آیا۔

ج :۔ ۱۹۵۱ء

س :۔ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے پہلے وائس چانسلر کون تھے۔

ج :۔ ڈاکٹر زیڈ اے ہاشمی۔

س :۔ کس شخصیت کو دو یونیورسٹیوں کے وائس چانسلر ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔

ج :۔ پروفیسر اے بی حلیم (سندھ اور کراچی یونیورسٹی)

س :۔ پاکستان کی کونسی یونیورسٹیاں ایم۔ فل کی ڈگری دیتی ہیں ؟

ج :۔ کراچی یونیورسٹی ۔ قائداعظم یونیورسٹی ۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی زرعی

یونیورسٹی فیصل آباد۔

س :۔ قیامِ پاکستان کے بعد پنجاب یونیورسٹی کے پہلے وائس چانسلر کون بنے ؟

ج :۔ ڈاکٹر عمر حیات ملک۔

س :۔ کراچی یونیورسٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج :۔ ۱۹۵۱ء

س :۔ سب سے پہلے پاکستان کی کس یونیورسٹی میں سمسٹر سسٹم نافذ کیا گیا؟

ج :۔ قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد۔

س :۔ اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج :۔ ۱۹۸۱ء

س :۔ زرعی کالج فیصل آباد کو یونیورسٹی کا درجہ کب دیا گیا؟

ج :۔ ۱۹۶۱ء

س :۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کب قائم کی گئی ؟

ج :۔ ۱۹۷۷ء

س :۔ قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد کب قائم کی گئی ؟

ج :۔ ۱۹۶۵ء

س :۔ بہاولپور میں اسلامیہ یونیورسٹی کب قائم کی گئی ؟

ج :۔ ۱۹۷۵ء

س :۔ پاکستان کی پہلی خاتون وائس چانسلر کون تھی ؟

ج :۔ ڈاکٹر کنیز یوسف قائداعظم یونیورسٹی۔

س :۔ "رب زدنی علما" پاکستان کی کس یونیورسٹی کا مونوگرام ہے ؟

ج :۔ کراچی یونیورسٹی۔

س :۔ کوئٹہ یونیورسٹی کب قائم ہوئی ؟

ج :۔ ۱۹۷۰ء

س :۔ پشاور یونیورسٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج :۔ ۳۰ اکتوبر ۱۹۵۰ء

س :۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کا میوزیم پاکستان کی کس یونیورسٹی میں ہے ؟

ج :۔ انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور۔

س :۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور کا سنگ بنیاد کس نے رکھا؟

ج :۔ لیفٹنٹ گورنر سر لوئی ڈین۔

س :۔ رقبہ کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا کالج کون سا ہے؟

ج :۔ اسلامیہ کالج پشاور۔

س :۔ صوبہ پنجاب میں کتنے میڈیکل کالج ہیں؟

ج :۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور۔ علامہ اقبال میڈیکل کالج لاہور۔ فاطمہ جناح میڈیکل کالج لاہور۔ نشتر میڈیکل کالج ملتان۔ قائداعظم میڈیکل کالج بہاولپور۔ پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد۔ پنجاب میڈیکل کالج راولپنڈی

س :۔ صوبہ سندھ میں کتنے میڈیکل کالج ہیں؟

ج :۔ ڈو میڈیکل کالج کراچی۔ آغاں خاں میڈیکل کالج کراچی۔ سندھ میڈیکل کالج کراچی۔ چانڈکا میڈیکل کالج لاڑکانہ۔ لیاقت میڈیکل کالج حیدر آباد۔

س :۔ صوبہ سرحد میں کون سے میڈیکل کالج ہیں؟

ج :۔ خیبر میڈیکل کالج پشاور۔ ایوب میڈیکل کالج ایبٹ آباد۔

س :۔ صوبہ بلوچستان میں کون سا میڈیکل کالج ہے؟

ج :۔ بولان میڈیکل کالج کوئٹہ۔

س :۔ یونیورسٹیوں کے معاملات اور پالیسیاں کون طے کرتا ہے؟

ج :۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن۔

س :۔ محترمہ فاطمہ جناح نے گجرات میں لڑکیوں کے پہلے کالج کا افتتاح کب کیا؟

ج :۔ ۲۳ مارچ ۱۹۵۰ء

س :۔ نیشنل کالج آف آرٹس کا پرانا نام کیا ہے؟

ج :۔ میو سکول آف آرٹس۔

کتب خانے

س :۔ ۱۹۹۰ء کے سروے کے مطابق پاکستان میں کتنے کتب خانے ہیں؟

ج :۔ ۱۴۳۰ لیکن نیشنل لائبریری کی طرف سے شائع ہونے والی ڈائرکٹری کے

مطابق ۱۵۰۰ ہے۔

س :۔ تعلیمی پالیسی ۲۰۱۰۔۱۹۹۹ء میں کتب خانوں کی تعداد کتنی ہے ؟

ج :۔ ۱۹۱۱ جن میں جامعاتی کتب خانے ۱۴۰ کتب کی تعداد ۹ ۳ لاکھ کلیاتی کتب خانے ۶۸۰ کتابوں کی تعداد ۳۶ لاکھ ۴۰ ہزار عوامی کتب خانے ۲۸۰ کتب کی تعداد ۲ لاکھ ۱۵ ہزار خصوصی کتب خانے ۳۳۰ کتب کی تعداد ۲ لاکھ ۵۰ ہزار سکول کتب خانے ۴۸۱ کتب کی تعداد ۹ لاکھ ۸۰ ہزار ۸۰۰ ہے۔

س :۔ نئی تعلیمی پالیسی کے مطابق کتنے کتب خانے کھولے جائیں گے ؟

ج :۔ پرائمری سکول کتب خانے ایک لاکھ ۵۰ ہزار مڈل سکول کتب خانے ۱۴ ہزار اور سیکنڈری سکول کتب خانے ۱۰ ہزار۔

س :۔ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں کتب خانوں کی تعداد کتنی ہے ؟

ج :۔ ۱۶۴۰۔ مزید ۱۵۰۰ کتب خانے بنائے جانے کا پروگرام ہے۔

س :۔ بلدیاتی اور آزاد حیثیت میں کتنے کتب خانے ہیں ؟

ج :۔ ۲۸۰ جن کو ۳۹۷۵ کے ہدف تک پہنچانے کا پروگرام ہے۔

س :۔ ۲۰۱۰ تک کتنے سفری گشتی کتب خانے (موبائل لائبریریز) قائم کرنے کا پروگرام ہے ؟

ج :۔ ۲۰۰۰

س :۔ آغا خاں چہارم نے کس لائبریری کا سنگ بنیاد رکھا ؟

ج :۔ کراچی یونیورسٹی کی لائبریری۔

س :۔ قیام پاکستان سے قبل سندھ کی بڑی لائبریری کون سی تھی ؟

ج :۔ جنرل لائبریری سکھر۔

س :۔ پاکستان کی سب سے بڑی لائبریری کون سی ہے ؟

ج :۔ پنجاب پبلک لائبریری۔

س :۔ پنجاب پبلک لائبریری کس نے قائم کی ؟

ج :۔ چارلس ایچی سن نے ۳۱ دسمبر ۱۸۸۴ء۔

س :۔ پنجاب پبلک لائبریری کو سب سے پہلے کتب کا عطیہ کس نے دیا تھا؟

ج :۔ منشی نول کشور

س :۔ پنجاب پبلک لائبریری کہاں قائم کی گئی ؟

ج :۔ بارہ دری وزیر خاں۔

س :۔ پنجاب پبلک لائبریری کے لئے کون کون سے اہل علم نے کتابوں کے عطیات دیئے؟

ج :۔ ٹولبورٹ۔ سردار عطر سنگھ۔ فقیر سید جمال الدین۔

س :۔ پنجاب پبلک لائبریری میں کون کون سی زبانوں کی کتابوں کا ذخیرہ ہے؟

ج :۔ انگریزی۔ عربی۔ فارسی۔ ہندی سنسکرت۔ گورمکھی۔

س :۔ پنجاب پبلک لائبریری میں کتابوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج :۔ ۳ لاکھ انگریزی کتب کی تعداد ایک لاکھ ۳۵ ہزار۔ ۱۱سو قلمی نسخے۔

س :۔ پنجاب پبلک لائبریری میں عطیہ میں دی گئی کتابوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج :۔ ۱۸ ہزار

س :۔ شعبہ اطفال میں کتابوں کی کتنی تعداد ہے؟

ج :۔ ۴۵ ہزار

س :۔ شعبہ بیت القرآن کب قائم کیا گیا اور اس میں کتابوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج :۔ ۱۸ اکتوبر ۱۹۶۸ء کتابوں کی تعداد ۴ ہزار۔

س :۔ پنجاب پبلک لائبریری میں لائف ممبرز کی تعداد کتنی ہے؟

ج :۔ ۱۳۹۰

س :۔ پنجاب پبلک لائبریری کو قائم ہوئے کتنے سال گزر رہے ہیں؟

ج :۔ ۱۱۵

س :۔ کس ممتاز دانشور نے لائبریری میں اپنی بیٹی کے نام سے رفعت سلطانہ سیکشن قائم کیا؟

ج :۔ ممتاز حسن

س :۔ پنجاب پبلک لائبریری میں بیت القرآن کا محرک کون تھا؟

ج :۔ مختار مسعود

س۔ پنجاب پبلک لائبریری سے روزانہ کتنے قارئین استفادہ کرتے ہیں؟

ج :۔ ۱۵۰

س :۔ پنجاب پبلک لائبریری کے ریکارڈ سیکشن میں رسائل۔ رپورٹس۔ گزٹ اور گزیٹر

کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ ۴۰ ہزار

س:۔ پاکستان میں اہم کتب خانے کون سے ہیں؟

ج:۔ پنجاب پبلک لائبریری لاہور۔ قائداعظم لائبریری لاہور۔ دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری۔ اسلام آباد میں نیشنل لائبریری آف پاکستان۔ ادارہ تحقیقات اسلامی۔ کراچی میں بیت الحکمت ہمدرد لائبریری۔ ڈاکٹر محمود حسین لائبریری جامعہ کراچی۔ لیاقت میموریل لائبریری۔ کتب خانہ عام و خاص انجمن ترقی اردو ادارہ بین الاقوامی امور۔ محکمہ آثار قدیمہ سٹیٹ بینک آف پاکستان اور نیشنل بینک آف پاکستان قائداعظم لائبریری۔

س:۔ قانوناً ہر ناشر کو اپنی مطبوعات کی دو کاپیاں ملک کی کس کس لائبریری میں جمع کرانا ضروری ہے؟

ج:۔ نیشنل لائبریری اسلام آباد اور لیاقت میموریل لائبریری کراچی میں۔

س:۔ بیت الحکمت ہمدرد لائبریری کا افتتاح کس نے کیا؟

ج:۔ ۱۱ دسمبر ۱۹۸۹ء کو صدر پاکستان غلام اسحاق خاں نے۔

س:۔ ہمدرد لائبریری میں کون سی جدید سہولتیں موجود ہیں؟

ج:۔ کمپیوٹر۔ مائکروفلمنگ۔ مائکروفش۔ ٹیلکس۔ ٹیلی فیکس۔ انٹرنیٹ۔

س:۔ بیت الحکمت میں کتنی کتابیں ہیں؟

ج:۔ ۴ لاکھ جن میں ۸۷۵ نادر و نایاب۔

س:۔ بیت الحکمت میں کتنی زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم موجود ہیں؟

ج:۔ ۶۳

س:۔ بیت الحکمت میں رسائل و جرائد کا کتنا ذخیرہ ہے؟

ج:۔ ۲۶ ہزار سے زائد۔

س:۔ بیت الحکمت میں روزانہ کتنے اخبار آتے ہیں؟

ج:۔ ۶۰

س:۔ بیت الحکمت سے کتنے جرائد شائع ہوتے ہیں؟

ج:۔ ۳۔ ہمدرد میڈیکس۔ ہمدرد اسلامکس۔ جرنل آف پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی۔

طباعت واشاعت کتب

س :۔ آزادی کے وقت پاکستان میں سب سے بڑا اشاعتی مرکز کون سا شہر تھا؟

ج :۔ لاہور

س :۔ لاہور میں طباعت کا کام کب شروع ہوا؟

ج :۔ ۱۸۴۸ء میں منشی ہرسکھ رائے نے مطبع کوہ نور اور اخبار کوہ نور جاری کیا

س :۔ مسلمانوں میں اشاعت کا کام کس نے شروع کیا؟

ج :۔ شیخ غلام علی نے ۱۸۸۷ء میں اشاعت کتب کا کام شروع کیا۔ منشی محبوب عالم نے پیسہ اخبار بک ڈپو قائم کیا

س :۔ مولوی ممتاز علی نے دارالاشاعت پنجاب کب قائم کیا؟

ج :۔ ۱۸۹۴ء

س :۔ مولوی فیروزدین نے فیروز سنز پرنٹنگ پریس کے نام سے اشاعتی مرکز کب قائم کیا؟

ج :۔ ۱۸۹۴ء

س :۔ مسلمانوں کے دیگر اشاعتی ادارے کون سے تھے؟

ج :۔ ملک دین محمد اینڈ سنز (۱۹۰۵ء) پیکو آرٹ پریس (۱۹۱۲ء) شیخ محمد اشرف (۱۹۲۲ء) شیخ غلام حسین (۱۹۲۷ء) تاج کمپنی (۱۹۲۹ء) ملک سراجدین (۱۹۳۵ء) ملک چنن دین (۱۹۳۵ء)

س :۔ مسلمانوں کے اشاعتی ادارے زیادہ تر کس قسم کی کتابیں چھاپتے تھے؟

ج :۔ قرآن مجید اور اسلامی کتابیں

س :۔ انگریزی زبان میں اسلامی کتابیں کس ادارے نے چھاپنے کا آغاز کیا؟

ج :۔ شیخ محمد اشرف

س :۔ مسلمانوں کے اشاعتی ادارے لاہور میں کس جگہ واقع تھے؟

ج :۔ کشمیری بازار یہ بازار پورے ہندوستان میں کتابوں کی مارکیٹ کے طور پر مشہور تھا

س :۔ قیام پاکستان سے پہلے درسی کتابوں کی اشاعت پر کس کی اجارہ داری تھی؟

ج :۔ ہندو ناشرین کی

س :۔ اردو بازار کا قدیم نام کیا تھا؟

ج :۔ موہن لال روڈ

س :۔ مسلمانوں میں سب سے پہلے درسی کتابیں چھاپنے کی ابتداء کس نے کی ؟

ج :۔ ۱۹۳۲ء میں سید احمد شاہ نے نیو انڈیا پبلشنگ کمپنی کے نام سے قیام پاکستان کے بعد اس کا نام بدل کر ویسٹ پاک پبلشنگ کمپنی رکھ دیا گیا

س :۔ ادبی کتابوں کی اشاعت کے لئے "مکتبہ اردو" اور درسی کتابوں کی اشاعت کے لئے "پنجاب بک ڈپو" کس نے قائم کیا ؟

ج :۔ چودھری برکت علی

س :۔ قیام پاکستان کے بعد اشاعت کتب کا دوسرا بڑا مرکز کون سا شہر بنا ؟

ج :۔ کراچی

س :۔ ملک بھر میں عام مطالعے کی کتابیں فروخت کرنے والی بک شاپس کی تعداد کتنی ہے ؟

ج :۔ ۴۰۰

س :۔ سید قاسم محمود کی سروے رپورٹ کے مطابق ۱۱۶ شہروں اور قصبوں کے ناشرین اور کتب فروشوں کی کتنی تعداد ہے ؟

ج :۔ ۹۶۲

ادب

اردو ادب

س :۔ قیامِ پاکستان کے وقت اردو ادب کا مرکز کون سا شہر تھا؟

ج :۔ لاہور

س :۔ اردو ادب کے دو بڑے مکتبہ فکر کون سے تھے ؟

ج :۔ ترقی پسند مصنفین اور حلقہ اربابِ ذوق۔

س :۔ ترقی پسند مصنفین نے ادبی تحریک کو سیاسی سمت کب دی ؟

ج :۔ ۱۹۴۹ء

س :۔ ادبی تحریک کو سیاسی سمت لے جانے والے ادیب کون سے تھے ؟

ج :۔ عبداللہ ملک۔ حمید اختر۔ ابراہیم جلیس۔ فیض احمد فیض۔ احمد ندیم قاسمی۔ احمد راہی۔

س :۔ حلقہ اربابِ ذوق سے وابستہ ادیب کون سے تھے ؟

ج :۔ ڈاکٹر تاثیر۔ آغا شورش کاشمیری۔

س :۔ حکومت نے انجمن ترقی پسند مصنفین کے خلاف کیا کارروائی کی ؟

ج :۔ خلاف قانون قرار دے کر پابندی لگادی۔

س :۔ حلقہ اربابِ ذوق کی ابتداء کس نے کی تھی ؟

ج :۔ میراجی۔ یوسف ظفر۔ قیوم نظر۔ اور شیر محمد اختر۔

س :۔ آزادی کے بعد حلقہ ارباب میں ذوق میں کون سے ادیب نمایاں تھے ؟

ج :۔ قیوم نظر۔ ریاض احمد۔ ضیاء جالندھری۔ یوسف ظفر۔ سعید شیخ۔ مولانا صلاح الدین احمد۔ سید قاسم محمود۔ شہزاد احمد۔ انتظار حسین وغیرہ۔

س :۔ حلقہ اربابِ ذوق منقسم کب ہوا؟

ج :۔ ۱۹۷۱ء

س :۔ ادیبوں کی ملک گیر تنظیم "پاکستان رائٹرز گلڈ" کس کے دور حکومت میں قائم ہوئی ؟

ج :۔ صدر ایوب

س :۔ رائٹرز گلڈ کو بامِ عروج پر کن ادیبوں نے پہنچایا؟

ج :۔ جمیل الدین عالی۔ ابن انشاء۔ شوکت صدیقی۔

س :۔ ادیبوں کی دوسری نیم سرکاری تنظیم کون سی ہے ؟

ج :۔ اکادمی ادبیات پاکستان۔

اردو ناول

س :۔ قیام پاکستان کے بعد زیادہ تر ناولوں کا موضوع کیا رہا؟

ج :۔ ہندو مسلم فسادات

س :۔ تقسیم کے موضوع پر ایم اسلم کا کون سا ناول چھپا؟

ج :۔ رقص بسمل

س :۔ رشید اختر ندوی نے کون سا ناول تقسیم کے موضوع پر لکھا؟

ج :۔ پندرہ اگست

س :۔ تحریک پاکستان پر نسیم حجازی کا کون سا مشہور ناول ہے ؟

ج :۔ خاک و خون

س :۔ رئیس احمد جعفری نے تقسیم کے موضوع پر کون سا ناول لکھا؟

ج :۔ مجاہد۔

س :۔ قیسی رام پوری کا تقسیم کے موضوع پر کونسا ناول ہے ؟

ج :۔ بے آبرو۔

س :۔ قدرت اللہ شہاب نے تقسیم کے موضوع پر کون سا ناولٹ لکھا؟

ج :۔ یاخدا۔

س :۔ قیام پاکستان کے بعد اردو کا ضخیم اور عظیم ناول قرۃ العین حیدر نے کس نام سے لکھا؟

ج :۔ آگ کا دریا

س :۔ ڈاکٹر محمد احسن فاروقی نے "شام اودھ" کے بعد کون سے ناول لکھے ؟

ج :۔ آبلہ دل۔ سنگم

س :۔ شوکت صدیقی کا کون سا ناول چارلس ڈکنز کے ہم پلہ ہے ؟

ج :۔ خدا کی بستی

س :۔ خدا کی بستی کا کون سی غیر ملکی زبانوں میں ترجمہ ہوا ہے ؟

ج :۔ انگریزی اور روسی

س :۔ شوکت صدیقی کا تین جلدوں پر مشتمل کون سا ناول ہے ؟

ج :۔ جانگلوس

س :۔ جمیلہ ہاشمی کو کس ناول پر رائٹرز گلڈ انعام ملا ؟

ج :۔ تلاش بہاراں

س :۔ جمیلہ ہاشمی کے اور ناول کون سے ہیں ؟

ج :۔ "چہرہ بہ چہرہ" "دشت سوس" ۔ "آتش رفتہ" اور "روہی"

س :۔ الطاف فاطمہ نے کون کون سے ناول لکھے ؟

ج :۔ دستک نہ دو۔ چلتا مسافر۔ نشان محفل۔

س :۔ خدیجہ مستور کے تحریک پاکستان کے پس منظر میں لکھے گئے مشہور ناول کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ آنگن

س :۔ خدیجہ مستور کا دوسرا ناول کون سا ہے ؟

ج :۔ زمین

س :۔ خاتون ناول نویسوں میں نثار عزیز کے کون سے ناول ہیں ؟

ج :۔ "نگری نگری پھرا مسافر" گئے چراغ نہ گلے" ۔ " کاروان وجود" ۔ دریا کے سنگ سنگ۔

س :۔ مشہور افسانہ نویس ناول نگار اور ڈرامہ نگار بانو قدسیہ کا مشہور ناول کون سا ہے ؟

ج :۔ راجہ گدھ

س :۔ رضیہ فصیح احمد کا المیہ مشرقی پاکستان پر کون سا ناول ہے ؟

ج :۔ صدیوں کی زنجیر

س :۔ رضیہ فصیح احمد کے اور ناول کون سے ہیں ؟

ج :۔ آبلہ پا۔ انتظام موسم گل۔ متاع درد۔

س :۔ رشیدہ رضویہ کے کون سے ناول ہیں ؟

ج :۔ لڑکی ایک دل کے ویرانے میں۔ اسی شمع کے آخری پروانے اور گھر میرا۔ راستے غم کے۔

س :۔ انتظار حسین کے تین ناول کون سے ہیں ؟

ج :۔ بستی۔ تذکرہ۔ آگے سمندر ہے۔

س :۔ اے حمید کے اہم ناول کون سے ہیں ؟

ج :۔ بادبان کھول دو۔ بارش میں جدائی۔ جنگل میں آگ سمندر جاگتا ہے۔ خوشبوؤں کا جواب۔

س :۔ انسانی تاریخ کے موضوع پر مستنصر حسین تارڑ کا ناول کون سا ہے ؟

ج :۔ بہاؤ

س :۔ جاسوسی ناول نگاروں میں اہم نام کس کا ہے ؟

ج :۔ ابن صفی

س :۔ نسوانی رومانی جذباتی ناول نگاری میں اہم ناول نگار کون ہیں ؟

ج :۔ اے آر خاتون۔ رضیہ بٹ۔ سلمٰی کنول۔ فاطمہ مبین

اردو افسانہ

س :۔ آزادی سے پہلے اردو افسانہ کا اہم موضوع کیا تھا ؟

ج :۔ غیر ملکی حکمرانوں کا سیاسی جبر و تشدد۔

س :۔ آزادی کے بعد اردو افسانہ کا موضوع کیا بنا ؟

ج :۔ ہجرت۔ ہندو مسلم فسادات۔

س :۔ ہجرت کے موضوع پر سعادت حسن منٹو کے شاہکار افسانے کون سے ہیں ؟

ج :۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ کھول دو

س :۔ ہجرت کے موضوع پر احمد ندیم قاسمی کا مشہور افسانہ کون سا ہے ؟

ج :۔ پرمشیر سنگھ

س :۔ اشفاق احمد کا شاہکار افسانہ کون سا ہے ؟

ج :۔ گڈریا

س :۔ ۱۹۶۰ء کے عشرے میں کون سے افسانہ نگار منظر عام پر آئے ؟

ج :۔ شوکت صدیقی۔ اشفاق احمد۔ انتظار حسین۔ اے حمید۔ بانو قدسیہ۔ سلیم اختر۔ محمد منشا یاد۔ ممتاز مفتی۔

س :۔ دیہاتی منظر نگاری اور جنگل کی فضا کے نمائندہ افسانے کس نے لکھے ؟
ج :۔ ابو الفضل صدیقی
س :۔ کرداروں کی نفسیاتی تصویر کشی میں کن افسانہ نگاروں نے کمال حاصل کیا؟
ج :۔ خدیجہ مستور۔ ہاجرہ مسرور۔ بانو قدسیہ۔ الطاف فاطمہ۔ رضیہ فصیح احمد۔ جمیلہ ہاشمی
س :۔ ہندی اور یونانی دیومالا کو نئے معنی پہنا کر کس افسانہ نگار نے استعمال کیا؟
ج :۔ ممتاز شیریں
س :۔ علامت اور تجرید کو کون سے افسانہ نگاروں نے استعمال کیا؟
ج :۔ انور سجاد۔ رشید امجد۔ اعجاز راہی۔ غلام ثقلین نقوی۔ احمد جاوید۔ خالدہ حسین
س :۔ تجرید و علامت کے ساتھ کہانی بیان کرنے کے فن میں کس نے مہارت حاصل کی ؟
ج :۔ زاہدہ حنا
س :۔ تاریخی اساطیر کو کس افسانہ نگار نے اپنے افسانوں میں استعمال کیا؟
ج :۔ انتظار حسین
س :۔ انتظار حسین کا شاہکار افسانہ کون سا ہے ؟
ج :۔ آخری آدمی

اردو سفر نامہ

س :۔ قیام سے پہلے سفر ناموں میں اہم نام کس کا ہے ؟
ج :۔ منشی محبوب عالم کمبل پوش
س :۔ محمود نظامی کا سفر نامہ کون سا ہے ؟
ج :۔ نظم نامہ
س :۔ جی الانہ کا کس نام سے سفر نامہ سیارہ ڈائجسٹ میں قسط وار چھپا؟
ج :۔ دیس بدیس
س :۔ اختر ریاض الدین نے کس نام سے سفر نامے لکھے ؟
ج :۔ سات سمندر پار۔ دھنک پر قدم
س :۔ ابن انشاء نے کس نام سے سفر نامے لکھے ؟
ج :۔ چلتے ہو تو چین کو چلیے۔ ابن بطوطہ کے تعاقب میں۔ دنیا گول ہے۔ آوارہ گردی کی

ڈائری۔

س :۔ کس ادیب کا سفر نامہ کئی سالوں سے روزنامہ جنگ میں شائع ہو رہا ہے ؟

ج :۔ جمیل الدین عالی

س :۔ سفرِ حج پر ممتاز مفتی کا مشہور سفر نامہ کس نام سے ہے ؟

ج :۔ لبیک

س :۔ محمد خالد اختر نے کس نام سے سفر نامہ لکھا؟

ج :۔ سواتی مہم

س :۔ محمد کاظم کا کس نام سے سفر نامہ شائع ہوا؟

ج :۔ جرمنی نامہ

س :۔ عطاء الحق قاسمی نے کس نام سے سفر نامہ لکھا؟

ج :۔ امریکہ اور یورپ کا سفر نامہ۔

س :۔ اشفاق احمد کے سفر نامے کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ سفر در سفر

س :۔ جدید سفر نامہ نگاروں میں مستنصر حسین تارڑ کے سفر ناموں کے کیا نام ہیں ؟

ج :۔ نکلے تیری تلاش میں۔ اندلس میں اجنبی۔ الو ہمارے بھائی ہیں۔ پاک سرائے۔ خانہ بدوش۔ سفر شمال کے۔ دلیں ہوئے پردیس۔ نانگا پربت ہنزہ داستان۔

س :۔ مختار مسعود نے کس نام سے سفر نامہ لکھا؟

ج :۔ سفر نصیب

اردو ڈرامہ

س :۔ قیام پاکستان کے وقت مشہور ترین ڈرامہ "انار کلی" کس کی تخلیق تھا؟

ج :۔ سید امتیاز علی تاج

س :۔ ابتدائی دور کے اردو ڈرامہ نگار کون کون ہیں ؟

ج :۔ مرزا ادیب۔ سید امتیاز علی تاج۔ سید عابد علی عابد۔ آغا بابر۔

س :۔ ٹیلی ویژن کی آمد کے بعد کون سے ڈرامہ نگار ابھرے ؟

ج :۔ اشفاق احمد۔ امجد اسلام امجد۔ حسینہ معین۔ بانو قدسیہ۔ منو بھائی۔ حمید کاشمیری۔

انور سجاد۔ اطہر شاہ خاں۔

اردو شاعری

س :۔ قیام پاکستان کے وقت کے قابل ذکر شعراء کون ہیں ؟

ج :۔ جوش ملیح آبادی۔ حفیظ جالندھری۔ اختر شیرانی۔ صوفی تبسم۔ سید عابد علی عابد۔ سیماب اکبر آبادی۔ احسان دانش۔ ن۔م۔ راشد۔ میراجی۔ فیض احمد فیض۔ احمد ندیم قاسمی

س :۔ قیام پاکستان کے بعد نئے اسلوب زبان ہیئت اور تکنیک سے وابستہ اہم شاعر کون ہیں ؟

ج :۔ عزیز حامد مدنی۔ میراجی۔ ن۔م۔ راشد۔ حفیظ ہوشیار پوری۔ قیوم۔ نظر۔ یوسف ظفر۔ مختار صدیقی۔ انجم رومانی۔

س :۔ نثری نظم کو ترقی دینے والے شاعر کون ہیں ؟

ج :۔ افتخار جالب۔ کشور ناہید۔ قمر جمیل۔ انیس ناگی۔ زاہد ڈار۔ عباس اطہر۔ رئیس فروغ۔

س :۔ سیاسی واقعات کے حوالے سے شاعری کرنے والے اہم نام کون سے ہیں ؟

ج :۔ حبیب جالب۔ آغا شورش کاشمیری۔ رئیس امروہی

س :۔ فیض احمد فیض کا کلام کس نام سے شائع ہوا ؟

ج :۔ نسخہ ہائے وفا

س :۔ عزیز حامد مدنی کے شعری مجموعے کے کیا نام ہیں ؟

ج :۔ چشم نگراں۔ دشت امکان۔ نخل گماں۔

س :۔ ن۔م۔ راشد کے شعری مجموعوں کے کیا نام ہیں ؟

ج :۔ ماورا۔ ایران میں اجنبی۔ لا انسان

س :۔ حفیظ ہوشیار پوری کے مجموعہ کلام کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ مقام غزل

س :۔ مصطفٰی زیدی کے شاعری کے مجموعے کون سے ہیں ؟

ج :۔ زنجیریں۔ روشنی۔ کوہ ندا۔ شہر آذر۔ موج مری صرف مری۔ گریبان۔ قبائے ساز

س :۔ انجم رومانی کے شعری مجموعے کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ کوئے ملامت

س :۔ حبیب جالب کے شعری مجموعے کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ برگ آوارہ۔ سر مقتل۔ عہد ستم۔ ذکر بہتے خون کا۔ گوشے میں قفس۔ عہد سزا۔ حرف حق۔اس شہر خرابی میں۔ حرف سر دار (کلیات)

س :۔ وزیر آغا کے شعری مجموعے کون سے ہیں ؟

ج :۔ شام اور سائے۔ دن کا زرد پہاڑ۔ غزلیں۔ نر دبان۔ آدھی صدی کے بعد۔

س :۔ شہزاد احمد کے شعری مجموعے کے کیا نام ہیں ؟

ج :۔ صدف۔ جلتی بجھتی آنکھیں۔ ادھ کھلا دریچہ۔ خالی آسمان۔ بکھر جانے کی رات۔ دیوار پر دستک۔ ٹوٹا ہوا پل۔ کون اسے جاتا دیکھے۔ پیشانی میں سورج۔

س :۔ کشور ناہید کے شعری مجموعہ کے کیا نام ہیں ؟

ج :۔ لب گویا۔ بے نام مسافت۔ گلیاں۔ دھوپ اور دروازے۔ ملا متوں کے درمیان عورت خواب اور خاک کے درمیان۔ ناوک دشنام۔

س :۔ پروین شاکر کی شاعری کے چار مجموعے کون سے ہیں ؟

ج :۔ خوشبو۔ صدبرگ۔ خود کلامی۔ انکار

س :۔ ابن انشاء کے شعری مجموعے کس نام سے ہیں ؟

ج :۔ چاند نگر۔ اس بستی کے اک کوچے میں۔ قصہ ایک کنوارے کا۔ چینی نظمیں (تراجم)۔ بلو کا بستہ (بچوں کے لئے)

س :۔ جمیل الدین عالی کے شعری مجموعے کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ غزلیں۔ دوہے گیت۔ لاحاصل۔ جیوے جیوے پاکستان

س :۔ سیف الدین سیف کے شعری مجموعے کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ دور دراز

س :۔ عطاء الحق قاسمی کے شعری مجموعے کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ ملاقاتیں ادھوری ہیں

طنز و مزاح

س :۔ پاکستان کے اولین مزاح نگار کون ہیں ؟

ج :۔ پطرس بخاری۔ شوکت تھانوی

س :۔ پطرس کے مزاحیہ مجموعے کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ پطرس کے مضامین

س :۔ شوکت تھانوی کی اہم تصانیف کون سی ہیں ؟

ج :۔ سنی سنائی۔ خدانخواستہ۔ شیش محل۔ بار خاطر۔ جوڑ توڑ۔ قاعدہ بے قاعدہ

س :۔ پچاس کی دہائی میں کس مزاح نگار نے دھوم مچائے رکھی ؟

ج :۔ شفیق الرحمٰن

س :۔ شفیق الرحمٰن کے مزاحیہ ناولوں کے کیا نام ہیں ؟

ج :۔ کرنیں۔ لہریں۔ پرواز۔ حماقتیں۔ مزید حماقتیں

س :۔ محمد خالد اختر کس کتاب سے مشہور ہوئے ؟

ج :۔ بیس سو گیارہ۔ چاکیواڑہ میں وصال

س :۔ کرنل محمد خاں کس کتاب سے مشہور ہوئے ؟

ج :۔ بجنگ آمد

س :۔ شفیق الرحمٰن کا مزاحیہ سفر نامہ کس نام سے ہے ؟

ج :۔ دجلہ

س :۔ ضمیر جعفری کی مزاحیہ تصانیف کون سی ہیں ؟

ج :۔ کتابی چہرے۔ اڑتے خاکے۔ میٹھا پانی۔ سفر نامہ جمع خبر نامہ۔ اخباری مضامین (ضمیر حاضر ضمیر غائب)

س :۔ مشتاق احمد یوسفی کی مزاحیہ تخلیق کون سی ہیں ؟

ج :۔ چراغ تلے۔ خاکم بدہن۔ زر گزشت۔ آب گم

س :۔ ابن انشاء کی مزاحیہ تخلیقات کون سی ہیں ؟

ج :۔ دنیا گول ہے۔ آوارہ گرد کی ڈائری اس کے علاوہ آپ سے کیا پردہ۔ بقلم خود۔ باتیں انشاء جی کی۔ دخل در معقولات کے عنوانات سے اخبارات میں فکاہیہ کالم۔

س :۔ اے حمید نے داستان امیر حمزہ کی کس نام سے پیروڈی لکھی ؟

ج :۔ داستان غریب حمزہ

س :۔ اخباری کالموں میں طنز و مزاح کا کامیاب استعمال کس نے کیا؟

ج :۔ ابراہیم جلیس۔ چراغ حسن حسرت۔ نصر اللہ خاں۔ عطاء الحق قاسمی احمد ندیم قاسمی

س :۔ اپنی ذات کو ہدف بنا کر مزاح ابھارنے کی کامیاب کوششیں کس نے کی ؟

ج :۔ مشکور حسین یاد

س :۔ روزنامہ زمیندار میں مزاحیہ کالم لکھنے والے حاجی لق لق کا اصلی نام کیا تھا؟

ج :۔ عطاء محمد

خاکہ نگاری

س :۔ پاکستان کے اولین خاکہ نگار سعادت حسن منٹو کے خاکوں کے مجموعے کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ گنجے فرشتے۔ لاؤڈ اسپیکر

س :۔ شاہد احمد دہلوی کے نرم و ملائم فقروں سے اپنے معاصرین کے خاکے کس مجموعہ میں شامل ہیں ؟

ج :۔ اجڑا دیار۔ گنجینہ گوہر

س :۔ اشرف صبوحی کے لکھے ہوئے خاکوں کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ دہلی کی چند عجیب ہستیاں

س :۔ مدیر نقوش محمد طفیل کے خاکے کس نام سے شائع ہوئے ؟

ج :۔ "صاحب" "جناب"۔ "آپ محترم"۔ "مکرم"۔ "معظم"

س :۔ ضمیر جعفری نے کس نام سے خاکے لکھے ؟

ج :۔ کتابی چہرے

س :۔ فارغ بخاری کے خاکوں کے مجموعہ کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ البم

بلوچی زبان وادب

س :۔ بلوچی زبان کی کس زبان سے بڑی مماثلت پائی جاتی ہے ؟

ج :۔ کردی زبان

س :۔ بلوچی زبان مشرقی و مغربی بلوچستان کے علاوہ کن علاقوں میں بولی جاتی ہے ؟

ج :۔ سیستان۔ایرانی بلوچستان مسقط۔دوبئی۔ابو ظہبی۔قطر۔بحرین۔کردستان کے علاوہ سوویت یونین کے ایک حصہ میں۔

س :۔ بلوچستانی پشتو کن علاقوں میں بولی جاتی ہے ؟

ج :۔ ژوب، لورالائی اور پشین

س :۔ بلوچی تحریری ادب کی عمر کتنی ہے ؟

ج :۔ ڈیڑھ سو سال

س :۔ بلوچوں کی لوک شاعری کو "پاپولر پوئٹری ان بلوچز" کے عنوان سے رومن رسم الخط میں لانگ ورتھ ڈیمز نے پہلی بار کب شائع کیا ؟

ج :۔ ۱۹۰۷ء

س :۔ قدیم بلوچی شاعری کو کون سے تین ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے ؟

ج :۔ پہلا دور میر چاکر رند اور میر گوہرام لاشاری کے زمانے پندرہویں صدی سولہویں صدی کے نصف اول تک دوسرا دور ۱۵۵۰ء سے ۱۸۳۰ء تیسرا دور ۱۸۳۰ء سے ۱۹۲۰ء تک۔

س :۔ قدیم نثری تحریریں کس شکل میں ہیں ؟

ج :۔ لوک کہانیوں کی صورت میں۔

س :۔ جدید نثری ادب کا آغاز کیسے ہوا ؟

ج :۔ دینی و مذہبی تحریروں سے۔

س :۔ قرآن مجید کا بلوچی ترجمہ مولانا حضور بخش جتوئی نے کب شائع کیا ؟

ج :۔ ۱۹۲۰ء

س :۔ مولانا خیر محمد ندوی نے پہلا بلوچی جریدہ "اومان" کے نام سے کب جاری کیا ؟

ج :۔ ۱۹۵۲ء

س :۔ آزاد جمال دینی نے کراچی سے ماہنامہ "بلوچی" کب جاری کیا؟

ج :۔ ۱۹۵۴ء

س :۔ ماہنامہ بلوچی کب بند ہوا؟

ج :۔ ۱۹۶۰ء

س :۔ کوئٹہ سے سرکاری سرپرستی میں امان اللہ گچکی کی زیرادارت "اولس" کب جاری ہوا؟

ج :۔ ۱۹۶۱ء

س :۔ بلوچی زبان کے مزید ادبی جرائد کون سے ہیں؟

ج :۔ بولان۔ بلوچستان جدید۔ نوائے وطن

س :۔ ریڈیو پاکستان کراچی سے بلوچی زبان میں نشریات کا آغاز کب ہوا؟

ج :۔ ۱۹۴۸ء

س :۔ بلوچی زبان کی ترقی کیلئے کون سی ادبی انجمنیں سرگرم ہیں؟

ج :۔ بلوچی اکیڈمی۔ ملا فاضل اکیڈمی۔ سید ظہور شاہ اکیڈمی۔ آزاد جمال دینی اکیڈمی۔ بلوچی ادبی سوسائٹی

س :۔ بلوچی زبان وادب کی تاریخ شیر محمد مری نے کب لکھی؟

ج :۔ ۱۹۶۱ء

س :۔ شیر محمد مری کی اہم تالیف کون سی ہے؟

ج :۔ بلوچی اردو لغت

س :۔ بلوچ شاعر مست توکلی اور رحم علی مری کا غیر مطبوعہ کلام کس نے مرتب کر کے شائع کیا؟

ج :۔ میر مٹھا خاں مری

س :۔ علامہ اقبال کے بارے میں میر مٹھا خاں مری نے کون سی کتاب لکھی؟

ج :۔ " درگال"

س :۔ اردو میں بلوچی ادب کی تاریخ کس نے لکھی؟

ج :۔ سید ظہور شاہ ہاشمی

س :۔ بلوچی زبان کا پہلا ناول "نازک" کس نے لکھا؟

ج :۔ سید ظہور شاہ ہاشمی

س :۔ جدید بلوچی ادب کی پہلی شاعرہ اور نثر نگار کون ہے ؟

ج :۔ بانل دشتیاری (نازبلی)

س :۔ بانل دشتیاری نے بلوچی ادب کو کون سا کردار دیا؟

ج :۔ بلوکپوت

س :۔ بلوچی ادب کے جدید افسانہ نگاروں کے کیا نام ہیں ؟

ج :۔ غوث بخش صابر۔ عزیز بگٹی۔ غنی پرواز۔ منیر یادینی۔ غنی طارق۔ عباس علی زیمی۔ رزاق نادر۔ ڈاکٹر علی دوست۔ حسرت بلوچ۔ گوہر ملک اور اصغر علی ازگ

س :۔ بلوچی زبان میں ڈرامے کس نے لکھے ؟

ج :۔ عطا شاد مرحوم

س :۔ بلوچ مزاحیہ ادب کا اہم نام کون سا ہے ؟

ج :۔ مجید بیگ بیگل

پنجابی زبان و ادب

س :۔ کس لسانی محقق کا قول ہے کہ "پنجابی کا جسم سنسکرتی ہے لیکن اس کا لباس بدلتا رہتا ہے" ؟

ج :۔ باوا سنگھ

س :۔ پنجابی زبان کی کون سی مختلف بولیاں ہیں ؟

ج :۔ دوآبی۔ بھٹیانی۔ پہاڑی۔ سرائیکی۔ ریاستی۔ ملتانی۔ چھاچھی۔ پوٹھوہاری۔ ماجھی۔ ہندکو

س :۔ پنجابی ادب کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے ؟

ج :۔ چھ

س :۔ پہلا دور کب شروع ہوتا ہے ؟

ج :۔ پہلا دور (بابر کی آمد سے پہلے کا دور) جوگیوں سے شروع ہوتا ہے اس دور میں ہندو جوگی اور مسلمان صوفیاء شامل ہیں۔

س :۔ پہلے دور کے جوگی اور صوفی شعرا کون سے ہیں ؟

ج :۔ جوگی شعرا میں چرپٹ ناتھ۔ گورکھ ناتھ۔ پورن بھگت۔ ترن ناتھ حاجی بابا رتن

شامل ہیں جبکہ مسلمان شعراء میں مسعود سعد سلمان۔ بابا فرید گنج شکر اور امیر خسرو۔

س :۔ دوسرا دور کون سا ہے ؟

ج :۔ بابا گورو نانک کا دور ان کا کلام پنجابی کا اولین مستند معیاری اور شاہکار ہے جو گرنتھ صاحب میں ملتا ہے۔

س :۔ تیسرا دور کون سا ہے ؟

ج :۔ تیسرا دور بابر کی آمد سے اورنگ زیب کی وفات تک کا ہے اس دور کے شاعر شاہ حسین۔ دمودر۔ سلطان باہو۔ بیلو۔ حافظ برخوردار۔ احمد گوجر۔ ججو بھگت لاہور۔ ستھرا شاہ عبداللہ لاہور۔ درویش محمد۔ دولت علی۔ مولوی عبدالحکیم۔ کمال الدین بھو۔ عبدالرحمٰن منہاس۔ حکیم درویش۔ شاہ ظریف۔ پیر محمد کاسی اور حافظ معزالدین ہیں۔

س :۔ پنجابی ادب کا چوتھا دور کون سا ہے ؟

ج :۔ چوتھا دور اورنگ زیب کی وفات سے انگریزوں کی آمد ۱۸۴۸ء تک کا ہے اس دور میں پنجابی نثر کا آغاز ہوا۔ پنجابی زبان کے قواعد لکھے گئے اس دور کی شاعری صوفیانہ اور رزمیہ نوعیت کی ہے۔

س :۔ چوتھے دور کے ادیب و شاعر کون سے ہیں ؟

ج :۔ بلھے شاہ۔ علی حیدر۔ خواجہ فرد فقیر۔ ہاشم شاہ مقبل۔ قادر یار احمد یار۔ حامد نجابت کوی۔ عبدالحکیم بہاولپوری۔ میاں لطف علی شاہ محمد۔ مولوی محمد مسلم

س :۔ پنجابی ادب کا پانچواں دور کون سا ہے ؟

ج :۔ پانچواں دور انگریزوں کی آمد کے بعد کا ہے جو تقریباً (۱۸۴۹ء تا ۱۹۴۷ء) ایک صدی پر محیط ہے اس دور میں سکھوں نے پنجابی کے حق میں شدت اختیار کر لی۔ پنجابی پر انگریزی اور اردو ادب کے اثرات پڑے۔

س :۔ پنجابی ادب کا چھٹا دور کون سا ہے ؟

ج :۔ چھٹے دور کا آغاز قیام پاکستان سے ہوتا ہے پنجاب کی تقسیم سے پنجابی ادب بھی تقسیم ہو گیا۔ مشرقی پنجاب میں پنجابی زبان گورمکھی رسم الخط میں لکھی جانے لگی۔

س :۔ پنجابی کی مشہور داستان ''سوہنی مہینوال'' کس نے لکھی ؟

ج :۔ فضل شاہ

س :۔ سیف الملوک کا مصنف کون ہے ؟

ج :۔ میاں محمد بخش

س :۔ چو مصرعے اور باراں ماہے کس نے لکھی ؟

ج :۔ ہدائت اللہ

س :۔ احسن القصص اور داستان امیر حمزہ کس نے لکھی ؟

ج :۔ مولوی غلام رسول

س :۔ قصہ مرزا صاحباں کس نے لکھی ؟

ج :۔ محمد بوٹا گجراتی

س :۔ "تفسیر محمد" کے نام سے قرآن مجید کا منظوم ترجمہ مع تفسیر کس نے لکھی ؟

ج :۔ حافظ محمد لکھوی

س :۔ "تفسیر قرآن" کے نام سے پنجابی میں قرآن کی تفسیر کس نے لکھی ؟

ج :۔ حافظ محمد لکھوی

س :۔ "تفسیر قرآن" کے نام سے پنجابی میں قرآن کی تفسیر کس نے لکھی ؟

ج :۔ مولوی حبیب اللہ فیروزدین

س :۔ قرآن مجید کے پنجابی نثر میں مشہور ترجمے کون سے ہیں ؟

ج :۔ نبی بخش حلوائی۔ عبداللہ چکڑالوی۔ میاں محمد چٹو کے تراجم

س :۔ روح المیلاد اور صلح نامہ حدیبیہ کس نے لکھی ؟

ج :۔ عبدالکریم قریشی

س :۔ میراں بخش منہاس کا ناول "جٹ دی کرتوت" کب شائع ہوا ؟

ج :۔ ۱۹۲۳ء

س :۔ آزادی سے پہلے کے مشہور ناول نگار کون سے ہیں ؟

ج :۔ بھائی ویر سنگھ۔ چرن سنگھ۔ گر بخش سنگھ۔ نانک سنگھ۔ موہن سنگھ جو شوا فضل الدین۔

س :۔ افضل احسن رندھاوا کے ناولوں کے کیا نام ہیں ؟

ج :۔ دیوا ئے دربار۔ دو آبہ۔ سورج گرہن۔ نہرہ

س :۔ ڈاکٹر محمد باقر کے پنجابی ناول کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ بنھ

س :۔ مستنصر حسین تارڑ کی پنجابی ناول کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ پکھیرو

س :۔ افسانہ اور ڈرامہ لکھنے والوں میں اہم نام کون سے ہیں ؟

ج :۔ سجاد حیدر۔ جوشوا فضل دین۔ عالم سیاہ پوش۔ فرخندہ لودھی۔ یونس جاوید۔ منو بھائی۔ بانو قدسیہ۔ مستنصر حسین تارڑ

س :۔ غالب کے کلام کے پنجابی ترجمے کس نے کیے ؟

ج :۔ دلشاد کلانچوی۔ رشیدہ سلیم سیمیں۔ صوفی تبسم۔ اختر حسین شیخ اور اسیر عابد

س :۔ کلام اقبال کے مترجمین کون سے ہیں ؟

ج :۔ شریف کنجاہی۔ عبدالغفور۔ اظہر اور خلیل آتش۔

س :۔ فیض احمد فیض کے کلام کا منظوم ترجمہ کس نے کیا؟

ج :۔ ماجد صدیقی اور احمد سلیم

س :۔ جوشوا فضل الدین نے "پنجابی دربار" کب جاری کیا؟

ج :۔ ۱۹۲۸ء

س :۔ پنجابی ادب کے نمایاں رسائل کون سے ہیں ؟

ج :۔ "پنجابی ادب"۔ "لہراں"

س :۔ پنجابی زبان کی ترقی کے لئے علمی و تحقیقی ادارے کون سے ہیں ؟

ج :۔ پنجابی ادبی بورڈ۔ پنجابی اکادمی۔ پنجابی لیگ۔ پنجابی ادبی سنگت اور پنجابی مجلس

پشتو زبان و ادب

س :۔ پشتو زبان کن علاقوں میں بولی جاتی ہے ؟

ج :۔ صوبہ سرحد کے اضلاع۔ ایجنسیوں ریاستوں اور بلوچستان کے بعض علاقوں میں۔

س :۔ پشتو ادب کے دو پہلو کون سے ہیں ؟

ج :۔ عوامی (اوسی) اور علمی

س :۔ پشتو ادب کو کتنے دور میں تقسیم کیا جاسکتا ہے ؟

ج :۔ چار

س :۔ پہلا دور کون سا ہے اور اس دور کی نمایاں ادبی شخصیات کون سی ہیں ؟

ج :۔ پہلا دور ۱۸۱۵ء سے ۱۵۹۰ء تک ہے اس دور کی شخصیات میں امیر کروڑ۔ ابو محمد ہاشم۔ شیخ متی۔ شیخ بختیار کاکی۔ احمد بن سعید لودھی۔ سلطان بہلول لودھی ۔ خلیل خاں نیازی۔ پیر روشاں (بایزید انصاری) دوست محمد کاکڑ۔ اخوند پنجو بابا۔ نعمت اللہ ہروی اور اللہ یار الکوزی

س :۔ پشتو کا پہلا تحریری شاعر کسے سمجھا جاتا ہے ؟

ج :۔ امیر کروڑ

س :۔ پیر روشاں کی تصوف پر اہم تصنیف کون سی ہے ؟

ج :۔ خیر البیان

س :۔ پشتو ادب کا دوسرا دور کون سا ہے ؟

ج :۔ ۱۵۹۰ء تا ۱۷۹۰ء اس دور میں پشتو ادب نے کافی ترقی کی

س :۔ دوسرے دور کے مشہور مصنف اخوند درویزہ کی تالیفات کون سی ہیں ؟

ج :۔ مخزن الاسلام۔ تذکرۃ الابرار والاشرار اور ارشاد طالبین

س :۔ عبدالقادر خٹک کی اہم تصانیف کون سی ہیں ؟

ج :۔ گلستان سعدی کا ترجمہ گلدستہ۔ یوسف زلیخا۔ نصیحت نامہ اور چہل حدیث

س :۔ دوسرے دور کے بڑے شاعر کون سے ہیں ؟

ج :۔ خوشحال خاں خٹک اور رحمان بابا

س :۔ خوشحال خاں خٹک کی اہم تصنیفات کے کیا نام ہیں ؟

ج :۔ بازنامہ۔ صحت البدن۔ فضل نامہ۔ مثنوی "سوات نامہ"۔ دستار نامہ فراق نامہ۔ فرخ نامہ۔ بیاض

س :۔ پشتو ادب کا تیسرا دور کون سا ہے ؟

ج :۔ ۱۷۹۰ء تا ۱۸۹۰ء اس دور کی تصنیفات میں اخلاقیات اور دینیات کا اثر غالب ہے

س :۔ تیسرے دور کے اہم ادیب اور شاعر کون سے ہیں ؟

ج :۔ احمد شاہ درانی۔ تیمور شاہ میاں عمر۔ ملا عبدالرشید۔ اخون گدا۔ سعادت خاں۔ قاسم علی آفریدی۔ عبداللہ میاں گل۔ نواز خٹک بیدل

س :۔ حافظ رحمت اللہ کی کتاب کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ گلستانِ رحمت

س:۔ تفسیر پیر کس نے تصنیف کی؟

ج:۔ مرادی علی صاحب زادہ

س:۔ تفسیر حسینی کا 'تفسیر بدر منیر' کے نام سے پشتو ترجمہ کس نے کیا؟

ج:۔ دوست محمد خصک

س:۔ دوست محمد خصک نے کس نام سے مثنویاں لکھیں؟

ج:۔ بحر العلوم اور اخلاق احمدی

س:۔ پشتو ادب کا چوتھا دور کون سا ہے؟

ج:۔ پشتو ادب کا چوتھا دور موجودہ دور ہے

س:۔ موجودہ دور کے نمایاں اہل قلم کون سے ہیں؟

ج:۔ پیرزادہ سید عبداللہ شاہ۔ مولوی میر احمد شاہ رضوانی۔ میاں محمد یوسف میاں حسیب گل کاکا خیل۔ مولوی عبدالمجید افغانی۔ میجر انیس اے رحمان۔ عبدالحلیم اثر۔ امیر حمزہ شنواری۔ دوست محمد خاں کامل

س:۔ جدید پشتو شاعروں میں نمایاں نام کون سے ہیں؟

ج:۔ غنی خاں۔ ولی محمد طوفان۔ قلندر مومند۔ ہمیش خلیل کرامت۔ رحمت شاہ سائل۔ اجمل خٹک۔ بر نواز مائل۔ سیدہ بشریٰ بیگم

س:۔ راحت زاخیلی نے پشتو کا سب سے پہلا افسانہ "کنواری بیوہ" کے نام سے کب لکھا؟

ج:۔ ۱۹۱۷ء

س:۔ علامہ اقبال کے کلام کے منظوم پشتو تراجم کس نے کیے؟

ج:۔ امیر حمزہ شنواری۔ سمندر خاں سمندر۔ شیر محمد مینوش

س:۔ خوشحال خاں اور رحمان بابا پر تحقیقاتی کام کس نے کیا ہے؟

ج:۔ دوست محمد کامل

س:۔ پشتو سے اردو ترجمے پر زیادہ تر کام کس نے کیا ہے؟

ج:۔ فارغ بخاری اور رضا ہمدانی

س:۔ پشتو افسانوں کے اردو ترجمے کس نے کیے ہیں؟

ج:۔ زیتون بانو اور طاہر آفریدی

س:۔ پشتو شعراء کے کلام کے منظوم ترجمے کس نے کیے ہیں؟

ج :۔ خاطر غزنوی اور تاج سعید

س :۔ پشتو کے ادبی جرگوں میں پہلا نام کس کا ہے ؟

ج :۔ اولسی ادبی جرگہ (عوامی ادبی انجمن)

س :۔ پشتو ادبی ٹوانہ کے نام سے ادبی جرگہ کوئٹہ میں کب قائم ہوا؟

ج :۔ ۱۹۵۷ء

س :۔ کراچی میں جرس ادبی جرگہ کب قائم ہوا؟

ج :۔ ۱۹۹۱ء

س :۔ جرس ادبی جرگہ کی جانب سے سہ ماہی ادبی جریدہ کس نام سے شائع ہوتا ہے ؟

ج :۔ "جرس پشتو"

س :۔ اکادمی کس کی کوششوں سے قائم ہوئی؟

ج :۔ باچا گل

س :۔ پشتو اکادمی نے کس قدر کام کیا ہے ؟

ج :۔ پشتو ٹائپ رائٹر کی تیاری پشتو کمپیوٹر کی تیاری رسم الخط کی یکسانیت پشتو ضرب الامثال اور محاورات کو اکٹھا کرنا

سندھی زبان وادب

س :۔ پاکستان کی قومی زبانوں میں سے قدیم ترین زبان کون سی ہے ؟

ج :۔ سندھی

س :۔ سندھی زبان کے اصل رسم الخط کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ لنڈا

س :۔ سندھی زبان کی کتنی شاخیں ہیں؟

ج :۔ پانچ (۱) سرائیکی سندھ کے مشرقی حصہ میں بولی جاتی ہے ۔(۲) تھریلی (۳) لاڑی (۴) کچھی (۵) وچولی جو خاص سندھ میں بولی جاتی ہے۔

س :۔ مسدس حالی سے متاثر ہو کر مولوی اللہ بخش ابو جھو نے سندھی میں "مسدس ابو جھو" کب لکھی؟

ج :۔ ۱۸۸۴ء

س :۔ اکبرالہ آبادی کی شاعری کا رنگ سندھی کے کون سے شاعر میں ہے ؟

ج :۔ شمس الدین بلبل

س :۔ جدید سندھی شاعری کا صبح کا تارا کس شاعر کو کہا جاتا ہے ؟

ج :۔ مرزا قلیچ بیگ

س :۔ سندھی ترقی پسند تحریک کے نمایاں شاعر کون سے ہیں ؟

ج :۔ حیدر بخش جتوئی۔ نارائن شام۔ ہری وریانی دلگیر۔ شیخ راز۔ شیخ ایاز

س :۔ سندھی ادبی بورڈ کا قیام کب عمل میں آیا ؟

ج :۔ ۱۹۵۱ء

س :۔ سندھی غزل کے پہلے صاحب دیوان شاعر کون تھے ؟

ج :۔ شیخ ایاز

س :۔ سندھی شاعری کے منظوم تراجم ڈاکٹر الیاس عشقی نے کس نام سے کیے ؟

ج :۔ موج موج مہران

س :۔ شیخ ایاز کے شعری مجموعے کون سے ہیں ؟

ج :۔ پونٹری آکاس۔ ککھی پاتم کیزو۔ چیو۔ چیچ لکھیان ژی لو۔

س :۔ یورپی مصنفوں کے شاہکار کو سندھی میں کس نے منتقل کیا ؟

ج :۔ مرزا قلیچ بیگ

س :۔ مرزا قلیچ بیگ کا مشہور ناول کون سا ہے ؟

ج :۔ زینت

س :۔ پیر حسام الدین کے مشہور افسانے کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ انار کلی

س :۔ تحریک خلافت کے بعد سندھی افسانہ نگاروں کے مشہور افسانے کون سے ہیں ؟

ج :۔ عبداللہ عبد کا ''اسکول ماسٹری''۔ عثمان علی انصاری کا ''ململ کا کرتا'' لطف اللہ بدوی کا ''غربت'' اور مرزا نادر بیگ کا ''مہوتی''

س :۔ قیام پاکستان سے کچھ عرصہ پہلے انقلابی رجحانات اور سماجی مسائل کو پیش کرنے والے قلمکار کون سے ہیں ؟

ج :۔ شیخ ایاز۔ شیخ راز۔ گوبند مالی۔ شیخ عبدالستار

س :۔ تحریک آزادی کے نمائندہ افسانے کون سے ہیں ؟
ج :۔ شیخ ایاز۔ کا "سفید وحشی"۔ لچھمن رلج پال کا "قومی سپاہی"۔ کیرت بلبانی کا "آزادی کی پکار"
س :۔ جمال ابڑو کے افسانوں کے مجموعہ کا کیانام ہے ؟
ج :۔ پشوپاشا
س :۔ ایاز قادری کے افسانوں کے مجموعہ کا کیانام ہے ؟
ج :۔ ڈاک بنگلو
س :۔ غلام ربانی کے افسانوں کے مجموعہ کا کیانام ہے ؟
ج :۔ ابروکا آب حیات
س :۔ شیخ ایاز کے افسانوں کے مجموعہ کا کیانام ہے ؟
ج :۔ پنھل کان پوء
س :۔ سندھی کی افسانہ نگار خواتین کون سی ہیں ؟
ج :۔ بیگم زینت چنا۔ شمس صدیقی۔ یاسمین روشن مغل۔ ثمیرہ زرین۔ جمیلہ نرگس۔ ماہتاب محبوب۔ رشید بلوچ۔ جمیلہ تبسم۔ نورالہدی شاہ۔ خیر النساء جعفری قمر واحد۔ تنویر جونیجو۔ پروین سومرو۔ خدیجہ شیخ۔ نیلو جویو۔
س :۔ سندھی ادب کے نمایاں ناول نگار کون سے ہیں ؟
ج :۔ محمد عثمان ڈیپلائی۔ انجم ہالائی۔ سید حیدر شاہ۔ سراج میمن آغا سلیم ۔امیر قریشی۔
س :۔ ۱۹۴۷ء کے بعد عبدالرزاق راز نے کس نام سے شاہکار افسانہ لکھا؟
ج :۔ فاتح سندھ
س :۔ لطف اللہ کے مشہور ڈرامہ کا کیانام ہے ؟
ج :۔ دودو چینسر
س :۔ کامیاب نثری ڈرامے لکھنے والوں میں کون شامل ہیں ؟
ج :۔ مراد علی مرزا۔ چنہ شبیر ناز۔ ممتاز مرزا۔ امر جلیل۔ عبدالکریم بلوچ علی بابا۔ آغا سلیم شیخ راز۔ امداد حسینی۔ آغا رفیق۔ شمشیر الحیدری طارق ابڑو۔ شوکت شور۔ عبدالقادر جونیجو
س :۔ سندھی خواتین ڈرامہ نگار کون سی ہیں ؟
ج :۔ نورالہدی شاہ ثریا سوز ڈیپلائی۔ مہتاب محبوب۔ سحر امداد۔ زرینہ بلوچ۔ غزالہ بھٹو۔ قمر واحد۔ زینت بروہی۔

س :۔ سندھی زبان میں آزادی سے پہلے طنز و مزاح کی روایت کو آگے بڑھانے والے کون تھے ؟

ج :۔ عطا حسین شاہ موسوی۔ علی محمد راشدی شیخ راز۔ مولائی شیدائی۔ علی احمد بروہی۔ محمد بخش بلوچ مجنوں۔ پیر حسام الدین راشدی۔ مولانا غلام محمد گرامی اور عثمان ڈیپلائی

س :۔ "عثمان حجام" کا مزاحیہ کردار کس نے تراشا ؟

ج :۔ علی احمد بروہی

س :۔ شیخ ایاز کے مزاحیہ خاکوں کے مجموعہ کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ سانگی کی ساریام

س :۔ عطا حسین شاہ موسوی کے انشائیے کس نام سے شائع ہوئے ؟

ج :۔ "کچ کودیو" (کیچ کوڑیاں)

س :۔ سندھی زبان میں فن تنقید پر کون سی کتابیں ہیں ؟

ج :۔ احسان بدوی کی "تنقید اور تنقید نگاری"۔ ڈاکٹر غلام علی الانا کی "سندھی نثر کی تاریخ" شیخ راز کی "تنقید اور تجزیہ"

س :۔ قائد اعظم کی شخصیت اور کارناموں پر عبدالغفور بھرگڑی کی ضخیم کتاب کیا کیا نام ہے ؟

ج :۔ سات دی سرواٹ

سائنس اور ٹیکنالوجی

س :۔ پاکستان میں پہلی سائنس کانفرنس کب ہوئی ؟

ج :۔ ۱۹۵۰ء کراچی میں

س :۔ فوڈ اینڈ ایگریکلچرل ریسرچ کونسل اور سائنٹفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ ڈیپارٹمنٹ کب قائم ہوا ؟

ج :۔ ۱۹۴۹ء

س :۔ خوراک اور صنعتی تحقیق کے اداروں کا انضمام کر کے "پاکستان کونسل ان سائنٹفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ (Pcsir) کب قائم ہوئی ؟

ج :۔ ۱۹۵۳ء

س :۔ سائنس پالیسی کو مربوط بنانے کی کوشش پہلی بار کس نے کی ؟

ج :۔ صدر ایوب خان

س :۔ صدر ایوب نے کس عالمی شہرت یافتہ سائنس دان کو سائنسی مشیر بنایا؟
ج :۔ ڈاکٹر عبدالسلام
س :۔ نیشنل سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کمیشن میں کون سے سائنسدان شامل تھے ؟
ج :۔ ڈاکٹر سلیم الزمان صدیقی اور ڈاکٹر آئی ای عثمانی
س :۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کی مستقل وزارت کب قائم کی گئی ؟
ج :۔ ۱۹۷۲ء
س :۔ وزارت سائنس اور ٹیکنالوجی کے زیر اہتمام کتنے ادارے کام کر رہے ہیں ؟
ج :۔ ۱۲
س :۔ مختلف وزارتوں اور صوبائی محکموں کے تحت سائنس کے مختلف شعبوں میں کتنے ادارے کام کر رہے ہیں ؟
ج :۔ ۱۷۰۔ مرکزی حکومت کے تحت ۱۰۴ اور صوبائی حکومتوں کے تحت ۶۶
س :۔ پاکستان بین الاقوامی ادارہ برائے سائنس کا رکن کب بنا؟
ج :۔ ۱۱ دسمبر ۱۹۷۹ء
س :۔ اسلامی سربراہی کانفرنس کی وزارتی کمیٹی برائے سائنسی تعاون کا سربراہ کون ہے ؟
ج :۔ صدر پاکستان
س :۔ پاکستان میڈیکل کونسل کا قیام کب عمل میں آیا؟
ج :۔ ۱۹۴۸ء
س :۔ کمیٹی برائے خلائی و بالائی تحقیق کا قیام کب عمل میں آیا؟
ج :۔ ۱۹۶۱ء
س :۔ خلائی تحقیقاتی ادارے سپارکو نے اپنا پہلا راکٹ رہبر اول کب خلا میں بھیجا؟
ج :۔ ۷ جون ۱۹۶۲ء
س :۔ پاکستان کے خلائی مواصلاتی مرکز کا افتتاح کب ہوا؟
ج :۔ ۱۹۷۴ء میں ذوالفقار علی بھٹو نے کیا۔
س :۔ موسمی پیش گوئی کا سب سے بڑا مرکز کہاں واقع ہے ؟
ج :۔ کراچی
س :۔ پرامن مقاصد کے لئے خلائی تحقیق کا کمیشن کب قائم ہوا؟

ج :۔ ۲۲ مئی ۱۹۸۱ء

س :۔ پاکستان نے خلائی راکٹ تیار کرنے اور خلاء میں تجربات کرنے کی اہلیت کب حاصل کی؟

ج :۔ جون ۱۹۸۱ء

س :۔ خلائی تحقیقاتی کمیٹی کو کمیشن کا درجہ کب دیا گیا؟

ج :۔ ۳۰ جون ۱۹۸۱ء

س :۔ سون میانی سے ۲ لاکھ فٹ کی بلندی تک لے جانے والا ساڑھے پانچ فٹ لمبا اور ۲۵ پونڈ وزنی پہلا موسمیاتی راکٹ کب چھوڑا گیا؟

ج :۔ ۱۹۶۲ء

س :۔ پاکستانی سائنس دانوں نے ایٹم کو منتشر کرنے کا کارنامہ پہلی بار کب سرانجام دیا؟

ج :۔ ۲۲ دسمبر ۱۹۶۶ء

س :۔ پاکستان میں پہلی بار میٹر ٹیسٹنگ مشین کب تیار کی گئی؟

ج :۔ ۸ مئی ۱۹۷۰ء

س :۔ پاکستان کے سب سے کم عمر سائنس دان کا اعزاز کس شخصیت کو حاصل ہے؟

ج :۔ ڈاکٹر امیر محمد

س :۔ پاکستان کے کس سائنس دان نے آئن سٹائن کے ساتھ مل کر کام کیا؟

ج :۔ ڈاکٹر رضی الدین صدیقی

س :۔ پاکستان اکیڈمی آف سائنس کی تشکیل کب ہوئی؟

ج :۔ ۹ جنوری ۱۹۵۶ء

س :۔ پاکستان کے ارضی مواصلاتی اسٹیشن کا کتنے ملکوں سے رابطہ ہے؟

ج :۔ ۲۸

س :۔ پاکستان ایٹمی توانائی کونسل کب قائم کی گئی؟

ج :۔ ۱۹۵۵ء

س :۔ پاکستان ایٹمی توانائی کونسل کے پہلے چیئرمین کون تھے؟

ج :۔ ڈاکٹر نذیر احمد

س :۔ پاکستان ایٹمی توانائی کونسل کو کمیشن کا درجہ کب ملا؟

ج :۔ ۱۹۵۶ء

س :۔ پاکستان میں پہلا ایٹمی ریکٹر کب نصب ہوا؟

ج :۔ دسمبر ۱۹۶۵ء کو اسلام آباد میں

س :۔ سائنس دانوں کی تعلیم کے لئے نیلور کے مقام پر پاکستان انسٹیٹیوٹ آف نیوکلیئر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کب قائم کیا گیا؟

ج :۔ ۱۹۷۰ء

س :۔ پاکستان کا پہلا ایٹمی پاور پلانٹ کینیڈا کے مالی تعاون سے کراچی میں کب نصب ہوا؟

ج :۔ ۱۹۷۲ء

س :۔ کراچی نیوکلیئر پاور پلانٹ (کینوپ) کی بجلی پیدا کرنے کی گنجائش کتنی ہے؟

ج :۔ ۱۳۷ میگاواٹ

س :۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف نیوکلیئر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (پنسٹک) میں ایٹمی سائنس کے کون سے شعبوں کی تعلیم دی جاتی ہے؟

ج :۔ نیوکلیئر فزکس۔ نیوکلیئر انجنیئر نگ۔نیوکلیئر کیمیا۔ ریڈیائی حیاتیات

س :۔ چشمہ نیوکلیئر پاور پلانٹ (چنوپ) کتنی بجلی پیدا کرنے کی گنجائش ہے؟

ج :۔ ۳۰۰ میگاواٹ

س :۔ خان ریسرچ لیبارٹریز کہوٹہ کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج :۔ ۱۹۷۶ء

س :۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خاں ریسرچ لیبارٹریز نے کن شعبوں میں کامیابیاں حاصل کی ہیں؟

ج :۔ یورینیم افزودگی۔ ایٹمی دھماکہ۔ میزائل ٹیکنالوجی

س :۔ زراعت کی تحقیق کے لئے نیوکلیئر انسٹی ٹیوٹ آف ایگری کلچر ٹنڈو جام کا قیام کب عمل میں آیا اور یہ کن شعبوں میں تحقیق کر رہا ہے؟

ج :۔ ۱۹۶۱ء زراعت میں ایٹمی توانائی کا استعمال۔ بائیو ٹیکنالوجی اور جینٹک انجینئر نگ

س :۔ ۱۹۷۲ء سے قائم نیوکلیئر انسٹی ٹیوٹ فار ایگری کلچر اینڈ بیالوجی فیصل آباد مین کن شعبوں میں تحقیق ہو رہی ہے؟

ج :۔ پودوں کی افزائش اور پیداوار میں اضافہ کے لئے بائیو ٹیکنالوجی اور جنیٹک

انجینئرنگ سے استفادہ

س :۔ پشاور میں نیوکلیئر انسٹی ٹیوٹ فار فوڈ اینڈ ایگری کلچر کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج :۔ ۱۹۸۲ء

س :۔ فیصل آباد میں نیوکلیئر انسٹی ٹیوٹ فار بائیو ٹیکنالوجی اینڈ جینٹک انجینئرنگ کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج :۔ ۱۹۸۲ء

س :۔ صحت اور علاج میں ایٹمی توانائی کی تحقیق کے لئے کتنے ادارے کام کر رہے ہیں؟

ج :۔ ۱۳

س :۔ صنعتی شعبہ میں ایٹمی توانائی کے استعمال کی تحقیق کے لئے کتنے ادارے مصروف تحقیق ہیں؟

ج :۔ ۶

پاکستان کا ایٹمی پروگرام

س :۔ پاکستان کے ایٹمی پروگرام کا آغاز کب ہوا؟

ج :۔ ۱۹۷۵ء

س :۔ پہلا ایٹمی ری ایکٹر نیلور اسلام آباد میں کب نصب ہوا؟

ج :۔ دسمبر ۱۹۶۵ء

س :۔ فرانس اور پاکستان کے درمیان ایٹمی ری پراسیسنگ پلانٹ کا سمجھوتہ کب ہوا؟

ج :۔ اکتوبر ۱۹۷۴ء

س :۔ انجینئرنگ ریسرچ لیبارٹری (ای۔آر۔ایل) کیا قیام کب عمل میں آیا؟

ج :۔ جولائی ۱۹۷۶ء

س :۔ فرانس نے پاکستان کو ایٹمی ری پراسیسنگ پلانٹ دینے سے کب انکار کیا؟

ج :۔ اگست ۱۹۷۷ء

س :۔ کھوٹہ میں نیوکلیئر ری پراسیسنگ پلانٹ کی تعمیر کا آغاز کب ہوا؟

ج :۔ ۱۹۷۸ء

س :۔ نیوکلیئر پراسیسنگ پلانٹ کھوٹہ نے کب کام شروع کیا؟

ج :۔ ۱۹۸۰ء

س :۔ ایٹمی پروگرام کی وجہ سے امریکہ نے پاکستان کی اقتصادی امداد کب بند کی ؟

ج :۔ اپریل ۱۹۷۹ء

س :۔ پاکستان یورینیم افزودگی کے قابل کب ہوا ؟

ج :۔ ۱۹۸۱ء

س :۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خاں نے پاکستان کے ایٹم بم بنانے کی صلاحیت کا اعلان کب کیا ؟

ج :۔ ۱۰فروری ۱۹۸۴ء

س :۔ امریکی صدر ریگن نے ضیاء الحق کو پانچ فی صد سے زیادہ یورینیم افزودہ کرنے پر سنگین نتائج کی دھمکی کب دی ؟

ج :۔ ستمبر ۱۹۸۴ء

س :۔ امریکی کانگریس نے پاکستان کی امداد کو امریکی صدر کی طرف سے جوہری ہتھیار نہ رکھنے کے سرٹیفکیٹ سے کب مشروط کیا ؟

ج :۔ جولائی ۱۹۸۵ء

س :۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خاں نے کلدیپ سے انٹرویو میں ایٹم بم بنانے کا اعتراف کب کیا ؟

ج :۔ یکم مارچ ۱۹۸۷ء

س :۔ پاکستان کی ایٹمی صلاحیت پر امریکی کانگریس میں بحث کب ہوئی ؟

ج :۔ یکم اکتوبر ۱۹۸۷ء

س :۔ چینی وزیر اعظم لی پنگ نے دورہ پاکستان کے موقعہ پر ۳۰۰ میگاواٹ کے ایٹمی پلانٹ دینے کا اعلان کب کیا ؟

ج :۔ ۱۶نومبر ۱۹۸۹ء

س :۔ پاکستان نے چاغی بلوچستان میں پانچ ایٹمی دھماکے کب کیے ؟

ج :۔ ۲۸ مئی ۱۹۹۸ء

پاکستان کا میزائل پروگرام

س :۔ پاکستان اسپیس اینڈ ایئر ایٹمو سفیر ریسرچ کمیشن (سپارکو) کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج :۔ ۱۹۶۱ء

س :۔ سپارکو نے راکٹ کے تجربات کب کیے ؟

ج :۔ ۱۹۶۲ء

س :۔ سپارکو نے راکٹ موٹر بنانے کی صلاحیت کب حاصل کی ؟

ج :۔ ۱۹۷۰ء

س :۔ حتف i۔ حتف ii اور زمین سے زمین پر مار کرنے والے بیلاسٹک میزائل کے پروگرام کا آغاز کب ہوا؟

ج :۔ ۱۹۸۰ء

س :۔ راکٹ فیکٹری کا افتتاح کب ہوا؟

ج :۔ ۱۹۸۷ء

س :۔ حتف i اور حتف ii کی یوم پاکستان کے موقع پر نمائش کب کی گئی ؟

ج :۔ ۱۹۸۹ء

س :۔ ۱۰۰ کلو میٹر رینج حتف i-A بنانے کی خبریں کب آئیں ؟

ج :۔ ۱۹۹۱_۹۲ء

س :۔ حتف ii کے اپریشنل ہونے کا اعلان کب کیا گیا؟

ج :۔ ۱۹۹۶ء

س :۔ ۸۰۰ کلو میٹر رینج غوری i کا تجربہ کب ہوا؟

ج :۔ ۱۹۹۸ء

س :۔ غوری ii اور شاہین میزائل کے تجربات کب کیے گئے ؟

ج :۔ ۱۹۹۹ء

دفاع

س :۔ پاکستان ملکی دفاع پر بجٹ کا کتنے فی صد خرچ کرتا ہے ؟
ج :۔ ۲۵ فی صد
س :۔ موجودہ مالی سال ۲۰۰۰ ۔ ۱۹۹۹ میں ملکی دفاع کے لیے کتنی رقم مختص کی گئی ؟
ج :۔ ۱۴۲ بلین کل بجٹ ۶۲۴ بلین کا ۳۵ فی صد
س :۔ قومی دفاع و سلامتی کونسل کب تشکیل دی گئی ؟
ج :۔ ۱۹۹۷ء
س :۔ قومی دفاع و سلامتی کے دائمی رکن کون ہیں ؟
ج :۔ (۱) صدر پاکستان (۲) وزیر اعظم پاکستان (۳) وزیر دفاع (۴) وزیر خارجہ (۵) وزیر داخلہ (۶) وزیر خزانہ (۷) چیف آف آرمی سٹاف

پاکستان آرمی

س :۔ پہلی جنگ عظیم میں مسلمانوں کی کتنی تعداد تھی ؟
ج :۔ پنجابی مسلمان ۱۳۶۰۰۰
افغان مسلمان ۲۸۰۰۰
ہندوستانی مسلمان ۳۶۰۰۰
س :۔ قیام پاکستان کے وقت پاکستان کو کتنی انفنٹری رجمنٹ ملیں ؟
ج :۔ ۸
س :۔ پاکستان کے حصہ میں بری فوج کے کتنے یونٹ آئے ؟
ج :۔ ۵۰۸
س :۔ تقسیم کے وقت صوبہ سرحد میں کتنے بٹالین موجود تھے ؟
ج :۔ ۳۲
س :۔ پاکستان کی بری فوج کا پہلا کمانڈر انچیف کون تھا ؟
ج :۔ لیفٹننٹ جنرل فرینک میسروی
س :۔ پاکستان کو اپنے حصہ کے ایک لاکھ ساٹھ ہزار ٹن آرڈیننس سٹور میں سے کتنا ملا ؟

ج :۔ فروری ۱۹۴۸ء تک صرف ڈھائی ہزار ٹن اور ایک سال بعد صرف ۲۳ ہزار ٹن اور ملا

س :۔ پاکستان کے حصہ کی ۱۷۰۰ گاڑیوں میں پاکستان کو کتنی ملیں؟

ج :۔ ۴۷

س :۔ ۶۰ ہزار ٹن گولہ بارود میں سے کتنا حصہ ملا؟

ج :۔ کچھ بھی نہیں

س :۔ چودہ اگست ۱۹۴۷ء میں انتقال اقتدار کی تقریب میں بری فوج کی کتنی تعداد نے حصہ لیا؟

ج :۔ صرف ایک کمپنی پیش کی جا سکی

س :۔ پاکستان کی مسلح افواج کا سپریم کمانڈر کون ہے؟

ج :۔ صدر پاکستان

س :۔ قیام پاکستان کے وقت فوجی تربیت کے کتنے ادارے پاکستان کے حصہ میں آئے؟

ج :۔ صرف ایک سٹاف کالج کوئٹہ

س :۔ ملک بھر میں بری فوج کی تربیت کے کتنے ادارے قائم کیے گئے ہیں؟

ج :۔ ۹

س :۔ سٹاف کالج کوئٹہ کب قائم ہوا؟

ج :۔ ۱۹۰۵ء

س :۔ سٹاف کالج کوئٹہ میں کس کی تربیت ہوتی ہے؟

ج :۔ آرمی افسروں کی

س :۔ کون سے دو صدر سٹاف کالج کوئٹہ کے گریجویٹ تھے؟

ج :۔ صدر ایوب اور آغا محمد یحییٰ خان

س :۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول کب قائم ہوئی؟

ج :۔ اکتوبر ۱۹۴۷ء

س :۔ ملٹری اکیڈمی کاکول کا نصاب انگلستان کے کس ادارے کی طرز پر ہے؟

ج :۔ سندھرسٹ اکیڈمی

س :۔ ملٹری اکیڈمی کاکول میں کس کی تربیت کی جاتی ہے؟

ج :۔ کمیشن حاصل کرنے والے امیدواروں کی

س :۔ ملٹری اکیڈمی کاکول سے پہلے تربیت پانے والے کیڈٹوں کے دستے کا کیا نام رکھا گیا؟

ج :۔ فرسٹ پاکستان بٹالین

س :۔ ملٹری اکیڈمی کاکول کے تربیت یافتہ کتنے افسروں نے نشان حیدر حاصل کیا؟

ج :۔ ۳

س :۔ ملٹری کالج آف انجینئرنگ رسال پور میں کالج کے پہلے سربراہ لیفٹننٹ کرنل ڈیوڈ نے کب قائم کیا؟

ج :۔ ۱۹۴۸ء

س :۔ ملٹری کالج آف انجینئرنگ کے تربیت یافتہ انجینئروں نے کون کونسی اہم شاہراہیں تعمیر کی ہیں؟

ج :۔ انڈس ویلی روڈ۔ شاہراہ قراقرم۔ آزاد کشمیر میں سڑکوں اور پلوں کی تعمیر بلوچستان میں آب پاشی کے منصوبے

س :۔ ملٹری کالج آف انجینئرنگ سے ہر سال کتنے افسر فارغ ہوتے ہیں؟

ج :۔ ۲۰۰

س :۔ ملٹری کالج آف سگنلز کب قائم کیا گیا؟

ج :۔ ۱۹۴۷ء

س :۔ آرمی میڈیکل کالج راولپنڈی میں کب قائم ہوا؟

ج :۔ ۱۹۷۶ء

س :۔ آرمی میڈیکل کالج میں کون تربیت پاتا ہے؟

ج :۔ میڈیکل کیڈٹ کے منتخب طلبہ

س :۔ انفنٹری سکول کب قائم ہوا؟

ج :۔ ۱۹۴۷ء

س :۔ انفنٹری سکول کی تنظیم نو کب کی گئی؟

ج :۔ ۱۹۵۷ء

س :۔ نیشنل ڈیفنس کالج راولپنڈی میں کب قائم کیا گیا؟

ج :۔ ۱۹۷۰ء

س :۔ نیشنل ڈیفنس کالج میں برطانیہ کے کس ادارے کی طرز پر تینوں افواج کی مشترکہ

سروس کی بنیاد پر تربیت دی جاتی ہے ؟

ج :۔ امپیریل ڈیفنس کالج

س :۔ نوشہرہ میں سکول آف آرٹلری کب قائم کیا گیا ؟

ج :۔ یکم دسمبر ۱۹۴۷ء

س :۔ سکول آف آرٹلری کی تنظیم نو کب کی گئی ؟

ج :۔ ۱۹۵۵ء

س :۔ آرٹلری سکول میں کمپیوٹر کے استعمال سے نئے دور کا آغاز کب ہوا ؟

ج :۔ ۱۹۷۷ء

س :۔ کیڈٹ کالج کہاں کہاں واقع ہیں ؟

ج :۔ حسن ابدال۔ کوہاٹ۔ پشاور۔ لاڑکانہ

س :۔ کیڈٹ کالجوں میں کس طرز کی تعلیم دی جاتی ہے ؟

ج :۔ سائنس اور دیگر مضامین کے ساتھ فوجی ڈسپلن کی تربیت

س :۔ فوجیوں کی فلاح و بہبود کے ادارے کون سے ہیں ؟

ج :۔ فوجی فاؤنڈیشن اور آرمی ویلفیئر ٹرسٹ

س :۔ فوجی فاؤنڈیشن کتنے تعلیمی اداروں کو چلا رہی ہے ؟

ج :۔ چھاؤنیوں میں ۸۲ پبلک سکول اور ۲۰۰ فیڈرل گورنمنٹ سکول

س :۔ فوجی فاؤنڈیشن کتنے طبی ادارے چلا رہی ہے ؟

ج :۔ ۶۰

س :۔ ۱۹۷۲ء تک بری فوج کے سربراہ کو کیا کہا جاتا تھا ؟

ج :۔ کمانڈر انچیف

س :۔ ۱۹۷۲ء کے بعد آرمی کے سربراہ کو کیا کہا جاتا ہے ؟

ج :۔ چیف آف سٹاف

س :۔ پاکستان آرمی کا صدر دفتر "جنرل ہیڈ کوارٹر" جی۔ایچ کیو کہاں واقع ہے ؟

ج :۔ راولپنڈی

س :۔ جنرل ہیڈ کوارٹر کس کی ماتحتی میں کام کرتا ہے ؟

ج :۔ چیف آف دی سٹاف جن کا عہدہ جنرل کا ہوتا ہے

س :۔ آرمی ہیڈ کوارٹر کے کون سے چھ شعبے ہیں ؟

ج :۔ جنرل سٹاف برانچ۔ ایڈ جوٹنٹ جنرل۔ کوارٹر ماسٹر جنرل۔ جنرل آرڈیننس برانچ انجینئر انچیف برانچ۔ ملٹری سیکرٹری برانچ ہر شعبہ کا سربراہ لیفٹننٹ جنرل ہوتا ہے۔

س :۔ پاکستان آرمی کے جونیئر عملے کے عہدے کیا ہیں ؟

ج :۔ جوان ۔ سوار۔ سپاہی ۔ لانس نائیک۔ حوالدار۔ دفعدار۔ جمعدار۔ رسالدار۔ صوبیدار۔ رسالدار میجر۔ صوبیدار میجر

س :۔ پاکستان آرمی کے سینئر عہدے کیا ہیں ؟

ج :۔ سیکنڈ لیفٹننٹ۔ لیفٹننٹ۔ کیپٹن۔ میجر۔ لیفٹننٹ کرنل۔ کرنل۔ بریگیڈیئر۔ میجر۔ جنرل۔ لیفٹننٹ جنرل۔ جنرل۔ فیلڈ مارشل

س :۔ مسلح افواج میں کتنی قسم کے اعزازات دیئے جاتے ہیں ؟

ج :۔ ۲ قسم کے ایک جو میدان جنگ میں جانفروشی اور شجاعت پر دیئے جاتے ہیں جو یہ ہیں : نشانِ حیدر۔ ہلال جرأت۔ ستارہ جرأت۔ تمغہ جرأت دوسری قسم کے اعزازات ان جوانوں اور افسروں کو دیئے جاتے ہیں جو میدانِ جنگ سے باہر اپنے فرائض کو جرات اور تن دہی سے انجام دیتے ہیں۔ وہ اعزازات یہ ہیں : ستارۂ بسالت تمغۂ بسالت ۔ امتیازی سند۔ تمغۂ خدمت

س :۔ نشان حیدر کون سے صحابی سے منسوب ہے ؟

ج :۔ حضرت علیؓ

س :۔ نشانِ حیدر کا اعزاز کس شکل کا ہے ؟

ج :۔ پانچ کونوں والے ستارہ کی شکل کا

س :۔ نشان حیدر پر چاند تارہ کس چیز سے بنایا جاتا ہے ؟

ج :۔ ہیرا

س :۔ نشان حیدر برطانیہ کے کس اعزاز کے مساوی ہے ؟

ج :۔ وکٹوریہ کراس

س :۔ ہلال جرات کس دھات کا بنا ہوتا ہے ؟

ج :۔ سونا

س :۔ نشان حیدر کی پشت پر کیا درج ہوتا ہے ؟

ج :۔ نشان حیدر پانے والے کے مختصر حالات۔ آرمی نمبر۔ نام۔ مقام شہادت۔ لفظ شہید اور تاریخ شہادت

س :۔ نشان حیدر کا اعزاز کب جاری کیا گیا؟

ج :۔ ۲۳ مارچ ۱۹۵۰ء

س :۔ پہلا نشان حیدر پانے والے کا کیا نام تھا؟

ج :۔ کیپٹن سرور شہید

س :۔ نشان حیدر کے اعزازی فیتے کی لمبائی کتنی ہے؟

ج :۔ ڈیڑھ انچ

س :۔ ستارہ جرات کس دھات کا بنا ہوتا ہے؟

ج :۔ چاندی

س :۔ تمغہ جرات کس دھات کا بنا ہوتا ہے؟

ج :۔ کانسی

س :۔ دوسرا نشان حیدر کس نے حاصل کیا؟

ج :۔ میجر محمد طفیل شہید

س :۔ تیسرا نشان حیدر کسے دیا گیا؟

ج :۔ میجر راجہ عزیز احمد بھٹی شہید

س :۔ چوتھے نشان حیدر کا اعزاز کس نے پایا؟

ج :۔ پائلٹ افسر راشد منہاس شہید

س :۔ پانچواں نشان حیدر کسے ملا؟

ج :۔ میجر شبیر شریف شہید

س :۔ ساتواں نشان حیدر کسے ملا؟

ج :۔ سوار محمد حسین شہید

س :۔ آٹھواں نشان حیدر کسے ملا؟

ج :۔ لانس نائیک محمد محفوظ شہید

س :۔ لاہور۔ سرگودھا اور سیالکوٹ کے شہریوں کو ۱۹۶۵ء کی جنگ میں بہادری اور جوانمردی کے جوہر دکھانے پر ہلال استقلال دینے کا اعلان کب ہوا؟

ج:۔ ۱۴ اگست ۱۹۶۷ء

س:۔ ہلال استقلال کا پرچم کہاں لہرایا جاتا ہے؟

ج:۔ لاہور۔ سرگودھا اور سیالکوٹ کے جناح ہال پر۔

س:۔ لاہور کے شہریوں کو صدر ایوب نے ہلال استقلال کب عطا کیا؟

ج:۔ ۱۴ اپریل ۱۹۶۷ء

س:۔ جنرل محمد موسیٰ نے سیالکوٹ کے شہریوں کو ہلال استقلال کب عطا کیا؟

ج:۔ ۷ مئی ۱۹۶۷ء

س:۔ سرگودھا کے شہریوں کو جنرل محمد موسیٰ نے ہلال استقلال کب عطا کیا؟

ج:۔ ۸ مئی ۱۹۶۷ء

س:۔ ہلال استقلال ہر سال کب بدلا جاتا ہے؟

ج:۔ ۶ ستمبر

س:۔ ہلال استقلال کی سفید پٹی پر کس قسم کے نشان ہیں؟

ج:۔ مسلح افواج کے

س:۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول کی پہلی سالانہ پریڈ کی سلامی کس نے لی؟

ج:۔ لیاقت علی خان نے ۱۹۵۰ء میں

س:۔ پاکستان میں سب سے پہلے مسلح افواج کا ہفتہ کب منایا گیا؟

ج:۔ ۳۱ جنوری ۱۹۷۷ء

س:۔ اندرون ملک اشیاء کی نقل و حمل کو یقینی بنانے کے لئے نیشنل لاجسٹک سیل کب قائم کیا گیا؟

ج:۔ ۱۹۸۷ء

س:۔ اٹک میں چین کے تعاون سے طیارہ شکن اسلحہ ساز فیکٹری نے کب کام شروع کیا؟

ج:۔ مارچ ۱۹۸۸ء

س:۔ پاکستان میں اسمبل ہونے والا پہلا ریڈار "جرافہ" کب فوج کے حوالے کیا گیا؟

ج:۔ نومبر ۱۹۸۸ء

س:۔ سام میزائل پاکستان میں مکمل طور پر کب تیار کیا گیا؟

ج:۔ نومبر ۱۹۸۹ء

س :۔ فضاء سے فضاء میں مار کرنے والے میزائل ہومنگ کا کامیاب تجربہ کب ہوا؟

ج :۔ جون ۱۹۸۹ء

س :۔ آرمی انجینئروں نے ٹینک اور طیارہ شکن میزائل "گرین" کب تیار کیا؟

ج :۔ مئی ۱۹۹۰ء

س :۔ ملک میں تیار کردہ ٹرک "یعسوب" کب فوج کے حوالے کیا گیا؟

ج :۔ جولائی ۱۹۹۰ء

س :۔ پاکستان میں بننے والے ٹینک "الخالد" کو کب فوج کے حوالے کیا گیا؟

ج :۔ جولائی ۱۹۹۱ء

س :۔ طیارہ شکن میزائل عنزہ MK-11 کب فوج کے حوالے کیا گیا؟

ج :۔ ستمبر ۱۹۹۴ء

س :۔ بری فوج کا پہلا کمانڈر انچیف کون تھا؟

ج :۔ جنرل فرینک میسروی اگست ۱۹۴۷ء تا فروری ۱۹۴۸ء

س :۔ بری فوج کا دوسرا کمانڈر انچیف کون تھا؟

ج :۔ جنرل ڈگلس گریسی فروری ۱۹۴۸ء تا جنوری ۱۹۵۱ء

س :۔ بری فوج کا تیسرا کمانڈر انچیف کون تھا؟

ج :۔ فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں جنوری ۱۹۵۱ء تا اکتوبر ۱۹۵۸ء

س :۔ بری فوج کا چوتھا کمانڈر انچیف کون تھا؟

ج :۔ جنرل محمد موسیٰ خاں اکتوبر ۱۹۵۸ء تا ستمبر ۱۹۶۶ء

س :۔ بری فوج کا پانچواں کمانڈر انچیف کون تھا؟

ج :۔ جنرل آغا محمد یحییٰ خاں ستمبر ۱۹۶۶ء تا دسمبر ۱۹۷۱ء

س :۔ بری فوج کا چھٹا کمانڈر انچیف کون تھا؟

ج :۔ لیفٹننٹ جنرل گل حسن دسمبر ۱۹۷۱ء تا مارچ ۱۹۷۲ء

س :۔ بری فوج کا پہلا چیف آف آرمی سٹاف کون تھا؟

ج :۔ جنرل ٹکا خاں مارچ ۱۹۷۲ء تا مارچ ۱۹۷۶ء

س :۔ بری فوج کا دوسرا چیف آف آرمی سٹاف کون تھا؟

ج :۔ جنرل محمد ضیاء الحق مارچ ۱۹۷۶ء تا اگست ۱۹۸۸ء

س :۔ بری فوج کا تیسرا چیف آف آرمی سٹاف کون تھا؟

ج :۔ جنرل مرزا اسلم بیگ اگست ۱۹۸۸ء تا اگست ۱۹۹۱ء

س :۔ بری فوج کا چوتھا چیف آف آرمی سٹاف کون تھا؟

ج :۔ جنرل آصف نواز جنجوعہ اگست ۱۹۹۱ء تا جنوری ۱۹۹۳ء

س :۔ بری فوج کا پانچواں چیف آف آرمی سٹاف کون تھا؟

ج :۔ جنرل عبدالوحید خاں کاکڑ جنوری ۱۹۹۳ء تا ۸ اکتوبر ۱۹۹۸ء

س :۔ بری فوج کا چھٹا چیف آف آرمی سٹاف کون تھا؟

ج :۔ جنرل جہانگیر کرامت جنوری ۱۹۹۶ء تا ۸ اکتوبر ۱۹۹۸ء

س :۔ بری فوج کا موجودہ چیف آف آرمی سٹاف کون ہے؟

ج :۔ جنرل پرویز مشرف۔

س :۔ بری فوج کو کب بحریہ اور فضائیہ سے سینیئر قرار دیا گیا؟

ج :۔ ۲۱ مارچ ۱۹۵۶ء

س :۔ بری فوج میں لیفٹننٹ کرنل کا اعزازی عہدہ کس بڑی شخصیت کو دیا گیا؟

ج :۔ سر آغا خاں

س :۔ پاکستان کی سب سے بڑی چھاؤنی کہاں ہے؟

ج :۔ کھاریاں

س :۔ جائنٹ چیف آف سٹاف کمیٹی کا پہلا چیئرمین کون تھا؟

ج :۔ جنرل محمد شریف

پاک فضائیہ

س :۔ پاک فضائیہ کب وجود میں آئی؟

ج :۔ ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء

س :۔ پاک فضائیہ کا پہلا سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر وائس مارشل آرایل پیری کین ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء تا ۱۸ فروری ۱۹۴۹ء

س :۔ پاک فضائیہ کا ہیڈ کوارٹر کہاں بنایا گیا؟

ج :۔ پشاور

س :۔ تقسیم کے نتیجہ میں پاک فضائیہ کے حصہ میں طیاروں کے کتنے اسکواڈرن آئے؟

ج :۔ ۱۲ اس کے علاوہ ایک بیڑا ڈکوٹا، ہارورڈ اور ٹائیگر کے قسم کے طیاروں پر مشتمل۔

س :۔ پاک فضائیہ کے پاس ابتدائی طور پر کتنے پائلٹ اور نیوی گیٹر تھے؟

ج :۔ دو پائلٹ ٹرانسپورٹ طیارے اڑا سکتے تھے۔ ۳ نیویگیٹر اور تین سگنلز۔

س :۔ رسالپور میں فلائنگ ٹریننگ سنٹر کب قائم کیا گیا؟

ج :۔ ۱۵ ستمبر ۱۹۴۷ء

س :۔ ریکروٹس ٹریننگ اینڈ ٹیکنیکل سنٹر کہاں قائم کیا گیا؟

ج :۔ کراچی

س :۔ قائداعظم نے فلائنگ ٹریننگ سکول رسالپور کا کب دورہ کیا اور اسے کالج کا درجہ دیا؟

ج :۔ ۱۳ اپریل ۱۹۴۸ء

س :۔ ایئر ہیڈ کوارٹر پشاور سے کہاں منتقل کر دیا گیا؟

ج :۔ کراچی

س :۔ پاکستان کو امریکی طیارے کب ملے؟

ج :۔ ۱۹۵۴ء

س :۔ پی اے ایف کالج کو اکیڈمی کا درجہ کب دیا گیا؟

ج :۔ ۱۹۵۷ء

س :۔ پاک فضائیہ جیٹ طیاروں کے دور میں کب داخل ہوئی؟

ج :۔ ۱۹۵۷ء

س :۔ ایئر ہیڈ کوارٹر پشاور دوبارہ کب منتقل کیا گیا؟

ج :۔ ۱۹۵۹ء

س :۔ ۱۹۶۵ء کی جنگ میں پاک فضائیہ کے پاس کتنے طیارے تھے؟

ج :۔ ۱۶۴

س :۔ پاک فضائیہ کے ۱۵۰ طیاروں نے کتنے بھارتی طیاروں کا مقابلہ کیا؟

ج :۔ ۳۶۵

س :۔ ۱۹۶۵ء کی جنگ میں پاک فضائیہ نے اپنے ۱۹ طیاروں کے مقابلہ میں بھارت کے کتنے طیارے تباہ کیے؟

ج :۔ ۱۱۰

س :۔ پاک فضائیہ کا سربراہ کس عہدہ کا ہوتا ہے ؟

ج :۔ ایئر چیف مارشل

س :۔ فضائیہ کے چار شعبے کون سے ہیں ؟

ج :۔ ایئر سٹاف برانچ۔ ایڈمن برانچ۔ مینٹنس برانچ پالیسی اور پلاننگ کی برانچ۔

س :۔ فضائیہ کی ہر برانچ کا سربراہ کس عہدہ کا ہوتا ہے ؟

ج :۔ ایئر وائس مارشل یا ایئر کموڈور۔

س :۔ پاک فضائیہ کے جونیئر عملے کے عہدے کیا ہیں ؟

ج :۔ ایئر کرافٹس مین درجہ دوم۔ ایئر کرافٹس مین درجہ اول کارپورل سارجنٹ۔ فلائٹ۔ سارجنٹ۔ وارنٹ افیسر۔ ماسٹر وارنٹ افیسر۔

س : پاک فضائیہ میں سنیئر عملے کے عہدے کیا ہیں ؟

ج :۔ پائلٹ افیسر۔ فلائنگ افیسر۔ فلائٹ لیفٹنٹ۔ اسکواڈرن لیڈر۔ ونگ کمانڈر۔ گروپ کیپٹن۔ ایئر کموڈور۔ ایئر وائس مارشل۔ ایئر چیف مارشل۔

س :۔ پاک فضائیہ میں نوجوان ہوابازوں اور دوسرے عملے کی تربیت کے لئے کون سے ادارے ہیں ؟

ج :۔ پری کیڈٹ اور پری اپرینٹس اسکول۔

س :۔ ہوابازوں کو جدید ٹیکنالوجی کی تربیت کون سا ادارہ دیتا ہے ؟

ج :۔ ٹیکنیکل کنونشن سکول کوہاٹ۔

س :۔ اہم ترین فنی تعلیم کا کون سا ادارہ ہے ؟

ج :۔ پی۔ اے۔ ایف کالج

س :۔ پاک فضائیہ کے افسر برطانیہ کے کون سے اداروں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرتے ہیں ؟

ج :۔ رائل ایئر فورس کالج کارنوال۔ رائل ایئر فورس ٹیکنیکل سکول ہالٹن اس کے علاوہ امریکہ کے تربیتی اداروں میں۔

س :۔ پاکستان کے تربیتی اداروں میں سب سے بڑا ادارہ کون سا ہے ؟

ج :۔ پی۔ اے۔ ایف اکیڈمی رسالپور۔

س :۔ ۲۲ ستمبر ۱۹۴۷ء کو پہلے تربیتی طیارے کو کس نے اڑایا؟

ج :۔ فلائٹ لیفٹننٹ خیر خاں اور ان کے شاگرد فلائٹ کیڈٹ اختر۔

س :۔ لورٹوپہ مری اور سرگودھا میں دو تربیتی ادارے کب قائم کیے گئے ؟

ج :۔ ۱۹۵۲ء

س :۔ ہوابازوں کو بلند پہاڑی مقامات پر طیارہ اتارنے کی صورت میں زندہ رہنے کی تربیت کے لئے کالاباغ میں سکول کب قائم کیا گیا ؟

ج :۔ ۹ جولائی ۱۹۵۸ء سکی اینڈ سروائیول سکول۔

س :۔ پاک فضائیہ کے پہلے دستہ نے تربیت کب مکمل کی ؟

ج :۔ ۲ جنوری ۱۹۴۸ء کو پہلی پریڈ ہوئی۔

س :۔ ایروناٹیکل کالج کورنگی کراچی میں کتنے سال کا فضائی انجینئرنگ کا کورس ہے ؟

ج :۔ چار سالہ ڈگری کورس۔

س :۔ طیارہ سازی اور ری بلڈنگ کے لئے ایروناٹیکل کمپلیکس کامرہ کا افتتاح کب ہوا ؟

ج :۔ وزیر دفاع میر علی احمد تالپور نے ۸ نومبر ۱۹۸۰ء کو کیا۔

س :۔ پاک فضائیہ کے انجینئروں نے ایف ۱۶ طیاروں کو دوران پرواز ایندھن فراہم کرنے کی ٹیکنالوجی کب حاصل کی ؟

ج :۔ جولائی ۱۹۸۸ء

س :۔ پاک فضائیہ نے ایف ۱۶ طیاروں کی اوورہالنگ میں کامیابی کب حاصل کی ؟

ج :۔ ستمبر ۱۹۹۲ء

س :۔ شہباز نامی طیارے کی پاکستان میں تیاری کب مکمل ہوئی ؟

ج :۔ ۱۹۹۳ء

س :۔ میراج طیاروں کی اوورہالنگ کی صلاحیت کب حاصل کی ؟

ج :۔ مئی ۱۹۹۴ء

س :۔ پاک فضائیہ کا جنگی بیڑا کس قسم کے طیاروں پر مشتمل ہے ؟

ج :۔ فائٹر (لڑاکا طیارے) ٹرانسپورٹ جہاز۔ ہیلی کاپٹر۔ تربیتی طیارے اور بمبار طیارے۔

س :۔ میراج طیارے کی کیا خصوصیت ہیں ؟

ج :۔ آواز سے تیز رفتار ۳۰ ملی میٹر کی دو توپوں۔ بم۔ راکٹ اور فضا سے فضا میں مار کرنے والے میزائل پر مشتمل۔

س :۔ ایف ۸۶ لڑاکا طیارے کی کیا خصوصیات ہیں ؟

ج :۔ ۷۶۰ میل فی گھنٹہ کی رفتار ۵.۵۰ انچ کی چھ توپوں پر مشتمل۔

س :۔ حتف اول میزائل اور حتف دوم میزائل کی مار کتنی ہے ؟

ج :۔ ۸۰ کلو میٹر اور ۳۰۰ کلو میٹر۔

س :۔ حتف میزائل کی نسبت کس سے ہے ؟

ج :۔ رسول اکرم ﷺ کی تلوار سے جو کئی غزوات میں استعمال ہوئی۔

س :۔ عنزہ میزائل کی مار کتنی ہے ؟

ج :۔ ۵۰ میٹر سے پانچ ہزار میٹر کی بلندی تک یہ اپنا ہدف خود تلاش کرنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔

س :۔ عنزہ میزائل کی نسبت کس سے ہے ؟

ج :۔ صحابی رسول حضرت زبیرؓ کے نیزہ سے جو جنگ بدر۔ احد اور خیبر میں استعمال ہوا اور رسول اکرم ﷺ نے مختلف مواقع پر بھی استعمال کیا۔

س :۔ پی۔ اے۔ ایف میوزیم کب قائم کیا گیا ؟

ج :۔ پاک فضائیہ کی گولڈن جوبلی کے موقع پر ایئر چیف مارشل عباس خٹک نے افتتاح کیا۔

س :۔ پاک فضائیہ کے اور میوزیم کہاں ہیں ؟

ج :۔ پشاور اور سرگودھا۔

س :۔ پاک فضائیہ کا مرکزی میوزیم کہاں ہے ؟

ج :۔ فیصل بیس کراچی کے جنوب مغربی گوشے میں ۲۶ ایکڑ کی سرسبز و شاداب پٹی میں بنایا گیا

س :۔ پی۔ اے۔ ایف میوزیم میں اہم یادگار کیا ہے ؟

ج :۔ قائداعظم کے زیر استعمال "والکنگ" طیارہ۔

س :۔ پاک فضائیہ کے پاس لڑاکا طیارے کتنے ہیں ؟

ج :۔ ۱۵۳

س :۔ اہم ہوائی مراکز کہاں واقع ہیں ؟

ج :۔ ڈرگ روڈ (کراچی) مسرور (کراچی) ۔ گلگت ۔ کوہاٹ۔ مالیر۔ میرن شاہ۔ پشاور۔ رسالپور۔ سمندری۔ سرگودھا۔ شورکوٹ۔

س :۔ پاک فضائیہ کا پہلا سربراہ کون تھا ؟

ج :۔ ایئر وائس مارشل پیری کین اگست ۱۹۴۷ء تا فروری ۱۹۴۹ء

س :۔ پاک فضائیہ کا دوسرا سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر وائس مارشل آر ایل امری فروری ۱۹۴۹ء تا مئی ۱۹۵۱ء

س :۔ پاک فضائیہ کا تیسرا سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر وائس مارشل ایل۔ڈبلیو کینن مئی ۱۹۵۱ء تا جون ۱۹۵۵ء

س :۔ پاک فضائیہ کا چوتھا سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر وائس مارشل اے ڈبلیو میکڈونلڈ جون ۱۹۵۵ء تا جولائی ۱۹۵۷ء

س :۔ پاک فضائیہ کا پانچواں اور پہلا مسلمان سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر مارشل اصغر خاں جولائی ۱۹۵۷ء تا جولائی ۱۹۶۵ء

س :۔ پاک فضائیہ کا چھٹا سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر مارشل نور خاں جولائی ۱۹۶۵ء تا اگست ۱۹۶۹ء

س :۔ پاک فضائیہ کا ساتواں سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر مارشل رحیم اگست ۱۹۶۹ء تا مارچ ۱۹۷۲ء

س :۔ پاک فضائیہ کا آٹھواں سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر مارشل ظفر چودھری (قادیانی) مارچ ۱۹۷۲ء تا اپریل ۱۹۷۴ء

س :۔ پاک فضائیہ کا نواں سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر چیف مارشل ذوالفقار علی خاں اپریل ۱۹۷۴ء تا جولائی ۱۹۷۸ء

س :۔ ۲۲ جولائی ۱۹۷۸ء سے ۵ مارچ ۱۹۸۵ء تک پاک فضائیہ کا سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر چیف مارشل محمد انور شمیم۔

س :۔ ۶ مارچ ۱۹۸۵ء سے ۸ مارچ ۱۹۸۸ء تک فضائیہ کا سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر چیف مارشل جمال احمد خان۔

س :۔ ۹ مارچ ۱۹۸۸ء سے ۸ مارچ ۱۹۹۱ء تک فضائیہ کا سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر چیف مارشل حکیم اللہ

س :۔ پاک فضائیہ کا تیرہواں سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر چیف مارشل فاروق فیروز ۹ مارچ ۱۹۹۱ء تا ۷ نومبر ۱۹۹۴ء۔

س :۔ پاک فضائیہ کا چودھواں سربراہ کون تھا؟

ج :۔ ایئر چیف مارشل ایم اے خٹک ۸ نومبر ۱۹۹۴ء تا ۷ نومبر ۱۹۹۷ء

س :۔ پاک فضائیہ کا موجودہ سربراہ کون ہے ؟

ج :۔ ایئر چیف مارشل پرویز مہدی نومبر ۱۹۹۷ء سے تاحال

س :۔ قراقرم نامی جیٹ طیارہ کب تیار کیا گیا؟

ج :۔ جنوری ۱۹۹۱ء

پاک بحریہ

س :۔ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو جن جہازوں پر قومی پرچم لہرایا گیا تعداد میں کتنے تھے ؟

ج :۔ ۴۔ (۱) نڈار تھا اس کا نام شمشیر رکھا گیا (۲) دھانوش (ذوالفقار) گوداوری (سندھ) اور نربدا جس کا نام جہلم رکھا گیا۔

س :۔ پاکستان کے حصہ میں آنے والے جہاز کس قسم کے تھے ؟

ج :۔ فریگیٹ

س :۔ بحریہ کے عملہ کی تعداد کتنی تھی ؟

ج :۔ ۳۵۰۰ جن میں ۲۱۷ افسر تھے۔

س :۔ چار سرنگیں صاف کرنے والے جہاز بحریہ میں کب شامل ہوئے ؟

ج :۔ ۱۹۴۸ء

س :۔ ٹیپو سلطان اور طارق بحری بیڑے میں کب شامل ہوئے ؟

ج :۔ ۱۹۵۱ء

س :۔ "طغرل" پاک بحریہ میں کب شامل ہوا؟

ج :۔ ۱۹۵۴ء

س :۔ جدید طرز کا لڑاکا جہاز "تیمور" پاک بحریہ کے بیڑے میں کب شامل ہوا؟

ج :۔ ۱۹۵۷ء

س :۔ آزادی کے وقت پاک بحریہ کا واحد تربیتی ادارہ کون سا تھا؟

ج :۔ پی۔ این۔ ایس ہمالیہ

س :۔ دو سرنگیں صاف کرنے والے جہازوں کے علاوہ "بابر" ۔ بدر ۔ عالم گیر اور جہانگیر کا اضافہ کب ہوا؟

ج :۔ ۱۹۵۷ء

س :۔ پاک بحریہ کو فلیٹ ٹینکر اور ایک آبدوز کب ملی ؟

ج :۔ ۱۹۶۰ء

س :۔ ۱۹۷۰ء میں کتنی آبدوزوں کا اضافہ ہوا ؟

ج :۔ ۳

س :۔ ۱۹۶۵ء کی جنگ میں پاک بحریہ نے بھارت کے کس بحری اڈے کو تباہ کر دیا ؟

ج :۔ دوارکا

س :۔ پاک بحریہ کی تنظیم نو کب کی گئی ؟

ج :۔ ۱۹۷۱ء کی جنگ کے بعد

س :۔ پاک بحریہ کے انجینئروں اور ماہرین کی پہلی تیار کردہ میزائل بوٹ کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ جلالت

س :۔ پاکستان کس ملک کے فنی تعاون سے آبدوزیں تیار کر رہا ہے ؟

ج :۔ فرانس

س :۔ پاک بحریہ کے ڈاکیارڈ نے آبدوزوں، جنگی جہازوں اور میزائل کشتیوں کی ری بلڈنگ کر کے کتنا سرمایہ بچایا ہے ؟

ج :۔ ۷ ارب روپے

س :۔ پاک بحریہ کے انجینئروں اور ماہرین کے تیار کردہ بحری جنگی جہاز کا کیا نام ہے ؟

ج :۔ لاڑکانہ

س :۔ پاک بحریہ کا ہیڈ کوارٹر کراچی سے اسلام آباد کب منتقل کیا گیا ؟

ج :۔ ۱۹۷۴ء

س :۔ پاک بحریہ کے سربراہ کو کیا کہا جاتا ہے ؟

ج :۔ چیف آف نیول سٹاف۔

س :۔ چیف آف نیول سٹاف اپنی کمان کا استعمال کن مجاز کمانڈروں کے ذریعہ کرتا ہے ؟

ج :۔ ۴۔ کمانڈر پاکستان فلیٹ۔ کمانڈر کراچی۔ کمانڈر لاجسٹکس۔ کمانڈر نارتھ نیوی۔

س :۔ چیف آف نیول سٹاف کی مدد کون سے چار سٹاف افسر کرتے ہیں ؟

ج :۔ ڈپٹی چیف آف نیول اپریشن۔ ڈپٹی چیف آف نیول سٹاف۔ ڈپٹی چیف آف نیول سٹاف ٹیکنیکل۔ ڈپٹی چیف آف نیول ایوی ایشن۔

س :۔ ڈپٹی چیف آف نیول اپریشن کی کیا ذمہ داریاں ہیں ؟

ج :۔ نیوی کی تمام نقل و حرکت ۔ ابلاغ ۔ تجاویز۔ منصوبہ بندی۔ تحفظ۔ جاسوسی نظام کار۔ تعلقات عامہ اور جملہ افسروں کی تقسیم کار۔

س :۔ ڈپٹی چیف آف نیول سٹاف (عملہ) کی کیا ذمہ داریاں ہیں ؟

ج :۔ جملہ ملازمین کی سروس کے کوائف شرائط ملازمت نظم و ضبط۔ مفادات و بہبود بھرتی۔ تربیت اور ریٹائرمنٹ کی نگرانی۔

س :۔ ڈپٹی چیف آف نیول سٹاف (ٹیکنیکل) کی کیا ذمہ داریاں ہیں؟

ج :۔ جملہ مشینری اور پرزہ جات کے سٹور کی نگرانی ۔ جہازوں ۔ کشتیوں۔ آبدوزوں۔ میزائلوں کی مقامی ساخت مختلف اقسام کے جہازوں کی فراہمی ۔ ڈاکیارڈ۔ جہازوں کی دیکھ بھال۔ مرمت اور ان پر استعمال ہونے والے آلات واسلحہ وغیرہ کی فراہمی۔

س :۔ ڈپٹی چیف آف نیول ایوی ایشن کی کیا ذمہ داریاں ہیں ؟

ج :۔ ہوابازی کی تنظیم اور باہمی تعاون اور رابطہ کی ذمہ داری۔ بحری جہازوں پر صفائی عملے کے نظم وضبط اور کارکردگی کی نگرانی اور ان کے معاملات کا انتظام۔

س :۔ پاک بحریہ کے جونیئر عملے کے عہدے کون سے ہیں ؟

ج :۔ آرڈیز ریٹ۔ ایبل ریٹ۔ لیڈنگ ریٹ۔ پیٹی افیسر۔ چیف آف پیٹی افیسر مڈشپ مین۔ برانچ لسٹ افیسر

س :۔ پاک بحریہ میں سینئر عہدے کون سے ہیں ؟

ج :۔ سب لیفٹننٹ۔ لیفٹننٹ۔ کمانڈر۔ کموڈور۔ ریئر ایڈمرل۔ وائس ایڈمرل۔ ایڈمرل۔

س :۔ پاک بحریہ کے کتنے تربیتی ادارے ہیں ؟

ج :۔ ۵

س :۔ پی۔ این۔ ایس ہمالیہ میں کس قسم کی تربیت دی جاتی ہے ؟

ج :۔ جہازرانی۔ توپ چلانا۔ آبدوز چلانا اور تارپیڈو مارنا

س :۔ پی۔ این۔ ایس رہبر میں کس قسم کی تربیت دی جاتی ہے ؟

ج :۔ جہازسازی۔ اسلحہ سازی۔ کمپیوٹر اور الیکٹرونکس

س :۔ پی۔این۔ایس بابر میں کس قسم کی تربیت دی جاتی ہے؟
ج :۔ فنی اور انتظامی نوعیت کی۔
س :۔ بحری فوج کا پہلا کمانڈر انچیف کون تھا؟
ج :۔ ریئر ایڈمرل جے جیمز ولفریڈ اگست ۱۹۴۷ء تا فروری ۱۹۵۳ء
س :۔ پاک بحریہ کا پہلا مسلمان اور دوسرا کمانڈر انچیف کون تھا؟
ج :۔ ریئر ایڈمرل حافظ محمد صدیق چوہدری فروری ۱۹۵۳ء تا فروری ۱۹۵۹ء
س :۔ پاک بحریہ کا تیسرا کمانڈر انچیف کون تھا؟
ج :۔ وائس ایڈمرل ایس۔ایم۔احسن۔ اکتوبر ۱۹۶۶ء تا اگست ۱۹۶۹ء
س :۔ پاک بحریہ کا پانچواں کمانڈر انچیف کون تھا؟
ج :۔ وائس ایڈمرل مظفر حسن اگست ۱۹۶۹ء تا دسمبر ۱۹۷۱ء
س :۔ دسمبر ۱۹۷۱ء سے مارچ ۱۹۷۵ء تک پاک بحریہ کا سربراہ کون تھا؟
ج :۔ وائس ایڈمرل ایچ حفیظ احمد
س :۔ مارچ ۱۹۷۵ء سے مارچ ۱۹۸۳ء تک بحریہ کا سربراہ کون تھا؟
ج :۔ ایڈمرل کے آر نیازی۔
س :۔ مارچ ۱۹۸۳ء سے اپریل ۱۹۸۶ء تک چیف آف نیول سٹاف کون تھا؟
ج :۔ ایڈمرل طارق کمال خان۔
س :۔ اپریل ۱۹۸۶ء سے ستمبر ۱۹۸۸ء تک چیف آف نیول سٹاف کون تھا؟
ج :۔ ایڈمرل افتخار احمد سروہی۔
س :۔ ستمبر ۱۹۸۸ء سے نومبر ۱۹۹۱ء تک چیف آف نیول سٹاف کون تھا؟
ج :۔ ایڈمرل یسطور الحق
س :۔ نومبر ۱۹۹۱ء تا نومبر ۱۹۹۴ء چیف آف نیول سٹاف کون تھا؟
ج :۔ ایڈمرل ایس محمد خان
س :۔ نومبر ۱۹۹۴ء سے اپریل ۱۹۹۷ء تک چیف آف نیول سٹاف کون تھا؟
ج :۔ ایڈمرل فصیح بخاری
س :۔ ساحلی تنصیبات اور حساس مقامات کی حفاظت کے لئے میرین فورس کب قائم کی گئی؟
ج :۔ نومبر ۱۹۹۰ء

س :۔ موجودہ چیف آف نیول سٹاف کون ہے ؟

ج :۔ ایڈمرل عبدالعزیز مرزا۔

معیشت

س :۔ پاکستان کا پہلا پانچ سالہ منصوبہ کون سی مدت کے لئے تھا؟

ج :۔ یکم اپریل ۱۹۵۵ء تا مارچ ۱۹۶۰ء

س :۔ پہلے پانچ سالہ منصوبہ کو رائے عامہ کے لئے کب مشتہر کیا گیا؟

ج :۔ ۱۹۵۶ء

س :۔ پہلا پانچ سالہ منصوبہ کب نافذ العمل ہوا؟

ج :۔ ۱۵ اپریل ۱۹۵۷ء

س :۔ ترقیاتی مقاصد کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی؟

ج :۔ ۱۱۶۰ کروڑ

س :۔ عمل درآمد میں تاخیر کی وجہ سے ترقیاتی رقم کتنی کردی گئی؟

ج :۔ ۱۰۸۰ کروڑ

س :۔ پہلے پانچ سالہ ترقیاتی منصوبہ میں نجی اور سرکاری شعبہ پر کتنی رقم خرچ ہوئی؟

ج :۔ ۳۳۰ کروڑ نجی شعبہ پر اور ۷۵۰ کروڑ سرکاری شعبہ پر

س :۔ پہلا پانچ سالہ ترقیاتی منصوبہ ناکام کیوں ہوا؟

ج :۔ پانچ سال نہ چل سکنے کی وجہ سے

س :۔ دوسرا پانچ سالہ منصوبہ کون سی مدت کے لئے بنایا گیا؟

ج :۔ یکم جولائی ۱۹۶۰ء سے ۳۰ جون ۱۹۶۵ء تک

س :۔ دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں کتنی رقم خرچ کرنے کا پروگرام تھا؟

ج :۔ ۱۹۰۰ کروڑ روپے

س :۔ قیمتوں میں اضافہ کے سبب نومبر ۱۹۶۱ء میں کتنی رقم کا اضافہ کیا گیا؟

ج :۔ ۴۰۰ کروڑ

س :۔ منصوبہ بندی کمیشن نے دوسرے پانچ سالہ منصوبہ کی روشنی میں کتنی لمبی مدت کا نیا منصوبہ بنایا؟

ج :۔ ۲۰ سال

س :۔ بیس سالہ تناظری منصوبہ ۸۵۔۱۹۶۵ء کے کیا مقاصد تھے ؟

ج :۔ (۱) قومی آمدنی میں چار گنا اور فی کس آمدنی میں تین گنا اضافہ۔

(۲) مشرقی و مغربی پاکستان کے درمیان معاشی تفاوت کا خاتمہ۔

(۳) شرح خواندگی میں اضافہ۔

(۴) غیر ملکی امداد سے نجات اور خود انحصاری کی ترویج۔

(۵) بے روزگاری کا خاتمہ۔

س :۔ ۲۰ سالہ منصوبہ کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا؟

ج :۔ ۵ سالہ مدت کے ۴ حصوں میں۔

س :۔ پہلے حصہ کی مدت کتنی تھی ؟

ج :۔ یکم جون ۱۹۶۵ء سے ۳۰ جون ۱۹۷۰ء

س :۔ منصوبہ کے پہلے حصہ پر کتنی رقم خرچ کرنے کا پروگرام تھا؟

ج :۔ ۵۲۰۰ کروڑ

س :۔ ۲۰ سالہ منصوبہ کا پہلا حصہ کیوں ناکام ہوا؟

ج :۔ ۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ کی وجہ سے

س :۔ چوتھا پانچ سالہ منصوبہ کون سی مدت کے لئے تھا؟

ج :۔ یکم جولائی ۱۹۷۰ء تا ۳۰ جون ۱۹۷۵ء

س :۔ چوتھے پانچ سالہ منصوبہ میں کتنی رقم خرچ کرنے کا پروگرام تھا؟

ج :۔ ۷۵۰۰ کروڑ

س :۔ چوتھا پانچ سالہ منصوبہ کیوں ناکام ہوا؟

ج :۔ مشرقی پاکستان کی علیحدگی۔ ۱۹۷۱ء کی جنگ.

س :۔ پانچواں پانچ سالہ منصوبہ کون سی مدت کے لئے بنایا گیا؟

ج :۔ یکم جولائی ۱۹۷۸ء سے ۳۰ جون ۱۹۸۳ء تک

س :۔ پانچویں ترقیاتی منصوبہ میں کتنی رقم خرچ کرنے کا پروگرام تھا؟

ج :۔ ۲۱۰ ارب روپے

س :۔ پانچواں ترقیاتی منصوبہ کس حد تک کامیاب رہا؟

ج :۔ جزوی

س :۔ چھٹا پانچ سالہ منصوبہ کون سی مدت کے لئے تھا؟

ج :۔ یکم جولائی ۱۹۸۳ء تا ۳۰ جون ۱۹۹۳ء

س :۔ ساتویں منصوبہ میں کتنی رقم خرچ کرنے کا پروگرام تھا؟

ج :۔ ۶۶۰ ارب

س :۔ ساتویں منصوبہ میں سالانہ ترقی کی کیا رفتار رکھی گئی؟

ج : خام ملکی پیداوار کی صورت میں 6.5 فی صد اور خام قومی پیداوار کی صورت میں 6.1 فی صد

س :۔ ساتویں منصوبہ میں ملکی وسائل پر کتنا انحصار کیا گیا؟

ج :۔ ۸۹ فی صد

س :۔ ساتویں منصوبہ کے لئے مختلف اقدامات سے کتنے وسائل دستیاب ہوئے؟

ج :۔ ۸۰ ارب روپے

س :۔ آٹھواں پانچ سالہ منصوبہ کون سی مدت کے لئے تھا؟

ج :۔ یکم جولائی ۱۹۹۳ء تا ۳۰ جون ۱۹۹۸ء

س :۔ آٹھویں منصوبہ کا حجم کتنا تھا؟

ج :۔ ۱۷۶ بلین

س :۔ آٹھویں منصوبہ کے ترقیاتی اہداف کیا رکھے گئے؟

ج :۔ خام ملکی پیداوار ۷ فی صد سالانہ صنعت 9.9 فی صد سالانہ

زراعت 4.9 فی صد سالانہ خدمات 6.7 فی صد سالانہ

س :۔ آٹھویں ترقیاتی منصوبہ میں کتنے لوگوں کو روزگار فراہم کرنے کا پروگرام تھا؟

ج :۔ ۶۲ ملین افراد

س :۔ آٹھواں ترقیاتی منصوبہ پوری طرح کامیاب کیوں نہیں ہوا؟

ج :۔ مالی بحران۔ سیاسی ابتری۔ خارجی دباؤ

س :۔ پروگرام پاکستان ۲۰۱۰ء کے بنیادی خدوخال کیا ہیں؟

ج :۔ (۱) پرائیویٹ سیکٹر کی شراکت۔

(۲) بچتوں کو فروغ دے کر مالی اداروں کی خود کفالت۔

(۳) فی کس آمدنی ۱۰۰۰ ڈالر تک لے جانا۔

(۴) شرح خواندگی میں ۶۵ فی صد کا ہدف۔

(۵) غربت کا خاتمہ اور کرپشن کو تمام شعبوں سے خارج کرنا۔

س :۔ پروگرام ۲۰۱۰ء کے بنیادی نظریات کیا تھے ؟

ج :۔ نئی شراکت۔ نئی حکومت۔ نئی سیاست۔ نئی معیشت۔ نئی روایت۔ نئی معاشرت۔

بیرونی امداد اور قرضے

س :۔ ۱۹۵۱ء میں امریکہ نے پہلی مرتبہ پاکستان کو کتنی امداد دی ؟

ج :۔ ۵ لاکھ ڈالر

س :۔ ۵۵۔۱۹۵۱ء منظور ہونے والی کتنی امداد بطور عطیہ تھی ؟

ج :۔ ۸۳.۲۴ فی صد

س :۔ ۱۹۹۷ء تک عطیہ کی رقوم کتنی کم ہوئی ؟

ج :۔ ۸۳ فی صد سے کم ہو کر ۶ فی صد رہ گئی۔

س :۔ پہلے ترقیاتی منصوبہ کے لئے پاکستان کو امریکہ نے کتنی امداد دی ؟

ج :۔ ۶۶.۶۴ کروڑ ڈالر

س :۔ ایوب خان کے دورِ حکومت میں امریکہ نے دوسرے پنجسالہ منصوبہ کے لئے امداد میں کتنا اضافہ کیا ؟

ج :۔ ۶۲ فی صد

س :۔ دوسرے ترقیاتی منصوبے کے لئے عطیے کا تناسب کتنا رہ گیا ؟

ج :۔ ۲۱.۳ فی صد

س :۔ عالمی بینک اور آئی۔ایم۔ایف نے پاکستان کو روپے میں کتنی کمی پر مجبور کیا ؟

ج :۔ ۱۳۰ فی صد

س :۔ آئی۔ایم۔ایف دو قسم کے کون سے قرضے جاری کرتا ہے ؟

ج :۔ زیادہ شرح سود کم مدت اور کم شرح سود پر طویل مدت

س :۔ آئی۔ایم۔ایف کون سی کرنسی میں قرضے دیتا ہے ؟

ج :۔ امریکی ڈالر۔ برطانوی پونڈ۔ جرمن مارک۔ جاپانی ین اور فرانسیسی فرانک میں۔

س :۔ ۱۹۹۹ء میں مختلف ذرائع سے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۴۳ لاکھ ۵ ہزار ۳۲۰ ڈالر جس میں سے ۲ لاکھ ۴۱ ہزار ۸ سو ڈالر حکومتی ضمانت کے بغیر لیا گیا

س :۔ ایشین ڈویلپمنٹ فنڈ سے مختلف منصوبوں کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۵۵ لاکھ ۶۸ ہزار ۹ سو ۲۳ ڈالر

س :۔ تکنیکی رہنمائی برائے رکن ممالک کے تحت ۳۱ دسمبر ۱۹۹۹ء تک پاکستان کو کتنی رقم ملی؟

ج :۔ ۹ کروڑ ۷۱ لاکھ ۷ ہزار ۴ سو ڈالر

س :۔ پاک رورل مائیکرو فنانس کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۵۰ ملین ڈالر

س :۔ پاور سیکٹر ری سٹرکٹنگ پروگرام کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۲۵۰ ملین ڈالر

س :۔ فارن کرنسی امپورٹ فنانس پراجیکٹ کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۱۵۰ ملین ڈالر

س :۔ نان فارمل ایجوکیشن فار وومن کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۴۰ ملین ڈالر

س :۔ پنجاب روڈ سیکٹر پراجیکٹ کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۱۱ سو ۵۰ ہزار ڈالر

س :۔ پروڈکٹو ہیلتھ پروگرام کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۳ سو ہزار ڈالر

س :۔ پنجاب اربن ڈویلپمنٹ کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۸۰۰ ہزار ڈالر

س :۔ انٹیگریٹڈ پسٹ مینجمنٹ کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۵۰۰ ہزار ڈالر

س :۔ پاور سیکٹر سٹرٹیجی سٹڈی کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۸۰۰ ہزار ڈالر

س :۔ نیشنل پاور ریگولیٹنگ اتھارٹی کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۱۰۰۰ ہزار ڈالر

س :۔ پرائیویٹ پاور انفراسٹرکچر بورڈ کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ٦ لاکھ ڈالر

س :۔ این۔ ڈبلیو۔ ایف پی ہیلتھ سیکٹر ریفارم کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۵ لاکھ ڈالر

س :۔ جوڈیشل اور لیگل ریفارم کے لئے کتنا قرضہ لیا گیا؟

ج :۔ ۲۹۰۰ ہزار ڈالر

تجارت (درآمد و برآمد)

س :۔ پاکستان کون سی اشیاء برآمد کرتا ہے؟

ج :۔ چاول۔ سوتی دھاگہ۔ سوتی کپڑا۔ قالین۔ چمڑا اور چمڑے کی مصنوعات۔ مچھلی۔ ہوزری۔ آلات جراحی۔ خام کپاس۔ کھیلوں کا سامان

س :۔ پاکستان زیادہ تر کن ملکوں کو اشیاء برآمد کرتا ہے؟

ج :۔ امریکہ۔ جاپان۔ جرمنی۔ برطانیہ۔ سعودی عرب۔ ہانگ کانگ۔ دوبئی

س :۔ پاکستان زیادہ تر کون سی اشیاء درآمد کرتا ہے؟

ج :۔ پٹرول اور پٹرول کی مصنوعات۔ چائے۔ ڈیری مصنوعات۔ گندم۔ خوردنی تیل۔ کیمیائی کھاد۔ ادویات و کیمیائی اشیاء۔ مشینری لوہا اور فولاد کی مصنوعات۔

س :۔ پاکستان زیادہ تر کن ممالک سے اشیاء درآمد کرتا ہے؟

ج :۔ امریکہ۔ جاپان۔ کویت۔ سعودی عرب۔ جرمنی۔ برطانیہ۔ ملائیشیاء

س :۔ سونے کی درآمد کو قانونی حیثیت کب دی گئی؟

ج :۔ ٦ نومبر ۱۹۸۹ء

بجٹ

س :۔ پاکستان کا پہلا بجٹ کتنے حجم کا تھا؟

ج :۔ ۸۹ کروڑ ۷۵ لاکھ روپے

س :۔ پہلے بجٹ میں خسارہ کتنا تھا؟

ج :۔ ۱۰ کروڑ روپے

س :۔ پہلے بجٹ میں دفاع کے لئے کتنی رقم رکھی گئی؟

ج :۔ ۳۷ کروڑ ۱۱ لاکھ روپے

س :۔ پہلے بجٹ میں ترقیاتی کاموں کے لئے کتنی رقم تھی؟

ج :۔ ۱۱ کروڑ روپے

س :۔ پہلے بجٹ میں سوشل سیکٹر کے لئے کتنی رقم تھی؟

ج :۔ ۲ کروڑ روپے

س :۔ پاکستان کا پہلا بجٹ کس نے پیش کیا؟

ج :۔ وزیر خزانہ ملک غلام محمد

س :۔ ۵۰۔۱۹۴۹ء کا بجٹ کتنا تھا؟

ج :۔ ایک ارب ۱۱ کروڑ ۲۸ لاکھ

س :۔ لیاقت علی خان کے دور میں کتنے بجٹ پیش ہوئے؟

ج :۔ ۴

س :۔ ۵۲۔۱۹۵۱ء کے بجٹ میں بچت کتنی تھی؟

ج :۔ ۲۰ کروڑ ۴۷ لاکھ روپے

س :۔ لیاقت علی خان کے دورِ حکومت کے آخری بجٹ (۵۲۔۱۹۵۱ء) میں دفاع کے لئے کتنی رقم رکھی گئی؟

ج :۔ ۶۴ کروڑ روپے

س :۔ محمد علی بوگرا کے دور حکومت میں کتنے بجٹ پیش ہوئے ؟
ج :۔ ۳
س :۔ محمد علی بوگرا کے آخری بجٹ (۵۶۔۱۹۵۵ء) میں خسارہ کتنا تھا؟
ج :۔ ۵ لاکھ روپے
س :۔ حسین شہید سہروردی کے دور حکومت ۵۷۔۱۹۵۶ء کا مجموعی بجٹ کتنا تھا؟
ج :۔ ایک ارب ۳۱ کروڑ روپے
س :۔ ملک فیروز خان نون کے دور حکومت میں دفاعی اخراجات میں کتنی کمی کی گئی ؟
ج :۔ ۸ کروڑ ۲۸ لاکھ
س :۔ محمد ایوب خان کا پہلا بجٹ ۶۰۔۱۹۵۹ء کتنا تھا؟
ج :۔ ایک ارب ۵۴ کروڑ ۱۷ لاکھ بچت ۷۹ کروڑ ۱۶ لاکھ
س :۔ ایوب خان کا دوسرا بجٹ ۶۱۔۱۹۶۰ء کتنا تھا؟
ج :۔ ایک ارب ۵۹ کروڑ ۵۹ لاکھ
س :۔ ۶۱۔۱۹۶۰ء کے بجٹ میں سوشل سیکٹر میں تعلیم اور صحت کے لئے کتنی رقم رکھی گئی ؟
ج :۔ تعلیم ۴ کروڑ اور صحت ۲ کروڑ
س :۔ ایوب خان کا آخری بجٹ ۶۹۔۱۹۶۸ء کتنا تھا؟
ج :۔ ۱۶ ارب ۸۸ کروڑ ۹۳ لاکھ روپے بچت ۲ ارب ۴۵ کروڑ
س :۔ متحدہ پاکستان کا آخری بجٹ ۷۲۔۱۹۷۱ء کتنا تھا؟
ج :۔ ۸ ارب ۷۷ کروڑ ۴۳ لاکھ خسارہ ۹۴ کروڑ
س :۔ آخری بجٹ میں دفاعی اخراجات کہاں تک جا پہنچے ؟
ج :۔ ۳ ارب ۴۰ کروڑ
س :۔ ذوالفقار علی بھٹو کا پہلا بجٹ ۷۳۔۱۹۷۲ء کتنا تھا؟
ج :۔ ۸ ارب ۹۵ کروڑ ۶۴ لاکھ
س :۔ ۷۳۔۱۹۷۲ء کے بجٹ میں دفاع کے لئے کتنی رقم تھی ؟
ج :۔ ۴ ارب ۴۵ کروڑ
س :۔ ذوالفقار علی بھٹو کا آخری بجٹ ۷۸۔۱۹۷۷ء کتنا تھا؟
ج :۔ ۳۷ ارب ۱۸ کروڑ خسارہ ۲ ارب ۳۶ کروڑ ۳۸ لاکھ

س :۔ جنرل ضیاء الحق کا پہلا بجٹ ۷۹۔۱۹۷۸ء کتنا تھا؟
ج :۔ ۴۶ ارب ۲۷ کروڑ ۸ لاکھ
س :۔ ۷۹۔۱۹۷۸ء کے بجٹ میں دفاع کے لئے کتنی رقم تھی؟
ج :۔ ۱۰ارب ۱۶کروڑ
س :۔ بے نظیر بھٹو کا پہلا بجٹ ۸۹۔۱۹۸۸ء کتنا تھا؟
ج :۔ ۱کھرب ۸۶ ارب ۴۰ کروڑ خسارہ ۷ارب ۲۱ کروڑ ۷۲ لاکھ
س :۔ نواز شریف کا پہلا بجٹ ۹۱۔۱۹۹۰ء کتنا تھا؟
ج :۔ ۲کھرب ۳۰ ارب ۱۸کروڑ خسارہ ۲۰ارب ۲۷ کروڑ ۷۳ لاکھ روپے
س :۔ نواز شریف کا آخری بجٹ ۲۰۰۰۔۱۹۹۹ کتنا تھا؟
ج :۔ ۶.۲ کھرب آمدنی ۴۲۲.۹ ارب اور خسارہ ۱۳ارب ۱۷کروڑ
س :۔ گزشتہ ۵۳ سال میں پاکستان کے دفاعی بجٹ میں کتنا اضافہ ہوا؟
ج :۔ ۳۷ کروڑ ۱۱لاکھ سے بڑھ کر ۱کھرب ۴۲ارب ہو گئے
س :۔ سول نظم و نسق کے اخراجات میں کتنا اضافہ ہوا؟
ج :۔ ۱۵کروڑ ۴۲ لاکھ سے بڑھ کر ۴۸.۳ ارب ہو گئے
س :۔ گزشتہ ۵۳ سال میں ترقیاتی بجٹ میں کتنا اضافہ ہوا؟
ج :۔ ۱۱کروڑ سے ۱۶.۳ارب ہو گئے
س :۔ گزشتہ ۵۳ سال میں خسارہ میں بتدریج اضافہ ہو کر کتنا ہو گیا؟
ج :۔ ۱۳ ارب ۱۷کروڑ
س :۔ پاکستان کا بجٹ کون سے مہینہ میں پیش کیا جاتا ہے؟
ج :۔ جون
س :۔ مجموعی طور پر خسارہ سے پاک کتنے بجٹ پیش ہوئے؟
ج :۔ ۲۱
س :۔ پاکستان کے ابتدائی سالوں میں بجٹ کون سے مہینہ میں پیش ہوتا تھا؟
ج :۔ مارچ اور مالی سال کا آغاز اپریل سے ہوتا ہے۔
س :۔ مالی سال جولائی سے کرنے کا فیصلہ کب ہوا؟
ج :۔ ۲۱جنوری ۱۹۵۹ء

س :۔ یکم اپریل سے ۳۰ جون کا بجٹ کب بنایا گیا؟

ج :۔ ۱۹۵۹ء میں اپریل سے ۳۰ جون کا بجٹ بنایا گیا اور آئندہ سال کے بجٹ کا اعلان ۳۰ جون کو ہوا

س :۔ بیرونی امداد اور قرضے کس دور میں شروع ہوئے؟

ج :۔ ایوب خان

س :۔ بیرون ملک پاکستانیوں کی جانب سے بھجوائی جانے والی رقم میں اضافہ کب ہوا؟

ج :۔ بھٹو دور حکومت

س :۔ سب سے زیادہ بجٹ کس دور حکومت میں پیش ہوئے؟

ج :۔ ایوب خان بعد میں ضیاء الحق

س :۔ ذوالفقار علی بھٹو کے دور حکومت میں کتنے بجٹ پیش ہوئے؟

ج :۔ ۶

کرنسی

س :۔ پاکستان میں انڈین کرنسی کب تک چلتی رہی؟

ج :۔ ۳۰ جون ۱۹۴۹ء حکومت پاکستان کی مہر کے ساتھ

س :۔ ہندوستانی نوٹوں کو جن پر پاکستانی مہر لگی تھی قانوناً کب ممنوع قرار دیا گیا؟

ج :۔ یکم نومبر ۱۹۴۹ء

س :۔ ہندوستان کو واپس کیے جانے والے نوٹوں کی مجموعی مالیت کتنی تھی؟

ج :۔ ایک ارب ۶۷ کروڑ ۷۵ لاکھ روپے

س :۔ قیام پاکستان کے وقت ملک میں سکہ ڈھالنے کی واحد ٹکسال کہاں تھی؟

ج :۔ لاہور

س :۔ سکوں کا پہلا سیٹ کب جاری کیا گیا؟

ج :۔ یکم اپریل ۱۹۴۸ء ان میں ایک روپیہ۔ اٹھنی۔ چونی۔ دونی۔ اکنی۔ ادھنا اور کانسی کا ایک پیسہ کا سکہ

س :۔ ایک روپیہ کتنے سکوں کے برابر ہوتا تھا؟

ج :۔ ۱۶ آنے یا ۶۴ پیسے

س :۔ پاکستان میں چلنے والی انڈین کرنسی کی مالیت کیا تھی ؟

ج :۔ ایک روپیہ۔ دو روپے۔ پانچ روپے۔ دس روپے اور ایک سو روپے ان نوٹوں پر جارج ششم کی تصویر چھپی ہوئی تھی

س :۔ اعشاری نظام کا اجراء کب ہوا؟

ج :۔ یکم جنوری ۱۹۶۱ء

س :۔ اعشاری نظام میں ایک روپیہ کس کے برابر تھا؟

ج :۔ ۱۰۰ پیسے

س :۔ یکم جنوری ۱۹۶۱ء کو کتنی مالیت کے نئے سکے جاری ہوئے ؟

ج :۔ پچاس پیسے۔ پچیس پیسے دس پیسے پانچ پیسے اور ایک پیسے کے سکے۔

س :۔ نئی صدی ہجری کے آغاز میں کتنی مالیت کا سکہ جاری کیا گیا؟

ج :۔ ایک روپیہ

س :۔ کرنسی نوٹ کون جاری کرتا ہے ؟

ج :۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان حکومت پاکستان کی ضمانت سے

س :۔ کرنسی نوٹ پر کس کے دستخط ہوتے ہیں ؟

ج :۔ گورنر اسٹیٹ بینک

س :۔ حکومت پاکستان کتنی مالیت کا نوٹ جاری کرتی ہے ؟

ج :۔ ایک روپیہ جس پر سیکریٹری مالیات کے دستخط ہوتے ہیں

س :۔ کرنسی نوٹ پر قائداعظم کی تصویر کہاں ہوتی ہے ؟

ج :۔ دائیں طرف

س :۔ ۱۹۹۹ء میں کون سے نئے سکے جاری کیے گئے ؟

ج :۔ ایک روپیہ اور دو روپیہ

س :۔ پچاسویں یوم آزادی پر کتنی مالیت کا یادگاری نوٹ جاری کیا گیا؟

ج :۔ ۵ روپیہ

س :۔ پاکستان کے پہلے نوٹوں اور سکوں پر کیا تحریر تھا؟

ج :۔ دولت مشترکہ

س :۔ پاکستان میں رائج سکوں اور کرنسی کی کیا تفصیل ہے ؟

ج :۔ سکہ دس پیسہ ۔ ۲۵ پیسہ ۔ ایک روپیہ ۔ دو روپیہ

نوٹ : ایک روپیہ ۔ دو روپیہ ۔ ۵ روپے ۔ دس روپے ۔ ۵۰ روپے ۔ ۱۰۰ روپے ۔ ۵۰۰ روپے ایک ہزار روپے

بینکاری

س :۔ قیام پاکستان کے وقت پاکستان میں ۳ بینکوں کی کتنی شاخیں تھیں ؟

ج :۔ ۶۳۱

س :۔ یکم جولائی ۱۹۴۸ء تک بینکوں کی کتنی شاخیں باقی رہ گئیں ؟

ج :۔ ۱۹۵

س :۔ پاکستان نے کرنسی کے معاملات ''ریزو بینک آف انڈیا'' کے سپرد کب کئے ؟

ج :۔ ستمبر ۱۹۴۸ء

س :۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کب قائم ہوا ؟

ج :۔ یکم جولائی ۱۹۴۸ء

س :۔ سٹیٹ بینک کا افتتاح کس نے کیا ؟

ج :۔ قائداعظم محمد علی جناح

س :۔ سٹیٹ بینک کے پہلے گورنر کون تھے ؟

ج :۔ زاہد حسین

س :۔ بھارت نے پاکستان کے کتنے اثاثہ جات روک لئے ؟

ج :۔ ۵۰۰ ملین

س :۔ ۱۹۴۱ء میں بمبئی میں کون سا بینک قائم ہوا ؟

ج :۔ حبیب بینک

س :۔ پاکستان عالمی بینک کا ممبر کب بنا ؟

ج :۔ ۹ جولائی ۱۹۵۰ء

س :۔ برطانیہ نے پونڈ کی قیمت میں کب کمی کی ؟

ج :۔ ستمبر ۱۹۴۹ء

س :۔ ملکی معیشت کو سہارا دینے کے لئے نیشنل بینک آف پاکستان کب قائم کیا گیا ؟

ج :۔ ۲۰ نومبر ۱۹۴۹ء

س :۔ نیشنل بینک نے اسٹیٹ بینک کے ایجنٹ کی حیثیت سے امپیریل بینک آف انڈیا کی جگہ کب سنبھالی؟

ج :۔ ۱۹۵۲ء

س :۔ پاکستان میں سب سے پہلے بینک کھولنے کی درخواست کس نے دی؟

ج :۔ انعام الرحمٰن علوی

س :۔ خواجہ بشیر بخش نے آسٹریلشیا بینک کب قائم کیا؟

ج :۔ ۳ دسمبر ۱۹۴۲ء

س :۔ حبیب بینک نے اپنا صدر دفتر بمبئی سے کراچی کب منتقل کیا؟

ج :۔ ۱۹۴۷ء

س :۔ مسلم کمرشل بینک اصفہانی خاندان نے کب قائم کیا؟

ج :۔ جولائی ۱۹۴۷ء

س :۔ بینک آف بہاولپور کب قائم ہوا؟

ج :۔ ۱۹۴۹ء

س :۔ سہگل گروپ کے تعاون سے آغا حسن عابدی نے یونائیٹڈ بینک کب قائم کیا؟

ج :۔ نومبر ۱۹۵۹ء

س :۔ پاکستان اور سعودی عرب کے تعاون سے الجزیرہ بینک کب قائم ہوا؟

ج :۔ ۱۹ اکتوبر ۱۹۷۶ء

س :۔ صنعتی ترقیاتی بینک کب قائم ہوا؟

ج :۔ یکم جنوری ۱۹۷۴ء

س :۔ قومی تحویل میں لیتے وقت ملک بھر میں بینکوں کی کتنی شاخیں تھیں؟

ج :۔ ۲۹۴۲

س :۔ قومیائے گئے بینکوں کی نگرانی کے لئے کون سا ادارہ قائم کیا گیا؟

ج :۔ پاکستان بینکنگ کونسل

س :۔ قومیاتے وقت رجسٹرڈ بینکوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج :۔ ۱۴

س :۔ کون سے بینک ختم کر کے الائیڈ بینک قائم کیا گیا؟

ج :۔ سرحد بینک۔ پاک بینک۔ لاہور کمرشل بینک اور آسٹریلشیا بینک

س :۔ بینک آف بہاولپور کو کس بینک میں ضم کیا گیا؟

ج :۔ نیشنل بینک

س :۔ اوورسیز اور سٹینڈرڈ بینک کو کس بینک میں ضم کیا گیا؟

ج :۔ حبیب بینک

س :۔ پریمیر بینک کو کس بینک میں ضم کیا گیا؟

ج :۔ مسلم کمرشل بینک

س :۔ کامرس بینک کو کس بینک میں ضم کیا گیا؟

ج :۔ یونائیٹڈ بینک

س :۔ انضمام کے بعد کتنے قومی بینک رہ گئے؟

ج :۔ ۵

س :۔ چین نے کراچی میں واقع اپنی تمام بینک شاخیں حکومت پاکستان کے حوالے کب کیں؟

ج :۔ ۱۴ اگست ۱۹۷۱ء

س :۔ بینکوں کی نجکاری کا عمل کب شروع ہوا؟

ج :۔ ۱۹۹۱ء

س :۔ کون سے بینک نجی تحویل میں جا چکے ہیں؟

ج :۔ مسلم کمرشل بینک۔ الائیڈ بینک

س :۔ ۴۷ رجسٹرڈ بینکوں میں ملکی اور غیر ملکی بینک کتنے ہیں؟

ج :۔ ۲۵ پاکستانی اور ۲۲ غیر ملکی

س :۔ پاکستانی بینکوں کی کتنی شاخیں ہیں؟

ج :۔ ۸۵۲۳

س :۔ غیر ملکی بینکوں کی ملک بھر میں کتنی شاخیں ہیں؟

ج :۔ ۸۳

س :۔ بیرونی ممالک میں پاکستانی بینکوں کی کتنی شاخیں ہیں؟

ج :۔ ۱۲۶

س :۔ کس بینک کی ۲۶ ملکوں اور ۵ براعظموں میں شاخیں ہیں ؟

ج :۔ حبیب بینک

س :۔ بینک آف پنجاب کا قیام کب عمل میں آیا ؟

ج :۔ ۱۵ نومبر ۱۹۸۹ء

س :۔ کراچی میں فرسٹ ویمن بینک کا افتتاح کب ہوا ؟

ج :۔ یکم دسمبر ۱۹۸۹ء

س :۔ لاہور میں فرسٹ ویمن بینک کا افتتاح کب ہوا ؟

ج :۔ ۷ دسمبر ۱۹۸۹ء

بیمہ

س :۔ قیام پاکستان کے وقت کتنی بیمہ کمپنیاں تھیں ؟

ج :۔ ۵

س :۔ پاکستان بننے کے بعد مزید کون سی دو کمپنیوں کا اضافہ ہوا ؟

ج :۔ حبیب انشورنس کمپنی (صدر دفتر بمبئی) ایسٹرن فیڈرل یونین انشورنس کمپنی (صدر دفتر کلکتہ)

س :۔ آزادی کے وقت کتنی غیر ملکی کمپنیاں تھیں ؟

ج :۔ ۷۷

س :۔ حکومت پاکستان نے بیمے کے کاروبار کو بڑھانے کے لئے پاکستان انشورنس کارپوریشن کب قائم کی ؟

ج :۔ ۱۹۵۳ء

س :۔ کارپوریشن نے ہر پالیسی پر کتنا پریمیم دینا ہر کمپنی پر لازم کیا ؟

ج :۔ ۱۰ فی صد

س :۔ ۱۹۶۰ء تک پاکستانی بیمہ کمپنیوں کی تعداد کتنی ہو گئی ؟

ج :۔ ۴۷

س :۔ ۱۹۶۰ء میں غیر ملکی کمپنیاں ۷۷ سے کم ہو کر کتنی رہ گئیں ؟

ج :۔ ۲۵

س :۔ کتنی غیر ملکی کمپنیاں زندگی کا بیمہ کرتی تھیں ؟

ج :۔ ۲

س :۔ ۱۹۵۵ء میں پرائیویٹ بیمہ کمپنیوں نے بیمہ کی صنعت کو ترقی دینے کے لئے کیا قدم اٹھایا ؟

ج :۔ نیشنل کوانشورنس سکیم (مشترک بیمہ کی سکیم)

س :۔ ۱۹۴۹ء میں زندگی کے بیمہ کی کل بیمہ شدہ رقم کتنی تھی ؟

ج :۔ ۱۳۰ ملین

س :۔ زندگی کی بیمہ پالیسی کی ۱۹۷۰ء میں کتنی تعداد تھی ؟

ج :۔ ۱,۲,۱,۲۷۵

س :۔ حکومت پاکستان نے زندگی کے بیمہ کو قومی تحویل میں کب لیا ؟

ج :۔ مارچ ۱۹۷۲ء

س :۔ زندگی کے بیمہ کو قومی تحویل میں لیتے وقت زندگی کے بیمہ کا کل سرمایہ اور پریمیم کی رقم کتنی تھی ؟

ج :۔ کل سرمایہ ۱۳۰ کروڑ اور سالانہ پریمیم کی رقم ۳۴ کروڑ

س :۔ قومی تحویل میں لیتے وقت بیمہ پالیسیوں کی کتنی تعداد تھی ؟

ج :۔ ۵,۲,۱,۲۷۵

س :۔ زندگی کے بیمہ کے لئے کون سی کارپوریشن بنائی گئی ؟

ج :۔ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن

س :۔ اس وقت پاکستانی بیمہ کمپنیاں کتنی ہیں ؟

ج :۔ ۶۶

معدنی وترقی وسائل

س :۔ پاکستانی معدنیات کو کون سے دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ؟

ج :۔ بنیادی معدنیات۔ طاقتی معدنیات

س :۔ بنیادی معدنیات میں کون سی معدنیات شامل ہیں ؟

ج :۔ خام لوہا۔ کرومائیٹ۔ جپسم۔ نمک۔ میگنائٹ۔ گندھک۔ برائٹ۔ تانبا۔ چینی مٹی۔ چونے کا پتھر۔ قیمتی پتھر۔ سنگ مرمر۔ سلیکا۔ بکسائٹ اور سونا چاندی

س :۔ طاقتی معدنیات میں کون سی معدنیات شامل ہیں ؟

ج :۔ کوئلہ۔ معدنی تیل اور قدرتی گیس

س :۔ پٹرولیم رولز کا نفاذ کب عمل میں آیا ؟

ج :۔ ۱۹۴۹ء

س :۔ تیل اور گیس کی ترقیاتی کارپوریشن کب قائم ہوئی ؟

ج :۔ ۱۹۶۱ء

س :۔ معدنی ترقیاتی کارپوریشن کب قائم ہوئی ؟

ج :۔ یکم جولائی ۱۹۷۴ء

س :۔ ضلع اٹک کے علاقے کھوڑ سے سب سے پہلے تیل کب دریافت ہوا ؟

ج :۔ ۱۹۱۵ء

س :۔ پاکستان اور روس کے درمیان تیل کی تلاش کا معاہدہ کب ہوا ؟

ج :۔ جولائی ۱۹۶۱ء

س :۔ پاکستان کے کس علاقے میں سب سے پہلے تیل کی تلاش شروع ہوئی ؟

ج :۔ میانوالی

س :۔ قدرتی گیس سوئی کے مقام سے کب دریافت ہوئی ؟

ج :۔ ۱۹۵۲ء

س :۔ دنیا کی نمک کی سب سے بڑی کان کھیوڑہ سے کب سے نمک نکالا جارہا ہے ؟

ج :۔ ۱۸۵۰ء

س :۔ پاکستان میں تیل کا سب سے بڑا کنواں کہاں ہے ؟

ج :۔ سیال (ضلع اٹک)

س :۔ جست کی دھات کہاں پائی جاتی ہے ؟

ج :۔ ضلع ہزارہ

س :۔ صنعتی مقاصد کے لئے سوئی گیس کا استعمال کب شروع ہوا ؟

ج :۔ ۱۹۵۵ء

س :۔ پاکستان میں سب سے زیادہ سرمہ کہاں سے نکلتا ہے؟

ج :۔ چترال

س :۔ گیس صاف کرنے کا سب سے پہلا پلانٹ سوئی کے مقام پر کب لگایا گیا؟

ج :۔ ۱۹۵۳ء

س :۔ پاکستان میں خام لوہا کہاں ملتا ہے؟

ج :۔ کالاباغ (سیکسر) ڈرمل پنسار۔ لگریال۔ کالدانین۔ ایبٹ آباد۔ چلغازی اور چیوٹ

س :۔ کالاباغ خام لوہا کی پیداوار کتنی ہے؟

ج :۔ ۳۰۰ ملین ٹن (مقدار اجزاء ۳۰ سے ۳۵ فی صد)

س :۔ ایبٹ آباد سے لوہا کی پیداوار کتنی ہے؟

ج :۔ ۱۰۰ ملین ٹن

س :۔ پاکستان میں کرومائٹ کہاں ملتا ہے؟

ج :۔ وادی ژوب (بلوچستان) مالاکنڈ۔ مہمند ایجنسی۔ کوہستان نمک۔

س :۔ پاکستان میں نمک کہاں ملتا ہے؟

ج :۔ کھیوڑہ۔ وارچھا (ضلع خوشاب) بہادر خیل (ضلع کوہاٹ)۔ جٹا۔ کاراک تھرپارکر۔ ماڑی پور۔ دھرپالہ ساحل مکران

س :۔ کھیوڑہ کی ۶۰ فٹ گہری کان سے نمک کی پیداوار کتنی ہے؟

ج :۔ ۴.۰ ملین ٹن

س :۔ موارچھا کی ۵۰ فٹ گہری کان سے نمک کی پیداوار کتنی ہے؟

ج :۔ ۵۰ ہزار ٹن

س :۔ پاکستان میں جپسم کہاں سے نکلتا ہے؟

ج :۔ میانوالی۔ جہلم۔ ڈیرہ غازی خان۔ کوئٹہ۔ سبی۔ کوہاٹ۔ بہاولپور۔ دادو۔ سانگھڑ۔ ڈیرہ اسماعیل خان۔

س :۔ میگنائٹ کہاں سے نکلتا ہے؟

ج :۔ ناسائی (ژوب) شیروان (ایبٹ آباد) ہزارہ

س :۔ گندھک کہاں سے نکلتی ہے؟

ج :۔ کوہ سلطان (چاغی) سمانی

س :۔ تانبا کہاں سے نکلتا ہے؟

ج :۔ سینڈک (چاغی) اموری

س :۔ سینڈک سے تانبا کی پیداوار کتنی ہے؟

ج :۔ ۱۲ء۴ ملین ٹن

س :۔ چینی مٹی کہاں سے نکلتی ہے؟

ج :۔ شاہ ڈھیری (سوات) تیمارہ گڑھ (ضلع سوات) ننگرہار (سندھ)

س :۔ چونے کا پتھر کہاں سے نکلتا ہے؟

ج :۔ داؤد خیل۔ روہڑی۔ حیدر آباد۔ کراچی۔

س :۔ قیمتی پتھر زمرد۔ یاقوت وغیرہ کہاں سے نکلتے ہیں؟

ج :۔ ہنزہ۔ مالاکنڈ۔ مردان۔ چترال

س :۔ سنگ مرمر کہاں سے نکلتا ہے؟

ج :۔ مالاگوری۔ چاغی۔ مردان۔ نوشہرہ۔ سوات۔ دیر۔ ہزارہ۔ گلگت۔ کالا چٹا (کیمبل پور) مظفر آباد۔ میر پور

س :۔ سلیکاریت کہاں سے نکلتی ہے؟

ج :۔ جنگ شاہی (سندھ)۔ مکڑوال (میانوالی) ڈنڈوت۔ ملتان۔ ہزارہ۔

س :۔ جپسائٹ کہاں سے نکلتا ہے؟

ج :۔ لورالائی۔ چشمہ۔ خاقان چلین

س :۔ کوئلہ کہاں سے نکلتا ہے؟

ج :۔ کھیوڑہ۔ مکڑوال۔ کھوسٹ۔ شاہ رگ۔ ہرنائی۔ مچھ۔ ڈیگاری۔ لاکھڑا۔ چراٹ۔ نوشہرہ۔ کوٹلی۔ کوئی داناڈنڈی۔ مظفر آباد

س :۔ معدنی تیل کہاں سے نکلتا ہے؟

ج :۔ ڈھلیاں (اٹک) جویامیر (کیمبل پور) بالکاسار (جہلم) چکوال سیال۔ توت۔ آدھی ضلع۔ ڈھوڈک۔ دھیر مند۔ لغاری (ضلع بدین) ٹنڈو عالم۔ دھرنال۔ دھالی۔ مزاری

س :۔ سب سے زیادہ معدنی تیل کی پیداوار کہاں سے ہے؟

ج :۔ دھرنال (۲۱۶۶ یو ایس بیرل)

س :۔ قدرتی گیس کہاں سے نکلتی ہے؟

ج :۔ سوئی (ضلع سبی بلوچستان)۔ زن۔ اچ۔ خیر پور۔ مازارانی (سندھ) کندکوٹ۔ ماری ساری۔ ہنڈی۔ ڈھلیاں۔ میال۔ پیر کوہ۔ توت۔ دھرنال۔ جانو۔ دھاتی۔ جنوبی۔ ستودر۔

پانی کی تقسیم کے معاہدے

س :۔ قیام پاکستان کے وقت دریائے سندھ اور اس کے معاون دریاؤں سے کتنا رقبہ سیراب ہو رہا تھا؟

ج :۔ ۳۷ ملین ایکڑ زرعی اراضی

س :۔ آزادی کے بعد کتنی زرعی اراضی پاکستان میں تھی ؟

ج :۔ ۳۱ ملین ایکڑ

س :۔ سندھ طاس میں کون سے علاقے شامل تھے ؟

ج :۔ بلوچستان کے کچھ حصے۔ سندھ۔ پنجاب۔ صوبہ سرحد۔ ریاست بہاولپور۔ ریاست جموں و کشمیر۔ ریاست کپور تھلہ۔ ریاست خیر پور شمال کے پہاڑی علاقوں اور صوبہ پنجاب کے مشرق میں واقع علاقے افغانستان کا کچھ حصہ اور تبت

س :۔ سندھ طاس کے علاقوں میں پانی کی تقسیم کیسے ہوتی تھی ؟

ج :۔ بین الاقوامی قانون کے مطابق BritishSuzerain کے ذریعہ

س :۔ تقسیم کے وقت بیشتر ہیڈور کس کہاں واقع تھے ؟

ج :۔ بھارتی پنجاب میں

س :۔ مادھوپور اور فیروزپور ہیڈور کس سے پاکستان کی کتنی اراضی سیراب ہوتی تھی ؟

ج :۔ مادھوپور سے ۱۰۰۰،۱۶۶ ایکڑ اور فیروزپور سے ۱۰۰۰ ۱۰۴ ایکڑ

س :۔ بھارت سے پاکستان کا پانی کب بند کیا ؟

ج :۔ یکم اپریل ۱۹۴۸ء

س :۔ پاکستان اور بھارت کے کن رہنماؤں نے مشترکہ بیان میں مشرقی پنجاب کے دریاؤں پر مشرقی پنجاب کی حکومت کے حق کو تسلیم کیا ؟

ج :۔ بھارت کی جانب سے جواہر لال نہرو۔ سورن سنگھ۔ این وی جڈگل اور پاکستان کی طرف سے غلام محمد سردار شوکت حیات اور ممتاز دولتانہ ۴ مئی ۱۹۴۸ء کے مشترکہ بیان میں طے پایا کہ بھارت ایک خاص مقدار میں پانی پاکستان کو فراہم کرتا رہے گا مگر پاکستان پانی

کی فراہمی پر بھارت کو رقم ادا کرے گا

س :۔ عالمی بینک کے تعاون سے پاکستان اور بھارت کے درمیان پانی کا مسئلہ حل کرنے کے لئے مذاکرات کب شروع ہوئے ؟

ج :۔ ۱۹۵۴ء میں جو کبھی جاری اور کبھی تعطل کی کیفیت میں ۶ سال جاری رہے

س :۔ سندھ طاس کا معاہدہ کب ہوا؟

ج :۔ ۱۹۶۰ء میں تین دریاؤں راوی۔ ستلج اور بیاس کے پانی پر بھارت کا حق تسلیم کر لیا گیا جبکہ چناب جہلم اور سندھ کا پانی پاکستان کے لئے مختص کیا گیا

س :۔ دریاؤں کے پانی کے اخراج کو ناپنے کا نظام کب قائم کیا گیا؟

ج :۔ ۱۹۲۰ء

س :۔ صوبوں میں پانی کی تقسیم کا مسئلہ پہلی بار کب اٹھا؟

ج :۔ ۱۹۳۰ء

س :۔ اینڈرسن کمیٹی نے صوبوں کے درمیان پانی کی تقسیم کا نظام کب قائم کیا؟

ج :۔ ۱۹۳۶ء

س :۔ پانی کی تقسیم کے اختلافات ختم کرنے کے لئے انڈس کمیشن کب قائم ہوا؟

ج :۔ ۱۹۴۵ء

س :۔ صوبوں کے درمیان پانی کی تقسیم کا مناسب فارمولا بنانے کے لیئے فضل اکبر کمیٹی کب قائم کی گئی؟

ج :۔ ۱۹۷۰ء

س :۔ جسٹس حلیم کمیشن کب قائم کیا گیا؟

ج :۔ ۱۹۷۷ء میں حلیم کمیشن نے اپنی رپورٹ ۱۹۸۰ء میں حکومت کو بھیجی

س :۔ چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ کے اجلاس میں پانی کی تقسیم کے مسئلہ پر کب غور کیا گیا؟

ج :۔ ۳ مارچ ۱۹۹۱ء

س :۔ صوبوں کے درمیان پانی کی تقسیم کا معاہدہ کب ہوا؟

ج :۔ ۱۶ مارچ ۱۹۹۱ء معاہدہ ۱۴ دفعات اور متعدد ذیلی دفعات پر مشتمل ہے

س :۔ مارچ ۱۹۹۱ء کے معاہدہ کی چیدہ چیدہ دفعات کیا ہیں؟

ج :۔ (۱) سندھ کو دیے جانے والے پانی میں کراچی کے لئے صنعتی اور شہری استعمال کا پانی بھی شامل ہے

(۲) مستقبل میں زراعت کی ترقی کے لئے جہاں کہیں بھی پانی کا ذخیرہ کرنا مناسب اور ضروری ہو چاہے اس میں دریائے سندھ اور دیگر دریا شامل ہوں اس پر تمام فریق متفق ہوں گے۔

(۳) صوبے اپنے طے شدہ پانی کے کوٹے کی حدود میں رہتے ہوئے نئے منصوبوں کے ضمن میں آزاد ہوں گے۔

(۴) چھوٹے منصوبوں پر کوئی پابندی نہیں ہو گی لیکن یہ منصوبے پانچ ہزار ایکڑ سے زیادہ اور بارہ سوفٹ ایس پی ڈی سے زیادہ رقبے پر محیط نہ ہوں۔

(۵) قرم۔ گومل اور کوہاٹ بیسن میں آب پاشی کے سلسلے میں کوئی قدغن نہیں ہو گی

(۶) پنجاب کو ۵۵ ملین ایکڑ صوبہ سرحد کو ۸.۶ ملین ایکڑ بلوچستان کو ۳.۸۷ ملین ایکڑ کے حساب سے پانی ملے گا سیلاب کے ذریعہ صوبہ پنجاب کو ۳۵ فی صد سندھ ۳۵ فی صد صوبہ سرحد ۱۴ فی صد اور بلوچستان کو ۱۲ فی صد پانی ملے گا۔

س :۔ قیام پاکستان کے وقت بجلی کی کل پیداوار کتنی تھی ؟

ج :۔ ۷۸۶۲۱ کلوواٹ

س :۔ پاکستان میں بجلی کی طلب میں اضافہ کی شرح کیا ہے ؟

ج :۔ ۱۱ سے ۱۴ فی صد

س :۔ پاکستان میں سالانہ جوہری بجلی کی پیداواری صلاحیت کتنی ہے ؟

ج :۔ ۱۳۷ میگاواٹ

س :۔ ہائیڈل پراجیکٹس سے کتنی بجلی پیدا ہو رہی ہے ؟

ج :۔ ۴۸۲۵ میگاواٹ

س :۔ تھرمل پاور سے کتنی بجلی پیدا ہو رہی ہے ؟

ج :۔ ۸۸۹۱ میگاواٹ

س :۔ پرائیویٹ سیکٹر کتنی بجلی پیدا کر رہا ہے ؟

ج :۔ ۳۷۷۱ میگاواٹ

س :۔ پاکستان میں کل کتنی بجلی پیدا ہو رہی ہے ؟

ج :۔ ۵۳۴۳۹۴۳ ملین کلوواٹ

س :۔ آزادی سے قبل ۱۹۳۲ء میں دریائے سندھ پر کون سا بیراج تعمیر ہوا؟

ج :۔ سکھر بیراج

س :۔ پاکستان کا سب سے لمبا پل کس بند پر بنایا گیا؟

ج :۔ سکھر بیراج

س :۔ دریائے سندھ پر کوٹری بیراج کب مکمل ہوا؟

ج :۔ ۱۹۵۵ء

س :۔ پاکستان کا سب سے خوبصورت بیراج کون سا ہے؟

ج :۔ چشمہ بیراج

س :۔ پاکستان کا سب سے چھوٹا بند کون سا ہے؟

ج :۔ دریائے کابل پر وارسک ڈیم

س :۔ وارسک ڈیم کس ملک کے تعاون سے تعمیر ہوا؟

ج :۔ کینیڈا

س :۔ ۴۰۰ فٹ بلند پاکستان کا سب سے بڑا ڈیم کون سا ہے؟

ج :۔ تربیلا ڈیم

س :۔ ۳۸۰ فٹ بلند دریائے جہلم پر منگلا ڈیم کب مکمل ہوا؟

ج :۔ ۱۹۶۷ء

س :۔ دریائے کورنگ پر راول ڈیم کب مکمل ہوا؟

ج :۔ ۱۹۶۲ء

س :۔ ۱۶۴ فٹ بلند خانپور ڈیم کب مکمل ہوا؟

ج :۔ ۱۹۷۶ء

س :۔ ۱۳۰ فٹ بلند باران ڈیم کب مکمل ہوا؟

ج :۔ ۱۹۶۲ء

س :۔ دریائے سندھ پر بننے والا سرخاب بند کب مکمل ہوا؟

ج :۔ ۱۹۶۰ء

س :۔ کراچی میں حب ندی پر بننے والا ڈیم کتنا بلند ہے؟

ج :۔ ۱۴۶ فٹ

س :۔ گدو بیراج کا افتتاح کب ہوا؟

ج :۔ یکم مارچ ۱۹۷۳ء

س :۔ غیر ملکی امداد کے بغیر کون سا بیراج تعمیر ہوا؟

ج :۔ گدو بیراج

س :۔ سطح سمندر کے لحاظ سے سب سے بلند بند کون سا ہے؟

ج :۔ ولی تنگی ڈیم (بلوچستان) بلندی ۸۰ فٹ

س :۔ بری فوج کے انجینئروں سے کون سا بند بنایا؟

ج :۔ کچھ ڈیم

س :۔ منگلا ڈیم میں پانی کی نکاسی کے کتنے دروازے ہیں؟

ج :۔ ۹

س :۔ منگلا ڈیم کی جھیل میں کتنے پانی کی گنجائش ہے؟

ج :۔ ۵۸ لاکھ ایکڑ فٹ

س :۔ واپڈا نے سب سے پہلے کون سا بیراج تعمیر کیا؟

ج :۔ گدو بیراج

س :۔ پرائیویٹ سیکٹر میں حب پاور کتنی بجلی پیدا کر رہا ہے؟

ج :۔ ۱۲۹۲ میگاواٹ

س :۔ نجی شعبہ میں کیپکو کتنی بجلی پیدا کر رہا ہے؟

ج :۔ ۱۶۲۱ میگاواٹ

س :۔ نجی شعبہ میں کوہ نور انرجی کتنی بجلی پیدا کر رہا ہے؟

ج :۔ ۱۳۱ میگاواٹ

س :۔ اے ای ایس لال پیر کتنی بجلی پیدا کر رہی ہے؟

ج :۔ ۳۶۲ میگاواٹ

س :۔ اے ای ایس پاک نجی شعبہ میں کتنی بجلی پیدا کر رہی ہے؟

ج :۔ ۳۶۵ میگاواٹ

س :۔ واپڈا نے کتنی نجی کمپنیوں سے بجلی پیدا کرنے کا معاہدہ کیا؟

ج :۔ ۱۸

س :۔ پاکستان اٹامک انرجی کے تعاون سے کنوپ میں کتنی بجلی پیدا ہو رہی ہے ؟

ج :۔ ۱۳۷ میگاواٹ

س :۔ پاکستان اٹامک انرجی کے تعاون سے چسنوپ میں کتنی بجلی پیدا ہونے کی توقع ہے ؟

ج :۔ ۳۰۰ میگاواٹ

س :۔ گھریلو استعمال میں کتنی بجلی آتی ہے ؟

ج :۔ ۴۲.۵۲ فی صد

س :۔ صنعتی شعبہ میں کتنی بجلی استعمال ہوتی ہے ؟

ج :۔ ۱۵.۵۷ فی صد

س :۔ شاہراہوں اور گلیوں میں کتنی بجلی استعمال ہوتی ہے ؟

ج :۔ ۱۱.۲۹ فی صد

س :۔ کمرشل گروپ کتنی بجلی استعمال کرتا ہے ؟

ج :۔ ۴.۶۵ فی صد

صنعت

س :۔ قیام پاکستان کے وقت برصغیر میں صنعتی یونٹوں کی تعداد کتنی تھی ؟

ج :۔ ۱۴۵۶۹

س :۔ پاکستان کے حصہ میں کتنے یونٹ آئے ؟

ج :۔ ۱۴۰۶

س :۔ قیام پاکستان کے وقت سیمنٹ کے دو کارخانے کہاں واقع تھے ؟

ج :۔ پنجاب اور سندھ

س :۔ قیام پاکستان کے وقت بناسپتی گھی بنانے کے کتنے کارخانے تھے ؟

ج :۔ ۳

س :۔ قیام پاکستان کے وقت ماچس بنانے کے کتنے کارخانے تھے ؟

ج :۔ ۱۷

س :۔ پاکستان میں کپڑے کی سب سے قدیم مل کون سی ہے ؟

ج :۔ کاٹن ملز فیصل آباد

س :۔ قیام پاکستان کے وقت مشرقی پاکستان میں زیادہ تر کس کے کارخانے تھے ؟

ج :۔ پٹ سن

س :۔ پاکستان میں شامل ہونے والے علاقوں کا انحصار زیادہ تر کس پر تھا؟

ج :۔ زراعت

س :۔ پاکستان کی زرعی پیداوار کہاں جاتی تھی ؟

ج :۔ ہندو اکثریت کے علاقوں میں واقع کارخانوں میں بطور خام مال

س :۔ پاکستان اور ہندوستان میں روپے کی قیمت کم کرنے پر اختلافات کب پیدا ہوئے ؟

ج :۔ ۱۹۴۹ء

س :۔ پاکستان میں گیارہ فی صد سے زیادہ ترقی کی رفتار کب ہوئی ؟

ج :۔ 1951۔۵۴

س :۔ پاکستان میں صنعتی ترقی کا سنہری دور کب شروع ہوا؟

ج :۔ ایوب خان کے دور صدارت میں

س :۔ ۱۹۶۹ء میں مجموعی پیداوار میں صنعت و حرفت کا حصہ کتنا تھا؟

ج :۔ ۱۸ فی صد

س :۔ صدر ایوب کے عہد حکومت تک صنعتی پالیسی کے بنیادی نکات کیا تھے ؟

ج :۔ (۱) ترقی یافتہ ممالک پر کم انحصار۔
(۲) روزگار کے لئے مواقع۔
(۳) صنعتی ترقی کی رفتار میں تیزی۔

س :۔ پاکستان کاٹن کنٹرول بورڈ کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج :۔ ۱۵ دسمبر ۱۹۵۲ء

س :۔ پاکستان کی مشہور ٹیکسٹائل مل "کوہ نور" کا سردار عبدالرب نشتر نے کب افتتاح کیا؟

ج :۔ ۱۱ جنوری ۱۹۵۷ء

س :۔ پہلی پینٹ فیکٹری کس شہر میں قائم ہوئی ؟

ج :۔ سکھر

س :۔ صنعتی تحقیقی وترقیاتی مرکز کب قائم کیا گیا؟

ج :۔ ۱۹۵۴ء

س :۔ پاکستان میں پہلی پریمئر شوگر ملز کب قائم ہوئی؟

ج :۔ ۱۹۵۵ء

س :۔ پاکستان میں پہلی بسکٹ فیکٹری کہاں قائم ہوئی؟

ج :۔ ساہیوال

س :۔ ولیکا ٹیکسٹائل ملز کا افتتاح کس نے کیا؟

ج :۔ قائداعظم محمد علی جناح

س :۔ پاکستان میں گندہ بیروزہ صاف کرنے کا کارخانہ کہاں بنا؟

ج :۔ لاہور

س :۔ بلیڈ بنانے کا پہلا کارخانہ کہاں قائم ہوا؟

ج :۔ حیدر آباد

س :۔ شیشہ ریت صاف کرنے کا پہلا کارخانہ کہاں قائم ہوا؟

ج :۔ میانوالی

س :۔ پٹ سن سے اشیاء بنانے کا پہلا کارخانہ کہاں قائم ہوا؟

ج :۔ جڑانوالہ

س :۔ سیمنٹ بنانے کا سب سے بڑا کارخانہ کہاں ہے؟

ج :۔ حیدر آباد

س :۔ کینیڈا نے پاکستان کو سیمنٹ فیکٹری تحفہ میں کب دی؟

ج :۔ ۲۴ جنوری ۱۹۵۲ء

س :۔ پاکستان میں پہلی اسلحہ ساز فیکٹری کہاں قائم ہوئی؟

ج :۔ واہ کینٹ

س :۔ پہلی سٹیل مل کس ملک کی مدد سے لگائی گئی؟

ج :۔ روس

س :۔ پاکستان کا مانچسٹر کس شہر کو کہا جاتا ہے؟

ج :۔ فیصل آباد

س :۔ صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کب قائم کی گئی؟

ج :۔ ۱۹۵۲ء

س :۔ پنسلیں بنانے کی فیکٹری کہاں قائم کی گئی؟

ج :۔ داؤد خیل

س :۔ تیل صاف کرنے کی فیکٹری "اٹک آئل کمپنی" کہاں واقع ہے؟

ج :۔ راولپنڈی

س :۔ سندھ میں ماچس بنانے کی پہلی فیکٹری کس شہر میں قائم کی گئی؟

ج :۔ کراچی

س :۔ اونی کپڑا بنانے کی ملیں کن شہروں میں ہیں؟

ج :۔ بنوں۔ ہرنائی۔ قائد آباد۔ لارنس پور

س :۔ جوتوں کی سب سے بڑی فیکٹری کس شہر میں ہے؟

ج :۔ گجرات

س :۔ ٹیلی فون۔ٹائپ رائٹر تیار کرنے کی پہلی فیکٹری کہاں بنی؟

ج :۔ ہری پور

س :۔ پنکھے اور برقی سامان کن شہروں میں بنتا ہے؟

ج :۔ گجرات۔ گوجرانوالہ

س :۔ سرجری اور کٹلری کس شہر میں بنتے ہیں؟

ج :۔ وزیر آباد

س :۔ کھیلوں کے سامان کے لئے پاکستان کا کون سا شہر مشہور ہے؟

ج :۔ سیالکوٹ

س :۔ ہیرے تراشنے اور پالش کرنے کا کارخانہ کس شہر میں بنایا گیا؟

ج :۔ پشاور

س :۔ شیشہ بنانے کا سب سے بڑا کارخانہ کس شہر میں ہے؟

ج :۔ حیدر آباد

س :۔ صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کو دو حصوں میں کب تقسیم کیا گیا؟

ج :۔ یکم جولائی ۱۹۶۲ء

س :۔ ۶۰ کی دہائی میں صنعتی شعبہ کو ترقی دینے کے لئے کیا اقدامات کئے گئے؟

ج :۔ (۱) مشینری اور خام مال کی درآمد پر چھوٹ۔

(۲) ٹیکسوں میں چھوٹ اور شرح سود میں کمی۔

(۳) انڈسٹریل انوسٹمنٹ شیڈول کا نفاذ۔

(۴) صنعتوں کا تحفظ

س :۔ سرکاری سرمایہ کو فروغ کس حکومت نے دیا؟

ج :۔ بھٹو حکومت

س :۔ ۱۹۷۲ء میں کتنے صنعتی یونٹ کو سرکاری تحویل میں لیا گیا؟

ج :۔ ۳۲

س :۔ کن صنعتوں کو قومی تحویل میں لیا گیا؟

ج :۔ سٹیل۔ بھاری انجنیئرنگ۔ بھاری الیکٹریکل مشینری اور آلات کیمیکلز۔ سیمنٹ گیس اور تیل۔

س :۔ ۱۹۷۳ء میں کتنے صنعتی یونٹ قومیائے گئے؟

ج :۔ ۲۶

س :۔ ۱۹۷۳ء میں کون سے صنعتی یونٹوں کو قومیایا گیا؟

ج :۔ بناسپتی گھی۔ جہازرانی۔ پٹرولیم مارکیٹنگ۔ لائف انشورنس۔

س :۔ بناسپتی گھی بنانے والی کتنی فیکٹریاں قومی تحویل میں لی گئیں؟

ج :۔ ۲۶

س :۔ ۱۹۷۶ء میں قومیانے کا سلسلہ کتنے چھوٹے بڑے صنعتی یونٹوں تک بڑھا دیا گیا؟

ج :۔ ۳۰۰۰

س :۔ قومیائے گئے چھوٹے صنعتی یونٹوں میں کون سی صنعتیں تھیں؟

ج :۔ فلور ملیں، رائس ملیں اور کاٹن جننگ فیکٹریاں

س :۔ قومیانے کے عمل سے کون سی صنعتیں محفوظ ہیں؟

ج :۔ ٹیکسٹائل

س :۔ قومیانے کے عمل سے نجی سرمایہ کاری پر کیا اثر پڑا؟

ج :۔ ۱۹۷۱ء میں ۷.۴ارب سے گر کر ۱۹۷۸ء میں ۲.۷ ارب رہ گئی

س :۔ قومیانے کے عمل سے صنعتی پیداوار پر کیا اثر پڑا؟

ج :۔ ۹.۸ فی صد سالانہ سے گر کر ۵.۵ فی صد سالانہ رہ گئی

س :۔ قومیانے کی پالیسی ترک کر کے نجکاری کا عمل کب شروع ہوا؟

ج :۔ ضیاء الحق کے مارشل لاء دور میں

س :۔ ابتدائی طور پر کن صنعتوں کی نجکاری کی گئی؟

ج :۔ چھوٹے پیمانے کے زرعی صنعتی یونٹ۔ شوگر مل اور ٹریکٹر پلانٹ

س :۔ پیپلزپارٹی کی حکومت نے دوبارہ برسر اقتدار آکر نجکاری کا عمل کب شروع کیا؟

ج :۔ ۱۹۸۹ء

س :۔ آئی۔جے۔آئی نواز شریف حکومت کی صنعتی پالیسی کے اہم اقدامات کیا تھے؟

ج :۔ (۱) بغیر سرکاری اجازت کے نجی سرمایہ کاری کی سہولت۔

(۲) نئی صنعتوں کے قیام کے لئے درآمد کی جانے والی مشینری اور پلانٹس پر امپورٹ ڈیوٹی میں کمی۔

س :۔ حکومت نے کتنے سرکاری یونٹ نجکاری کے لئے پیش کیے؟

ج :۔ ۱۰۸

س :۔ ۱۸ ماہ کی مدت میں کتنے یونٹ نجی شعبے کے حوالے کیے؟

ج :۔ ۶۶

س :۔ کتنے کمرشل بینک نجی تحویل میں دیئے گئے؟

ج :۔ ۲

س :۔ قومی پیداوار میں مجموعی طور پر صنعتی شعبہ میں کتنی کمی واقع ہوئی؟

ج :۔ ۴.۷ فی صد سے گر کر ۱۹۹۷ء میں ۹.۱۶ رہ گئی۔

س :۔ صنعتی ترقیاتی کارپوریشن نے کونسی صنعتوں کے کارخانے قائم کر کے نجی شعبہ کے حوالے کیئے؟

ج :۔ پٹ سن۔ کاغذ انجینئرنگ۔ جہاز سازی۔ کیمیائی اشیاء کھاد۔ چینی۔ سیمنٹ۔ کپڑا۔ قدرتی گیس۔ دوائیں۔ پینٹ اور الیکٹرک سامان

س :۔ صنعتی مالی کارپوریشن کب قائم ہوئی؟

ج :۔ ۱۹۴۹ء

س :۔ صنعتی مالی کارپوریشن نے ۱۹۶۰ء تک کتنے قرضے دیئے ؟

ج :۔ ۱۲ کروڑ

س :۔ صنعتی مالی کارپوریشن کو پاکستان صنعتی بینک کا نام کب دیا گیا ؟

ج :۔ ۱۹۶۱ء

س :۔ گھریلو صنعتوں کے فروغ کے لئے چھوٹی صنعتوں کی کارپوریشن کب قائم کی گئی ؟

ج :۔ ۱۹۵۵ء

س :۔ سائنٹفک انڈسٹریل ریسرچ کا محکمہ کب قائم کیا گیا ؟

ج :۔ ۱۹۴۹ء

س :۔ پاکستان کونسل آف سائنٹفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ کب قائم کی گئی ؟

ج :۔ ۱۹۵۳ء

س :۔ پاکستان کونسل آف سائنٹفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ کے لئے کس جگہ لیبارٹریاں بنائی گئیں ؟

ج :۔ لاہور۔ کراچی اور پشاور

س :۔ معاشی تعاون و ہم آہنگی کے لئے صنعتی مشاورتی بورڈ کب قائم کیا گیا ؟

ج :۔ ۱۹۴۸ء

چھوٹی صنعتوں کے مراکز

س :۔ صوبہ سندھ میں سوتی پارچہ کے صنعتی مرکز کہاں ہیں ؟

ج :۔ ہالا۔ جیکب آباد۔ حیدر آباد۔ خیر پور۔ گمبٹ۔ سکھر۔ لاڑکانہ

س :۔ صوبہ پنجاب میں سوتی پارچہ بانی کے صنعتی مرکز کہاں ہیں ؟

ج :۔ فیصل آباد۔ ملتان۔ گوجرانوالہ۔ سرگودھا۔ سیالکوٹ

س :۔ صوبہ سندھ میں قالین بانی کے صنعتی مرکز کہاں ہیں ؟

ج :۔ میرپور خاص۔ لاڑکانہ۔ جیکب آباد۔ سکھر۔ خیرپور۔ کراچی

س :۔ صوبہ پنجاب میں قالین بانی کے صنعتی مراکز کہاں ہیں ؟

ج :۔ سانگلہ ہل۔ لاہور۔ فیصل آباد۔ شیخوپورہ

س :۔ بلوچستان میں قالین بانی کے صنعتی مرکز کہاں ہیں ؟

ج :۔ سبی خضدار

س :۔ پنجاب میں چرم سازی کے صنعتی مرکز کہاں ہیں ؟

ج :۔ لاہور۔ ملتان۔ سیالکوٹ۔ راولپنڈی

س :۔ پنجاب میں کھیلوں کے سامان کے صنعتی مرکز کہاں ہیں ؟

ج :۔ لاہور۔ سیالکوٹ

س :۔ مٹی کے برتن کہاں بنتے ہیں ؟

ج :۔ لالہ موسی۔ بہاولپور۔ ملتان

س :۔ پنجاب میں کٹلری اور جراحی کے صنعتی مرکز کہاں ہیں ؟

ج :۔ احمد پور شرقیہ۔ گجرات۔ چکوال۔ سیالکوٹ۔ وزیر آباد۔ گوجرانوالہ۔

س :۔ پنجاب میں لکڑی کی مصنوعات کہاں تیار ہوتی ہیں ؟

ج :۔ چنیوٹ۔ ملتان۔ بہاولپور۔ لاہور

س :۔ صوبہ سرحد میں لکڑی کی مصنوعات کہاں تیار ہوتی ہیں ؟

ج :۔ پشاور۔ ہزارہ۔ کوہاٹ۔ سوات۔ حویلیاں

س :۔ صوبہ سندھ میں اونی مصنوعات کہاں تیار ہوتی ہیں ؟

ج :۔ کراچی۔ سکھر۔ خیر پور

س :۔ صوبہ بلوچستان میں اونی مصنوعات کہاں تیار ہوتی ہیں ؟

ج :۔ خضدار۔ کوئٹہ

س :۔ صوبہ سرحد میں اونی مصنوعات کہاں تیار ہوتی ہیں ؟

ج :۔ بنوں۔ کوہاٹ۔ مانسہرہ۔ پشاور۔ ایبٹ آباد

بڑی صنعتیں

س :۔ صوبہ سندھ میں سوتی کپڑے کے کارخانے کہاں ہیں ؟

ج :۔ کراچی۔ حیدر آباد۔ خیر پور۔ گمبٹ۔ ٹنڈو محمد خان۔ ٹنڈو جام۔ لاڑکانہ۔

س :۔ صوبہ پنجاب میں سوتی کپڑے کے کارخانے کہاں ہیں ؟

ج :۔ فیصل آباد۔ ملتان۔ لاہور۔ شیخوپورہ۔ راولپنڈی۔ جہلم۔ اوکاڑہ۔ بھکر۔ لیاقت آباد۔ مظفر گڑھ۔ رحیم یار خان۔ ڈیرہ غازی خان۔ سرگودھا۔ بوریوالہ

س :۔ صوبہ سرحد میں سوتی کپڑے کے کارخانے کہاں ہیں ؟

ج :۔ پشاور۔ ہری پور ہزارہ۔ سوات۔ کوہاٹ۔ بنوں۔ ڈیرہ اسماعیل خان

س :۔ صوبہ بلوچستان میں سوتی کپڑے کے کارخانے کہاں ہیں ؟

ج :۔ کوئٹہ۔ اوتھل۔ لسبیلہ۔ بولان

س :۔ قیام پاکستان کے بعد ولیکا وولن ملز کے نام سے کراچی میں اونی کپڑے کا کارخانہ کب قائم ہوا ؟

ج :۔ ۱۹۴۹ء

س :۔ پاکستان میں اونی کپڑے کی صنعت کے بڑے بڑے مرکز کہاں ہیں ؟

ج :۔ کراچی۔ لارنس پور (کیمبل پور) راولپنڈی۔ ہرنائی۔ لاہور۔ گوجرانوالہ۔ ملتان۔

س :۔ راوی ریان کے نام سے ریشمی کپڑا تیار کرنے کا پہلا کارخانہ کہاں قائم ہوا ؟

ج :۔ کالا شاہ کاکو

س :۔ دستی کھڈیوں کی تعداد کتنی ہے ؟

ج :۔ ۵۸۹۴۹

س :۔ ریشمی صنعت کے اہم مراکز کہاں ہیں ؟

ج :۔ کراچی۔ فیصل آباد۔ لاہور۔ ملتان۔ راولپنڈی۔ گجرات۔ گوجرانوالہ۔ ساہیوال پشاور۔ سوات۔ حیدر آباد۔ خیر پور۔ لاڑکانہ۔ سکھر۔ روہڑی

س :۔ پٹ سن کی مصنوعات کی تیاری کے اہم مرکز کہاں ہیں ؟

ج :۔ جڑانوالہ۔ مظفر گڑھ۔ کوٹری۔ حیدر آباد۔ روہڑی

س :۔ سیمنٹ سازی کے اہم مراکز کہاں ہیں ؟

ج :۔ کیمبل پور۔ غریب وال۔ (جہلم) اسماعیل آباد (جہلم) داؤد خیل۔ ڈنڈوت۔ کراچی۔ روہڑی۔ سکھر۔ حیدر آباد۔ ہزارہ۔ راولپنڈی۔ قلات۔ کوہاٹ۔ ٹھٹھہ۔ ڈیرہ غازی خان

س :۔ پاکستانی برآمدات کا ۶۰ فی صد کس شعبہ سے وابستہ ہے ؟

ج :۔ ٹکسٹائل

س :۔ بناسپتی گھی تیار کرنے کے اہم مراکز کہاں ہیں ؟

ج :۔ لاہور۔ ملتان۔ فیصل آباد۔ کراچی۔ صادق آباد۔ رحیم یار خان۔ درگئی۔ ہری پور۔ حیدر آباد

س :۔ کاغذ بنانے کے کارخانے کہاں ہیں ؟

ج :۔ نوشہرہ راہوالی (گوجرانوالہ)۔ لاہور۔ چارسدہ۔ کراچی

س :۔ سگریٹ بنانے کے کارخانے کہاں ہیں ؟

ج :۔ جہلم۔ لاہور۔ ملتان۔ کراچی۔ سکھر۔ نوشہرہ

س :۔ لوہے اور فولاد کی صنعت کے کارخانے کہاں ہیں ؟

ج :۔ لاہور۔ کراچی۔ نوکنڈی۔ گوجرانوالہ۔ گجرات۔ وزیر آباد۔ سیالکوٹ

موٹر سازی

س :۔ پاکستان میں موٹر سازی کی صنعت کا آغاز کب ہوا؟

ج :۔ قیام پاکستان کے فوراً بعد پاکستان آرمی کے زیر انتظام چک لالہ میں ری بلڈ فیکٹری قائم کی گئی

س :۔ نیشنل موٹر نے بریڈ فورڈ ٹرک کی اسمبلنگ کب شروع کی ؟

ج :۔ ۱۹۶۰ء

س :۔ ملت ٹریکٹر کی تیاری کب شروع ہوئی ؟

ج :۔ ۱۹۷۸ء

س :۔ غازی ٹریکٹر کب بننا شروع ہوا؟

ج :۔ ۱۹۸۲ء

س :۔ جاپان کی کس کمپنی نے موٹر سائیکل کی تیاری شروع کی ؟

ج :۔ ہنڈا

س :۔ ہنڈا اٹلس مقامی طور پر کتنے پرزہ جات تیار کرتی ہے ؟

ج :۔ ۶۲ فی صد

س :۔ ملت ٹریکٹر مقامی طور پر کتنے پرزہ جات تیار کرتی ہے ؟

ج :۔ ۷۰ فی صد

س :۔ پاکستان ایسوسی ایشن آف آٹو موٹیو پارٹس اینڈ ایسیسریز مینو فیکچرنگ انڈسٹریز (PAAPAM) کب قائم ہوئی ؟

ج :۔ ۱۹۸۹ء

س :۔ سپئیر پارٹس بنانے کے تقریباً کتنے یونٹ کام کر رہے ہیں؟

ج :۔ ۵۰ے

س :۔ مقامی تیار کردہ کاروں کی سالانہ کھپت کتنی ہے؟

ج :۔ ۵۰ ہزار یونٹ

س :۔ مقامی تیار کردہ ٹرک اور بس کی سالانہ کھپت کتنی ہے؟

ج :۔ ۲۵۰۰ یونٹ

س :۔ ہلکی گاڑیوں کی سالانہ کھپت کتنی ہے؟

ج :۔ ۱۰ ہزار یونٹ

س :۔ موٹر سائیکل کی سالانہ کھپت کتنی ہے؟

ج :۔ ایک لاکھ یونٹ

زراعت

س :۔ پاکستان کی کتنی آبادی دیہاتوں میں رہائش پذیر ہے؟

ج :۔ ۷۶.۵ فی صد

س :۔ پاکستان کے کتنے لوگ کاشتکاری یا اس سے متعلقہ پیشوں سے وابستہ ہیں؟

ج :۔ ۸۰ فی صد

س :۔ زر مبادلہ کا کتنا حصہ زرعی پیداوار کی بر آمدات سے حاصل ہوتا ہے؟

ج :۔ ۷۵ فی صد

س :۔ قومی آمدنی میں زراعت کا کتنا حصہ ہے؟

ج :۔ ۲۵ فی صد

س :۔ کتنے روزگار زراعت سے وابستہ ہیں؟

ج :۔ ۵۰ فی صد

س :۔ ملک کا کتنا رقبہ زیر کاشت ہے؟

ج :۔ ۳۸.۶۳ ملین ایکڑ (کل زرعی رقبہ کا ۸۱ فی صد)

س :۔ زرعی فارم کی اوسط سطح کتنی ہے؟

ج :۔ ۱۹.۴ ایکڑ

س :۔ غذائی اجناس کتنے فی صد رقبہ پر کاشت ہوتی ہیں؟

ج :۔ ۵۴ فی صد

س :۔ نقد آور جنس کتنے فی صد رقبہ پر کاشت ہوتی ہے؟

ج :۔ ۱۷ فی صد

س : خوردنی تیل کی اجناس کتنے فی صد رقبہ پر کاشت ہوتی ہیں؟

ج :۔ ۲ فی صد

س :۔ سبزیاں کتنے فی صد رقبہ پر کاشت ہوتی ہیں؟

ج :۔ ۲ فی صد

س :۔ پھل کتنے فی صد رقبہ پر کاشت ہوتے ہیں؟

ج :۔ ۳ فی صد

س :۔ چارہ جات اور دیگر فصلیں کتنے فی صد رقبہ پر کاشت ہوتے ہیں؟

ج :۔ ۱۵ فی صد

س :۔ دالیں کتنے فی صد رقبہ پر کاشت ہوتی ہیں؟

ج :۔ ۷ فی صد

س :۔ پاکستان میں پھلوں کا سب سے بڑا باغ کہاں ہے؟

ج :۔ رینالہ خورد (ساہیوال)

س :۔ کون سا علاقہ کاٹن کوئن کہلاتا ہے؟

ج :۔ پتوکی

س :۔ پاکستان کی زر مبادلہ کمانے والی فصلیں کون سی ہیں؟

ج :۔ چاول ۔ کپاس

س :۔ پاکستان میں اجتماعی کھیتی باڑی کا نظام کب رائج ہوا؟

ج :۔ ۲۵ مئی ۱۹۷۶ء

س :۔ زعفران پاکستان کے کس علاقہ میں سب سے پہلے بویا گیا؟

ج :۔ کوئٹہ

س :۔ کسانوں سے براہ راست زرعی پیداوار کون سا ادارہ خرید تا ہے؟

ج :۔ پاسکو

س :۔ پنجاب میں تمباکو کی کاشت کے لئے کون سے علاقے مشہور ہیں ؟

ج :۔ کیمبل پور۔ ساہیوال

س :۔ پاکستان کا کون سا علاقہ اناج کا گھر کہلاتا ہے ؟

ج :۔ فیصل آباد

